10935

۱۸

مناجاتِ مقبول

1733

Marfat.com

Marfat.com

1733

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ

فلاجل العمل بهذا المقول الموثوق والمقبول جمعت
الادعية القرآنية والحديثية التي هي

قُرُبَاتٌ عِنْدَ اللّٰهِ
و
صَلَوٰتُ الرَّسُوْلِ

مع ضم بعض الادعية المنقولة عن الفحول ليتخذها الناس ارجى
معمول وهي اصل المناجاة المقبول طبع بعد النظر السابع من المؤلف قدس سرہ

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی ڈھاکہ

ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی لاہور

Marfat.com

59655

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اے ہمارے پروردگار ہم سے یہ خدمت قبول فرما بیشک تو سننے والا اور جاننے والا ہے

لاہور پاکستان

Marfat.com

1733

فہرست مضامین مجموعہ مناجاتِ مقبول

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
قرباتِ عند اللہ		**تتمہ قرباتِ عند اللہ**		ہر نماز کے بعد کی دعاء	۱۵۰
				دعا بعد نمازِ صبح و مغرب	۱۵۱
خطبہ قربات عند اللہ	۲	حمد و صلوٰۃ تتمہ	۱۴۱	دعا نمازِ چاشت	۱۵۱
المنزل الاول	۳	صبح و شام کی دعائیں	۱۴۲	دعا افطار	۱۵۱
المنزل الثانی	۱۳	ادائے قرض کی دعاء	۱۴۴	کسی کے یہاں روزہ افطار کرنے کی دعا	۱۵۲
المنزل الثالث	۲۴	دعا وقت طلوعِ آفتاب	۱۴۴	کھانا کھانے کی دعاء	۱۵۲
المنزل الرابع	۳۳	دعا وقت اذانِ مغرب	۱۴۴	دعا بعدِ طعام	۱۵۲
المنزل الخامس	۴۲	گھر میں آنے کی دعاء	۱۴۴	دعوت کھانے کی دعاء	۱۵۲
المنزل السادس	۵۱	سوتے وقت کی دعاء	۱۴۵	کپڑا پہننے کی دعاء	۱۵۲
المنزل السابع	۶۰	دعا وقتِ بدخوابی	۱۴۵	دعا استخارہ	۱۵۳
مناجاتِ مقبول		دعا فزع و بے خوابی و دعا وحشت	۱۴۶	دعا حفظِ قرآن	۱۵۴
		دعا سوتے سے اٹھنے کی	۱۴۶	دولہا دلہن کی دعاء	۱۵۶
دیباچہ مناجاتِ مقبول	۶۹	پیخانے میں جانے کی دعاء	۱۴۶	مبارکبادی	۱۵۶
خطبہ مناجاتِ مقبول	۷۰	پیخانے سے نکلنے کی دعاء	۱۴۶	دعا خلوتِ دلہن	۱۵۶
منزل اول	۷۱	وضو کے شروع کی دعاء	۱۴۶	دعا وقتِ جماع	۱۵۷
منزل دوئم	۸۲	وضو کے درمیان میں پڑھنے کی دعاء	۱۴۷	دعا وقتِ انزال	۱۵۷
منزل سوئم	۹۲	وضو کے بعد کی دعاء	۱۴۷	کسی کو رخصت کرنے کی دعاء	۱۵۷
منزل چہارم	۱۰۰	تہجد کے وقت کی دعاء	۱۴۷	دعا وقتِ سفر	۱۵۷
منزل پنجم	۱۱۱	گھر سے نکلنے کی دعاء	۱۴۹	سوار ہونے کی دعاء	۱۵۸
منزل ششم	۱۱۹	صبح کی نماز کیلئے جانے کی دعاء	۱۴۹	سوار ہونے کے بعد کی دعاء	۱۵۸
منزل ہفتم	۱۲۹	مسجد میں جانے کی دعاء	۱۵۰	دعا سفر شروع کرنے کے بعد کی	۱۵۸
دعا منجانبِ ناظم	۱۳۷	مسجد سے نکلنے کی دعاء	۱۵۰	دعا واپسی سفر	۱۵۸
خاتمہ و تاریخ تالیف	۱۳۹	اذان کے بعد کی دعاء	۱۵۰	دریا کے سفر کی دعاء	۱۵۹

Marfat.com

عنوان	صفحہ
شہر میں داخل ہونیکی دعاء	۱۵۹
منزل پر اُترنے کی دعاء	۱۵۹
نومسلم کو تعلیم کرنے کی دعاء	۱۵۹
سفر سے گھر آنے کی دعاء	۱۶۰
دعا وقتِ مصیبت	۱۶۰
صدمہ ہونیکے وقت کی دعاء	۱۶۰
دعا وقت خوفِ ظالم	۱۶۰
دعا دافع بھوت پریت	۱۶۰
دعا برائے آسانی	۱۶۱
دعاء حاجت	۱۶۱
دعاء توبہ و قحط	۱۶۱
بادل آتا دیکھنے کی دعاء	۱۶۲
دعا وقتِ بارش	۱۶۲
دعا زیادتی بارش،	۱۶۲
دعا بادل گرجنے کے وقت	۱۶۲
دعا آندھی و اندھیری	۱۶۳
جب مرغ کی اذان سنے	۱۶۳
جب گدھے کتے کی آواز سنے	۱۶۳
جب سورج یا چاند گہن ہو	۱۶۳
جب نیا چاند دیکھے	۱۶۳
جب چاند پر نظر پڑے	۱۶۳
جب شب قدر دیکھے	۱۶۴
جب آئینہ دیکھے	۱۶۴
جب کان بولے	۱۶۴
جب مسلمان کو ہنستا دیکھے	۱۶۴
جب کوئی احسان کرے	۱۶۴
جب قرض وصول پائے	۱۶۴
جب کوئی بات مطابق مرضی ہو	۱۶۵
جب کچھ خلافِ طبع ہو	۱۶۵
جب وسوسہ پیش آئے	۱۶۵
جب غصہ آئے	۱۶۵
دعا کفارۂ مجلس	۱۶۵
جب بازار جائے	۱۶۶
جب نیا پھل سامنے آئے	۱۶۶
جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھے	۱۶۶
جب کچھ جاتا رہے یا کوئی بھاگ جائے	۱۶۷
جب کوئی شگون دل میں کھٹکے	۱۶۷
دعا نظرِ بد	۱۶۷
عمل برائے آسیب زدہ	۱۶۸
عمل بچھو وغیرہ	۱۶۸
عمل جل جانے کو لہا اُترنے کا	۱۶۸
جب آگ لگے	۱۶۹
جب پیشاب رکے یا پتھری ہو	۱۶۹
پھوڑے پھنسی کی دعاء	۱۶۹
جب پیر سُن ہو جائے	۱۷۰
دُعا جملۂ امراض	۱۷۰
دُعا آشوبِ چشم	۱۷۰
دُعا بخار	۱۷۱
دعا وقت اعادتِ مریض	۱۷۱
دعا وقتِ موت	۱۷۱
جب کسی کی ماتم پُرسی کرے	۱۷۱
جب مُردے کو قبر میں اُتارے	۱۷۲
جب قبرستان جائے	۱۷۲
ہفت احزاب مثنوی	۱۷۳
منزلِ اوّل	۱۷۴
منزل دوئم	۱۷۶
منزل سوئم	۱۷۹
منزل چہارم	۱۸۱
منزل پنجم	۱۸۳
منزل ششم	۱۸۶
منزل ہفتم	۱۸۸
مناجات خاتم مثنوی	۱۸۹
حزب البحر	۱۹۱
شان ظہور حزب البحر	۱۹۲
بیانِ اجازت	۱۹۴
طریقِ زکوٰۃ حزب البحر	۱۹۵
شجرۂ امدادیہ منظومہ عربی	۲۰۷
درود شریف نعتیہ	۲۱۵
شجرۂ چشتیہ منظومہ از حاجی صاحبؒ	۲۱۷
شجرۂ مختصر منظومہ از حضرت گنگوہیؒ	۲۲۳
شجرۂ چشتیہ فارسی منظوم از حضرت مولانا قاسمؒ	۲۲۳
معمولاتِ مختصرہ	۲۲۷
بعض نصائح ضروری	۲۲۸

○

Marfat.com

1733

أُجيب دعوة الداع إذا دعان

فلاجل العمل بهذ المقول الموثوق والمقبول جمعت
الادعية القرآنية والحديثية التي هي

قربات عند الله
و
صلوات الرسول

مع ضم بعض الادعية المنقولة عن الفحول ليتخذها الناس ورد
معمول وهي اصل المناجاة المقبول طبع بعد النظر الساعي من المؤلف قدس سره

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی ڈھاکہ

Marfat.com

اِن دُعاؤں کے وِرد کا اَنسب طریقہ یہ ہے

کہ ہر منزل کے ساتھ اول خطبۂ ذیل پڑھیں اور شنبہ سے شروع
کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں اور مجھ عاجز
کو بھی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔ عنایت اللہ عفی عنہ

خُطبۃ

قُرُبَاتِ عِندَ اللّٰہِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى

حمد کرتے ہیں ہم تیری اے بہتر ان کے جن سے امید کی جائے اور سخی تر ان کے جن سے سوال کیا جائے، اس پر

مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ

کہ سکھائی تو نے ہمیں مناجاتِ مقبول کہ وہ موجبِ قربت ہے

اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ ۞ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا

اللہ تعالیٰ کے یہاں اور دُعائیں ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو رحمتِ کاملہ بھیج آپ پر

اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ

جب تک کہ چلے پچھوا اور پُروا اور نکلیں

الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا

شاخیں جڑوں سے بعد ازیں مانگتے ہیں ہم تجھ سے وہ جو

سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

آگے کہتے ہیں اور ہمارا کام سوال ہے اور تیرا کام قبول

قال اللّٰہ عزّ وجلّ

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

اور اللہ بزرگ و غالب نے فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دعا مانگا کرو میں قبول کیا کرونگا

وَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِنَّ الدُّعَآءَ مُخُّ الْعِبَادَةِ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا عبادت کا مغز ہے

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ یَوْمَ السَّبْتِ

منزل اول بروز شنبہ (ہفتہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً ١

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا ٢

اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے ۔ اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر

وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا ٣

اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں ۔ اے رب ہمارے

وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ

اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ

لوگوں پر اے رب ہمارے اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں

المنزل الاول

ف۱ سورہ بقرہ (پ۲ ع ۹) اسکی فضیلت خدا تعالیٰ نے خود بیان فرمائی ہے ۱۲

ف۲ سورہ بقرہ (پ۲ ع ۱۷) اس دعا کی بدولت قوم طالوت نے باوجود قلت کے فتح پائی ۱۲

Marfat.com

وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ

اور درگذر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر تو ہی

مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا

ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر اے رب ہمارے

لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

نہ پھیر ہمارے دل بعد ہدایت کرنے کے اور دے ہمیں اپنے

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَآ

پاس سے ایک رحمت کہ بیشک تو ہی ہے دینے والا اے رب ہمارے ہم

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

ایمان لائے ہیں پس بخش دے ہمارے گناہ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

اے رب ہمارے تو نے یہ عبث نہیں پیدا کیا تو پاک ہے پس بچا ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ

دوزخ کے عذاب سے اے رب ہمارے تو جسے دوزخ میں ڈالے تو ضرور

اَخْزَيْتَهٗ ط وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَا

اسے رسوا کر دیا اور سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں اے رب ہمارے

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا

ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ق صلے رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ

پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے اے رب ہمارے اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری

عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا

برائیوں کو اتار دے اور ہمارا نیکوں کے ساتھ خاتمہ کر اے رب ہمارے اور دے ہمیں

Marfat.com

مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

جو اپنے رسولوں کی معرفت تُو نے ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ رَبَّنَا ظَلَمْنَا

رسوا نہ کر تُو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا ف اے رب ہمارے ہم نے

اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تُو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ

میں سے ہو جائیں گے ف اے رب ہمارے ہم پر صبر ڈال دے اور

تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

مسلمان کر کے موت دے ف تو ہی ہے ہمارا مددگار پس بخش دے ہم کو

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا لَا

اور رحم کر ہم پر اور تُو سب سے اچھا بخشنے والا ہے ف اے رب ہمارے نہ

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا

کیجیو ہمیں ستم سہنے والا ظالم لوگوں کا ف اور چھڑا لے ہمیں

بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے ف اے پیدا کرنے والے آسمانوں

وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

اور زمینوں کے تُو ہی ہے رفیق میرا دُنیا اور آخرت میں

تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ رَبِّ

اُٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ ف اے رب میرے

اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَ

کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی اے رب ہمارے اور

ف آل عمران (پ ۴ ع ۱۱) اس کے پڑھنے والوں کی تعریف بھی حق تعالیٰ نے فرمائی ہے ۱۲ اور
6 اجابت کا وعدہ کیا ہے۔ ف اعراف (پ ۸ ع ۹) اس کی بدولت آدم علیہ السلام کو معافی
7 ملی ۱۲ ف اعراف (پ ۹ ع ۴) ساحران فرعون
8 کی دعا ہے ۱۲ ف اعراف (پ ۹ ع ۹)
9 ف یونس (پ ۱۱ ع ۱۴) اس کی بدولت ہمراہیان موسیٰ علیہ السلام جنہوں نے باری تعالیٰ کو دیکھنا
10 چاہا تھا مرنے کے بعد زندہ ہوئے ۱۲ ف یونس (پ ۱۱ ع ۱۴) اس کی بدولت بنی اسرائیل فرعون
11 کے پنجہ سے چھوٹے ۱۲ ف یوسف (پ ۱۳ ع ۵) یوسف علیہ السلام کی آخری دعا ہے آپنے تمام جاہ و حشمت پر خاتمہ بالخیر ہونے کو ترجیح دی

Marfat.com

تَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ

میری دعا قبول کر اے رب ہمارے بخشنا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

تمام مومنین کو جس دن حساب قائم ہو ف۱ اے رب رحم کر میرے والدین

كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ

جیسا انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا ف۲ اے رب میرے اندر لے جا مجھے لے جانا

صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ

صاف اور نکال مجھے نکالنا صاف اور تجویز کر میرے لئے

مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ○ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ

اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی ف۳ اے رب ہمارے دے ہمیں

لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ○

اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستی کا ف۴

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ○

اے رب میرے کھول دے سینہ میرا اور آسان کر مجھ پر میرا کام

وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○

اور کھول دے گنجلک میری زبان سے کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں ف۵

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ

اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں ف۶ مجھے لگ گئی ہے بیماری اور تو

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ

سب سے بڑا مہربان ہے ف۷ اے رب میرے نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو

خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا

سب سے اچھا وارث ہے ف۸ اے رب اتار مجھے مبارک جگہ میں

ف۱ ابراہیم (پ۱۳ ع ۱۸) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے۔ (12)
ف۲ بنی اسرائیل (پ۱۵ ع ۳) حق تعالیٰ نے اس دعا کا (13) حکم فرمایا ہے
ف۳ بنی اسرائیل (پ۱۵ ع ۹) حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (14) کو یہ دعا سکھائی۔
ف۴ کہف (پ۱۵ ع ۱۳) اصحابِ کہف کی دعا ہے ۱۲
ف۵ طٰہٰ (پ۱۶ ع ۱) (15) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے
ف۶ طٰہٰ (پ۱۶ ع ۱۵) حق تعالیٰ نے اس دعا کا حکم فرمایا (16) ہے ۱۲ (17)
ف۷ انبیاء (پ۱۷ ع ۶)
ف۸ انبیاء (18) (پ۱۷ ع ۶) حضرت زکریا علیہ السلام (19) نے اس دعا کی بدولت سو برس کی عمر میں فرزند پایا ۱۲

Marfat.com

وَاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے ف۱ اے رب میں پناہ چاہتا ہوں تیری

هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ
شیطانوں کی چھیڑ سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب اس سے کہ

يَّحْضُرُوْنِ ○ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَ
وہ میرے پاس آئیں ف۲ اے رب ہم ایمان لائے تو بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر اور

اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ
تو سب مہربانوں سے بہتر ہے ف۳ اے رب ہمارے ٹال دے ہم سے دوزخ

جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○ رَبَّنَا هَبْ
کا عذاب کہ اس کا عذاب گلوگیر ہے اے رب ہمارے دے

لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ
ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور

اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ
کر دے ہمیں پرہیزگاروں کا مقتدا ف۴ اے رب مجھے نصیب کر

اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى
کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے

وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ
ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور داخل کر دے

بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْ
مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں ف۵ اے رب میں اس بھلائی کا

لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○ رَبِّ انْصُرْنِيْ
جو تو میری طرف اتارے محتاج ہوں ف۶ اے رب غالب کر مجھے

ف۱ مومنون (پ۱۸ ع۴) حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی
(۳۰) میں سوار ہو کر یہ دعا مانگی ۱۲
ف۲ مومنون (پ۱۸ ع۶) یہ دعا بھی خدا تعالیٰ نے خود سکھائی
(۳۱) ف۳ مومنون (پ۱۸ ع۶) اس کے پڑھنے والوں کی
(۳۲) فضیلت بیان فرمائی ۱۲
ف۴ فرقان (پ۱۹ ع۴) حق
(۳۳) تعالیٰ نے ان دونوں دعاؤں کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا
ف۵ نمل (پ۱۹ ع۱۷) حضرت
(۳۴) سلیمان علیہ السلام کی دعا ہے اغنیا کے لئے مناسب ہے ۱۲
ف۶ قصص (پ۲۰ ع۶) حضرت موسیٰ علیہ السلام بحالت بے سروسامانی
(۳۵) اس کو پڑھ کر حضرت شعیب علیہ السلام
(۳۶) کے مہمان اور داماد ہوئے ۱۲

Marfat.com

٢٧ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ
مُفسد لوگوں پر ف اے رب ہمارے محیط ہوا ہے ہر چیز کو

رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا
تیرا رحم اور علم تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر

سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ
چلے اور بچا انہیں دوزخ کے عذاب سے ف٢ اے رب ہمارے اور داخل کر انہیں

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ
ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی نیک ہو اُن کے

اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
آباؤ اجداد اور اُن کی بیبیوں اور اُن کی اولاد میں سے کیونکہ تو ہی ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ○ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ
حکمت والا اور بچا اُن کو خرابیوں سے اور جس کو تو خرابیوں سے اس دن

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○
بچا لے تو اُس پر تو نے رحم کیا اور یہی تو ہے بڑی کامیابی ت

٢٨ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ
اور صلاحیت دے میری اولاد میں میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں

٢٩ ٣٠ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○ رَبَّنَا
فرمانبرداروں میں سے ہوں ف٤ میں ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلہ لے لے ف٥ اے ہمارے رب

اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ
بخش دے ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ
اور نہ کر ہمارے دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے

ف١ عنکبوت (پ٢٠ ع١٥) یہ حضرت لُوط علیہ السلام کی دُعا ہے ١٢ ف٢ مؤمن (پ٢٤ ع٦) یہ دُعائیں فرشتے مسلمانوں کے لئے مانگتے ہیں الی قولہ فوز العظیم ١٢ ف٣ مومن (پ٢٤ ع٦) ف٤ احقاف (پ٢٦ ع٢) یہ دُعا حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہے بطور مدح کے حق تعالےٰ نے نقل فرمائی ہے ١٢ ف٥ قمر (پ٢٧ ع٨) یہ حضرت نوح کی دعا ہے ١٢

اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ ٣١

تو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱ اے ربّ ہمارے تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف

اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے اے ربّ ہمارے نہ کر ہمیں ستمکش ستم کش

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ اغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

کافر لوگوں کا اور بخشدے ہمیں اے رب ہمارے توہی ہے زبردست حکمت

الْحَكِيْمُ ○ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَ اغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ ٣٢

والا ف۲ اے ربّ ہمارے کامل کردے ہمارے لئے ہمارا نور اور بخشدے ہمیں کیونکہ تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ ٣٣

ہر چیز پر قادر ہے ف۳ اے ربّ بخشدے مجھے اور میرے ماں باپ کو

وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

اور جوکوئی میرے گھر میں ایماندار ہو کر آئے اور تمام ایماندار مردوں

وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ ٣٤

اور عورتوں کو ف۴ یا اللہ دھودے گناہ میرے برف

الثَّلْجِ وَ الْبَرَدِ وَ نَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا

اور اولے کے پانی سے اور پاک کردے میرے دل کو گناہوں سے جیسا کہ

يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَ بَاعِدْ بَيْنِيْ

سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے اور مجھ میں

وَ بَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

اور میرے گناہوں میں ایسا فصل کردے جیسا مشرق اور مغرب میں

وَ الْمَغْرِبِ ٭ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَ زَكِّهَا ٣٥

تو نے فصل کیا ہے ف۵ اے اللہ دے میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری اور پاک کردے اسے

ف۱ حشر (پ ۲۸ ع ۴) یہ دعا متاخرین اس امت کو حق تعالے نے سکھائی ۱۲ ف۲ ممتحنہ (پ ۲۸ ع ۷) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی امت کی دعائیں ہیں ۱۲ ف۳ تحریم (پ ۲۸ ع ۲۰) اس کے پڑھنے والوں کو قیامت کے میدان میں نور عنایت ہوگا ف۴ نوح (پ ۲۹ ع ۱۰) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے ۱۲ ف۵ رواہ الجماعۃ عن عائشۃ مرفوعاً (حصن حصین)

Marfat.com

اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰهَا اَنْتَ وَلِیُّهَا وَمَوْلَاهَا ٭ اِنَّا
تو ہی سب سے بہتر اُس کو پاک کرنے والا ہے، تو ہی مالک اُس کا اور آقا اُس کا ہے ف۱ ہم

نَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ
مانگتے ہیں تجھ سے وہ سب بھلائیاں جو مانگی ہیں تجھ سے تیرے نبی محمد

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ٭ اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَآئِمَ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ف۲ ہم مانگتے ہیں تجھ سے تیری

مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِیَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ
مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام اور بچا رہنا

مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ
ہر گناہ سے اور لوٹ ہر نیکی کی

وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ٭ اَسْأَلُكَ
اور کامیابی بہشت کی اور نجات دوزخ سے ف۳ میں مانگتا ہوں

عِلْمًا نَّافِعًا ٭ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَخَطَئِیْ
تجھ سے علم کار آمد ف۴ یا اللہ بخشدے میرے گناہ نادانستہ

وَعَمْدِیْ ٭ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ وَجَهْلِیْ
و دانستہ ف۵ یا اللہ بخشدے میری خطا و نادانی

وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ
اور میری زیادتی اپنے بارے میں اور وہ کہ تو زیادہ جانتا ہے اُسے مجھ سے ف۶

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ ٭ اَللّٰهُمَّ
یا اللہ بخشدے جو گناہ مجھ کو مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا ف۷ اے اللہ

مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ
پھیرنے والے دلوں کے پھیر دل ہمارے اپنی طاعت کی طرف ف۸

(۳۶) ف۱ بخاری مسلم و ترمذی و نسائی و ابن ابی شیبۃ عن زید ابن ارقم (حصن و حصین)
(۳۷) ف۲ ترمذی عن ابی امامۃ (حصن و حصین) اس سے بڑھکر جامع دُعا نہیں ہو سکتی ۱۲ ف۳ حاکم عن ابن مسعود (حصن و حصین) ف۴ ابن حبان عن جابر۔
(۳۸) (حصن و حصین) ف۵ طبرانی عن ابن عباسؓ
(۳۹) (حصن و حصین) ف۶ بخاری و مسلم و ابن ابی شیبۃ عن ابی
(۴۰) موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ (حصن و حصین) ف۷ بخاری و مسلم و ابن ابی شیبۃ عن عائشہ رضی اللہ عنہا و ابی موسیٰ
(۴۱) (۴۲) (حصن و حصین) ف۸ مسلم و نسائی عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص (حصن و حصین)

Marfat.com

۴۳ ۴۴ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ ٭ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

یا اللہ مجھ کو ہدایت کر اور مجھ کو استوار رکھ ف یا اللہ میں

اَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَ التُّقٰى وَ الْعَفَافَ وَ الْغِنٰى ٭

مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی ف

۴۵ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ

یا اللہ درست رکھ میرا دین جو میرے حق میں

اَمْرِیْ وَ اَصْلِحْ لِیْ دُنْيَایَ الَّتِیْ فِيْهَا مَعَاشِیْ

بچاؤ ہے اور درست رکھ میری دنیا جس میں میری معاش ہے

وَ اَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِيْهَا مَعَادِیْ

اور درست رکھ میری آخرت جہاں مجھے لوٹنا ہے

وَ اجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّیْ فِیْ كُلِّ خَيْرٍ

اور کر زندگی کو میرے لئے ترقی ہر بھلائی میں

۴۶ وَّ اجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ ٭ اَللّٰهُمَّ

اور کر موت کو میرے لئے چین ہر برائی سے ف یا اللہ

اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ٭

بخشدے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے ف

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ

یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی سے اور سستی سے

وَ الْجُبْنِ وَ الْهَرَمِ وَ الْمَغْرَمِ وَ الْمَاْثَمِ وَ مِنْ

اور بزدلی سے اور بہت بڑھاپے سے اور قرض سے اور گناہ سے اور دوزخ

عَذَابِ النَّارِ وَ فِتْنَةِ النَّارِ وَ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ

کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے اور

ف۱ مسلم (حصن)
ف۲ مسلم و ترمذی و ابن ماجہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ (حصن و حرز) ۱۲
ف۳ مسلم عن ابی ہریرہ رض (حصین و حرز) ۱۲
ف۴ مسلم عن ابی مالک رض (حصین و حرز) ۱۲
ف۵ لم یراع الترتیب فی ترجمۃ التعوذات ولا التساوی فی العدد بل اتی بالفاظ جامعۃ رو ماللاختصار فلذا لم یمکن اعلامہا بالاعداد المطابقۃ ۱۲ منہ

عَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ

قبر کے عذاب سے اور مالداری کے بُرے فتنہ سے اور محتاجی کے بُرے

الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

فتنہ سے اور مسیح دجال کے بُرے فتنہ سے

وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَ

اور زندگی و موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور

الْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَ

غفلت سے اور تنگدستی سے اور ذلت سے اور خواری سے اور

الْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ

کفر سے اور فسق سے اور ضدا ضدی سے اور سنانے سے اور دکھانے سے

وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ

اور بہرے ہونے سے اور گونگے ہونے سے اور جنون سے اور جذام سے

وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ

اور بُری بیماریوں سے اور بار قرضہ سے اور فکر سے

وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ

اور غم سے اور بخل سے اور لوگوں کے دبا لینے سے اور اُس سے

اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ

کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں اور دُنیا کے فتنہ سے اور اُس

عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا

علم سے جو نفع نہ دے اور اُس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور اُس نفس سے جو

تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا

سیر نہ ہو۔ اور اُس دُعا سے جو مقبول نہ ہو

Marfat.com

المنزل الثانی

المنزل الثانی یوم الاحد

دوسری منزل بروز یک شنبہ (اتوار)

٣٧ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ

اے ربّ مدد کر میری اور میرے مقابلہ میں کسی کی مدد مت کر اور فتح دے مجھے اور میرے اُوپر

عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ

کسی کو فتح نہ دے اور تدبیر کر میرے لئے اور میرے اُوپر کسی کی تدبیر نہ چلا۔ اور ہدایت کر مجھے اور آسان کر

الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ رَبِّ

ہدایت کو میرے لئے اور مجھ کو مدد دے اُس پر جو مجھ پر زیادتی کرے اے ربّ

اجْعَلْنِیْ لَکَ ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ رَهَّابًا لَّکَ

کر دے مجھے ایسا کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں تیرا بہت شکر کیا کروں تجھ سے بہت ڈرا کروں

مِطْوَاعًا لَّکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ اَوَّاهًا

تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں تیرا بہت مطیع رہوں تجھ ہی سے سکون پانے والا تیری ہی طرف متوجہ ہونیوالا

مُّنِیْبًا ۔ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ

رجوع رہنے والا اے ربّ قبول کر میری توبہ اور دھو دے میرے گناہ

وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ

اور قبول کر میری دُعا اور قائم رکھ میری حجت اور راست رکھ میری زبان

٣٨ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ

اور ہدایت دے میرے دل کو اور نکال دے میرے سینہ کی کدورت ؁ یا اللہ

اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ

بخشدے ہمیں اور رحم کر ہم پر اور راضی ہو جا ہم سے اور داخل کر ہمیں بہشت میں

٣٩ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا کُلَّهٗ ۔ اَللّٰهُمَّ

اور بچا ہمیں دوزخ سے اور درست کر دے ہمارے حال سب ؁ یا اللہ

یعنی اور کسی سے نقصان نہ پہنچے میرے کو ۱۲

؁ رواہ الاربعة و ابن حبان والحاکم و ابن ابی شیبة عن ابن عباس رضی اللہ عنہ (حصن حصین) ؁ ابن ماجہ وابوداؤد عن ابی امامة ۱۲

Marfat.com

اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاهْدِنَا
الفت دے ہمارے دلوں میں اور اصلاح کر دے ہمارے باہمی تعلقات کی اور دکھا ہمیں سلامتی
سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ
کے راستے اور نکال لے ہمیں اندھیریوں سے نور کی طرف
وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
اور علیحدہ رکھ ہمیں بےحیائیوں سے جو ظاہری ہوں اور جو باطنی
وَبَارِكْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا
اور برکت دے ہمیں ہماری شنوائیوں میں اور ہماری بینائیوں میں اور ہمارے دلوں میں
وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ
اور بیبیوں میں اور ہماری اولاد میں اور توبہ قبول کر ہماری کیونکہ تو ہی ہے
التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِیْنَ لِنِعْمَتِكَ
توبہ قبول کرنے والا مہربان اور کر دے ہمیں اپنی نعمت کا شکر گذار اور ثنا خواں
مُثْنِیْنَ بِهَا قَابِلِیْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَیْنَا ؕ اَللّٰهُمَّ
نعمت کے قابل اور پورا کر دے ہم پر اُسے ف یا اللہ
اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْاَلُكَ عَزِیْمَةَ
میں مانگتا ہوں تجھ سے ثابت قدمی امر دین میں اور مانگتا ہوں میں تجھ سے اعلیٰ درجہ
الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ
کی صلاحیت اور مانگتا ہوں تجھ سے تیری نعمت کا شکر اور تیری عبادت کی خوبی
وَاَسْاَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِیْمًا وَّخُلُقًا
اور مانگتا ہوں میں تجھ سے زبان سچی اور قلب سلیم اور اخلاق
مُّسْتَقِیْمًا وَّاَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ
حسین اور مانگتا ہوں میں تجھ سے وہ بھلائی جس کو تو جانتا ہے اور معافی چاہتا ہوں

ف ابو داؤد و ابن حبان والحاکم و الطبرانی عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ (حصن و حرز) ٥٠

Marfat.com

مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ؕ اَللّٰهُمَّ (٥١)

اُس گناہ سے جس کو تو جانتا ہے تو ہی چھپی ہوئی چیزوں کا جاننے والا ہے ف یا اللہ

اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ

بخشدے جو کچھ پہلے کیا میں نے اور جو کچھ بعد میں کیا اور جو کچھ پوشیدہ کیا

وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ؕ اَللّٰهُمَّ (٥٢)

اور جو کچھ علانیہ کیا اور جو کچھ کہ تو اسے زیادہ جانتا ہے مجھ سے ف یا اللہ

اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا

حصہ دے ہمیں اپنے خوف سے اتنا کہ حائل ہو جائے ہم میں اور تیرے

وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ

گناہوں میں اور اپنی عبادت سے اتنا کہ پہنچا دے تو ہمیں بذریعہ اُس کے

جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا

اپنی جنت میں اور یقین سے اتنا کہ سہل کر دے اُس سے ہم پر

مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا

دنیا کی مصیبتیں اور کار آمد رکھ ہماری شنوائیاں اور ہماری بینائیاں

وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا

اور ہماری قوت جب تک ہمیں زندہ رکھے اور کرنا اُس کی خیر کو باقی بعد ہمارے اور

وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا

ہمارا انتقام لے اُس سے جو ہم پر ظلم کرے اور مدد دے ہمیں

عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا

اُس پر جو ہم سے دشمنی کرے اور مت کر مصیبت ہماری ہمارے دین میں

وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَآ اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا

اور مت کر دنیا کو مقصود اعظم ہمارا اور نہ انتہا ہمارے معلومات کی

ف ترمذی و حاکم
ابن حبان ابی شیبۃ
عن شداد بن اوس
رضی اللہ عنہ (حصہ و حرز)
ف حاکم و احمد عن
ابی ہریرہ رضی اللہ
عنہ (حصہ و حرز)

Marfat.com

وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا

اور نہ انتہا ہماری رغبت کی اور نہ مُسلّط کر ہم پر اُس کو جو

يَرْحَمُنَا ❁ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا ٥٣

ہم پر رحم نہ کرے ف یا اللہ ہمیں زیادہ کر اور گھٹا مت اور آبرو دے ہمیں

وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا

اور خوار نہ کر اور عطیہ دے ہمیں اور محروم نہ کر اور ہمیں بڑھائے رکھ اور اوروں

تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ❁ اَللّٰهُمَّ ٥٤

کو ہم پر نہ بڑھا اور ہمیں خوش کر اور ہم سے راضی ہو جا ف٢ یا اللہ

اَلْهِمْنِىْ رُشْدِىْ ❁ اَللّٰهُمَّ قِنِىْ شَرَّ نَفْسِىْ ٥٥

دل میں ڈال دے میرے میری صلاحیت ف٣ یا اللہ محفوظ رکھ مجھے میرے نفس کی بُرائی سے

وَاعْزِمْ لِىْ عَلٰى رُشْدِ اَمْرِىْ ❁ اَسْاَلُ اللّٰهَ ٥٦

اور ہمت دے مجھے اپنے کام کی اصلاح پر ف٤ مانگتا ہوں مَیں خدا تعالیٰ سے

الْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ٥٧

امن دُنیا اور آخرت میں ف٥ یا اللہ مَیں

اَسْاَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ

مانگتا ہوں تجھ سے توفیق نیک کاموں کے کرنے کی اور بُرائیوں کے چھوڑنے کی اور محبت

الْمَسَاكِيْنَ وَاَنْ تَغْفِرَ لِىْ وَتَرْحَمَنِىْ وَاِذَا اَرَدْتَّ

غریبوں کی اور یہ کہ بخشدے تو مجھے اور رحم کرے تُو مجھ پر اور جب ارادہ کرے

بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِىْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَّاَسْاَلُكَ

تو کسی قوم پر بلا نازل کرنے کا تو اُٹھا لینا مجھے قبل اس کے کہ اُس بلا میں پڑوں اور مانگتا ہوں مَیں

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ

تجھ سے تیری محبت اور اُس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور اس عمل کی محبت جو قریب کر دے

ف ترمذی نسائی حاکم عن ابن عمر رضی اللہ عنہ (حصن وحرز)

ف٢ ترمذی نسائی حاکم عن عمر بن الخطاب رضؓ (حصن وحرز)

ف٣ ترمذی عن عمران بن حصین رضؓ (حصن وحرز)

ف٤ حاکم نسائی ابن حبان عن حصین بن عبید رضؓ (حصن وحرز)

ف٥ ترمذی عن العباس رضؓ (حصن وحرز)

Marfat.com

٥٨ اِلیٰ حُبِّکَ ٥٨ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ

تیری محبت سے ۵۸ یا اللہ کردے اپنی محبت زیادہ پیاری مجھے میری

٥٩ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ٥٩ اَللّٰھُمَّ

جان سے اور گھر والوں سے اور ٹھنڈے پانی سے ۵۹ یا اللہ

ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّہٗ عِنْدَکَ

نصیب کر مجھے اپنی محبت اور اس شخص کی محبت جس کی محبت تیرے نزدیک میرے کار آمد ہو

اَللّٰھُمَّ فَکَمَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ قُوَّۃً

یا اللہ جس طرح دیا ہے تُونے مجھے جو کچھ مجھے پسند ہے تو کردے اُسے معین میرا

لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ

اُس کام میں جو تجھے پسند ہے یا اللہ اور جو کچھ دُور کیا تو نے مجھ کر اُن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند

٦٠ فَاجْعَلْہُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ ٦٠ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ

ہیں تو کردے اُسے میرے حق میں فراغ اُن چیزوں کے لئے جو تجھے پسند ہیں ۶۰ اے پلٹنے والے دلوں کے

٦١ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ٦١ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُکَ

مضبوط رکھنا دل میرا اپنے دین پر ۶۱ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَۃَ

ایسا ایمان کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمت کہ ختم نہ ہو اور خدمت اپنے

نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْٓ اَعْلٰی

نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برترین مقام

٦٢ دَرَجَۃِ الْجَنَّۃِ جَنَّۃِ الْخُلْدِ ٦٢ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُکَ

جنت میں یعنی جنت الخلد میں ۶۲ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

صِحَّۃً فِیْٓ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّ

تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان حُسنِ خلق کے ساتھ اور

۵۸ ترمذی عن معاذ و حاکم عن ثوبان (حصن حصین) ۵۹ ترمذی و حاکم عن ابی الدرداءؓ (حصن حصین) ۶۰ ترمذی عن عبداللہ بن یزیدؓ (حصن حصین) ۶۱ ترمذی و نسائی و حاکم احمد ابویعلی عن ام سلمہ و عائشہؓ و جابر رضی اللہ عنہ (حصن حصین) ۶۲ نسائی ابن حبّان حاکم عن ابن مسعودؓ رضی اللہ عنہ (حصن حصین) ۱۲

Marfat.com

نَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّ رَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّ

کامیابی جس کے پیچھے فلاح بھی دے تو مجھے اور رحمت تیری طرف سے اور امن اور

٦٣ مَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ۞ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا

بخشش تیری طرف سے اور خوشنودی ۱ یا اللہ نفع دے مجھے اُس

٦٤ عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ

علم سے جو تُو نے مجھے دیا اور دے مجھے وہ علم کہ نفع دے مجھے ۲ یا اللہ بوسیلہ اپنے عالم الغیب

الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ

ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے زندہ رکھنا مجھے جب تک تیرے علم میں

الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا

زندگی بہتر ہو میرے لئے اور اٹھا لینا مجھے جب تیرے علم میں موت بہتر ہو میرے

لِّيْ وَاَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَ

لئے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرا ڈر غائب اور حاضر میں اور

كَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَ

کلمہ اخلاص کا عیش اور طیش میں اور

اَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ

مانگتا ہوں میں تجھ سے ایسی نعمت کہ ختم نہ ہو اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کہ جاتی نہ رہے

وَاَسْأَلُكَ الرِّضَآءَ بِالْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے رضامندی تیرے حکم پر اور خوش عیشی موت کے

الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى

بعد اور مزہ تیرے دیدار کا اور تڑپ تیرے

لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّ

وصال کی اور پناہ چاہتا ہوں میں بذریعہ تیری ذات کے مصیبت آزار دینے والی اور

۱ نسائی و حاکم عن انس رضی اللہ عنہ (حصو حر)

۲ ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبۃ عن ابی ہریرہ رضہ (حصو حر)

Marfat.com

فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ

بلا گمراہ کرنے والی سے یا اللہ آراستہ کردے ہمیں ایمان کی زینت سے

٦٥ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اور کردے ہمیں راہ نما راہ بیں ف یا اللہ میں

اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا

مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی سب اس وقت کی اور آئندہ کی اس میں سے

٦٦ عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

جس کا مجھ کو علم ہے اور جس کا نہیں ف۲ یا اللہ میں

اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ

مانگتا ہوں تجھ سے وہ سب بھلائی جس کو مانگا ہے تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی (صلعم) نے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت اور جو چیز اس کی طرف قریب کرنیوالی ہو

مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ

قول ہو یا عمل اور مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ کردے اپنے حکم کو

٦٧ قَضَاءٍ لِّيْ خَيْرًا ۝ وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ

میرے حق میں بہتر اور مانگتا ہوں میں تجھ سے جو کچھ جاری کرے تو میرے

٦٨ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۝ اَللّٰهُمَّ

حق میں کوئی بات کر کرے تو انجام اس کا بھلائی ف۳ یا اللہ

اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ

اچھا کر انجام ہمارا تمام کاموں میں اور پناہ میں رکھ ہمیں

٦٩ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ

رسوائی سے دنیا کی اور عذاب آخرت سے ف۴ یا اللہ اسلام کے ساتھ

ف۱ نسائی حاکم احمد طبرانی عن عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حص و حر) ف۲ ابن ماجہ و ابن حبان و حاکم عن عائشہ رضی اللہ عنہا (حص و حر) ف۳ حاکم عن عائشہ رض (حص و حر) ف۴ ابن حبان و حاکم عن بسر بن ارطاۃ ۱۲

صلاحیت

Marfat.com

بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا

نگاہ رکھ مجھے جب کھڑا ہوں اور نگاہ رکھ میری اسلام پر جب بیٹھا ہوں

وَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّ لَا تُشْمِتْ بِیْ

اور نگاہ رکھ میری اسلام کے ساتھ جب لیٹا ہوں اور نہ طعنہ کا موقع دے مجھ پر

عَدُوًّا وَّ لَا حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ

کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے سب بھلائیاں

خَیْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِیَدِكَ ٭ وَاَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ ٧٠

جس کے خزانے تیرے قبضہ قدرت میں ہیں ف۱ اور مانگتا ہوں میں تجھ سے وہ سب کی سب

هُوَ بِیَدِكَ كُلِّهٖ ٭ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا ٧١

بھلائی کہ وہ تیرے قبضہ میں ہے ف۲ یا اللہ مت چھوڑنا ہمارا کوئی گناہ مگر کہ

غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَهٗ

بخش دینا اُسے اور نہ کوئی فکر مگر کہ زائل کر دینا اسے اور نہ کچھ قرض مگر کہ ادا کر دینا اُسے

وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ اِلَّا

اور نہ کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں سے مگر کہ

قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ٭ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا ٧٢

پورا کر دینا اُسے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے ف۳ اے اللہ مدد کر ہماری اپنے

عَلٰی ذِكْرِكَ وَ شُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ٭ اَللّٰهُمَّ ٧٣

ذکر اور اپنے شکر اور اپنی عبادت کی خوبی پر ف۴ یا اللہ

قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ

قناعت دے مجھے اس پر جو نصیب کیا تو نے مجھے اور برکت دے میرے لئے اس میں اور نگران رہ

عَلٰی كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ٭ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ٧٤

میری ہر اس چیز پر جو میرے سامنے نہیں ہے خیریت کے ساتھ ف۵ یا اللہ میں

ف۱ حاکم عن عبداللہ بن مسعودؓ و ابن حبان عن عمر بن الخطابؓ (حصن و حرز)
ف۲ ابن حبان عن عمر بن الخطابؓ (حصن و حرز)
ف۳ طبرانی عن انسؓ (حصن و حرز)
ف۴ حاکم و احمد عن ابی ہریرہؓ (حصن و حرز)
ف۵ حاکم عن ابن عباسؓ (حصن و حرز)

Marfat.com

اَسْأَلُكَ عِيشَةً نَقِيَّةً وَّمِيتَةً سَوِيَّةً وَّ
مانگتا ہوں تجھ سے زندگی صاف اور موت ڈھنگ کی اور

(۵۵) مَرَدًّا غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۞ اَللّٰهُمَّ
انتقال جس میں رسوائی اور فضیحت نہ ہو ۞ یا اللہ

اِنِّيْ ضَعِيفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ ضُعْفِيْ وَخُذْ
میں کمزور ہوں پس قوت سے بدل دے اپنی مرضیات میں ضعف میرا اور کشاں

اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى
کشاں لے جا مجھے خیر کی طرف اور کردے اسلام کو انتہا

رِضَائِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيرٌ
میری پسند کا اور میں ذلیل ہوں پس عزت دے مجھے اور میں محتاج ہوں

(۵۶) فَارْزُقْنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ
پس رزق دے مجھے ۞ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے سب سے اچھا سوال

وَخَيْرَ الدُّعَاءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ وَخَيْرَ الْعَمَلِ
اور سب سے اچھی دعا اور سب سے اچھی کامیابی اور سب سے اچھا عمل

وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ
اور سب سے اچھا ثواب اور سب سے اچھی زندگی اور سب سے اچھی موت

وَثَبِّتْنِيْ وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ وَحَقِّقْ اِيمَانِيْ
اور ثابت قدم رکھ مجھے، اور بھاری کر میری نیکیوں کا پلہ اور سچا کردے میرے ایمان کو،

وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِيْ وَاَسْأَلُكَ
اور بلند کر میرا درجہ اور قبول کر میری نماز اور مانگتا ہوں تجھ سے

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
بلند درجے جنت کے آمین یا اللہ میں

ف حاکم عن ابن عمرؓ (حص وحر)

ف حاکم وابن ابی شیبۃ عن بریدۃ بن الخصیبؓ (حص وحر)

اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ

مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی کی ابتدائیں اور انتہائیں اور اس کی جامع چیزیں

وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ اَللّٰهُمَّ

اور اس کا اوّل اور اُس کا آخر اور اُس کا ظاہر اور اُس کا باطن یا اللہ

اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ خَيْرَ مَآ اٰتِیْ وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ

میں مانگتا ہوں تجھ سے اُن چیزوں کی بھلائی جو کروں دھروں میں اور

وَخَيْرَ مَآ اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا

اس کی بھلائی جو عمل میں لاؤں اور اُس کی بھلائی جو پوشیدہ ہے اور اُس کی بھلائی

ظَهَرَ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ ٧٧

جو ظاہر ہے ف۱ یا اللہ کرنا سب سے فراخ رزق میرا میرے بڑھاپے

كِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ ۞ وَاجْعَلْ خَيْرَ ٧٨

اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت ف۲ اور کرنا بہترین

عُمُرِیْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِیْ خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ

عمر میری آخر حصہ اُس کا اور بہترین عمل میرا پچھلے عمل اور سب سے بہتر

اَيَّامِیْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ ۞ يَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَ ٧٩

میرے دنوں کا وہ دن جس میں تجھ سے ملوں ف۳ اے مددگار اسلام کے اور اہل اسلام

اَهْلِهٖ ثَبِّتْنِیْ بِهٖ حَتّٰٓی اَلْقَاكَ ۞ اَسْأَلُكَ غِنَایَ ٨٠

کے ثابت قدم رکھ مجھے اسلام پر یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں ف۴ مانگتا ہوں میں تجھ سے اپنی

وَغِنَا مَوْلَایَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ سُوْٓءِ

سیر چشمی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی ف۵ یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں بُری عمر

الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

سے اور دل کے فتنہ سے اور پناہ مانگتا ہوں میں بوسیلہ تیری عزت کے نہیں ہے کوئی معبود

ف۱ حاکم وطبرانی عن ام سلمہ رض (حصن وحرز) ۱۲
ف۲ حاکم وطبرانی عن عائشہ رض (حصن وحرز)
ف۳ طبرانی عن انس رض
ف۴ طبرانی عن انس رضی اللہ عنہ ۱۲
ف۵ احمد وطبرانی عن ابی صرمۃ رض (حصن وحرز)

59655

Marfat.com

اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ وَمِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ

سوائے تیرے اس سے کہ گمراہ کرے تو مجھے اور بلا کی مشقت سے اور بدبختی کے

الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

پا لینے سے اور بُری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعنہ سے

وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ وَ

اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور اُس کام کی برائی سے جو میں نے نہیں کیا اور

مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَ

اُس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم نہیں اور

مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ

تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور تیرے امن کے پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے

نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ وَمِنْ شَرِّ سَمْعِىْ وَمِنْ شَرِّ

ناگہاں آجانے سے اور تیرے تمام غصوں سے اور اپنی شنوائی کی برائی سے اور اپنی بینائی کی

بَصَرِىْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِىْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِىْ وَمِنْ شَرِّ

برائی سے اور اپنی زبان کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی منی کی

مَنِيِّىْ وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ

برائی سے اور فاقہ سے اور اس سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے اور کسی

الْهَدْمِ وَمِنَ التَّرَدِّىْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَ

چیز کے میرے اُوپر گر جانے سے اور کسی چیز پر سے گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے

اَنْ يَّتَخَبَّطَنِىَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ

اور اس سے کہ گڑبڑ میں ڈال دے مجھے شیطان موت کے وقت اور اس سے کہ

اَمُوْتَ فِىْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا

مروں میں جہاد سے بھاگ کر اور اور اس سے کہ مروں میں زہریلے جانور کے کاٹنے سے

Marfat.com

المنزل الثالث

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ

تیسری منزل بروز دوشنبہ (پیر)

٨١ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا

یا اللہ کردے مجھے بڑا صبر والا اور کردے مجھے بڑا شکر والا

وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ

اور کردے مجھے میری نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں

٨٢ كَبِيْرًا ✤ اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا

بڑا ف یا اللہ دے ہماری زمین میں برکت اور شادابی

وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِيْ بَرَكَةَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا

اور امن ف اور نہ محروم رکھ مجھے اُس چیز کی برکت سے جو تو مجھے دے اور نہ

٨٣ تَفْتِنِّيْ فِيْمَآ اَحْرَمْتَنِيْ ✤ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ

فتنہ میں ڈال مجھے اس چیز کے بارے میں جو تو مجھے نہ دے، یا اللہ اچھی بنائی ہے تُونے صورت میری

٨٤ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ ✤ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَ

پس اچھی کردے سیرت میری ف اور دُور کردے میرے دل کا غصّہ اور

اَجِرْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَآ اَحْيَيْتَنَا ✤

بچائے رکھ مجھے گمراہ کرنے والے فتنوں سے جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ف

٨٥ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّيْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ ✤

یا اللہ سکھا دینا مجھے حجّت ایمان کی موت کے وقت ف

٨٦ رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ

اے رب میں مانگتا ہوں تجھ سے اُس چیز کی بھلائی جو اس دن میں ہو اور اُس چیز کی

مَا بَعْدَهٗ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ

بھلائی جو اس کے بعد ہو، یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس دن کی

بزار عن بریدۃ بن الخطیب رض (حصن وحرز) ۱۲
ف۲ طبرانی عن جابر (حصن وحرز) ف۳
احمد وطبرانی عن عبداللہ بن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ (حصن وحرز)
ف۴ احمد وابویعلی عن ام سلمہ رض (حصن وحرز) ف۵
احمد عن ام سلمہ رض (حصن وحرز)
ف۶ طبرانی عن عائشہ رض (حصن وحرز) ف۷ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی ابن شیبۃ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ (حصن وحرز)

Marfat.com

وَفَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ ۞

اور فتح اس کی اور ظفر اُس کی اور نور اس کا اور برکت اس کی اور ہدایت اس کی ف

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ ٨٧

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی اور امن اپنے دین میں

وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ

اور اپنی دنیا میں اور اپنے اہل و مال میں یا اللہ ڈھانک دے عیب میرا

وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْۢ بَيْنِ

اور مبدل بامن کر دے میرے خوف کو، یا اللہ حفاظت کر میری میرے آگے سے

يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ

اور میرے پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے

وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ

اور میرے اوپر سے اور پناہ چاہتا ہوں میں بوسیلہ تیری عظمت کے اس سے کہ ناگہاں پکڑا

تَحْتِيْ ۞ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ٨٨

جاؤں اپنے نیچے سے ف۔ اے حی اے قیوم تیری رحمت کی طرف فریاد لاتا ہوں میں

اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ

درست کر دے میرے تمام احوال کو اور نہ سونپ مجھے میرے نفس کی طرف

طَرْفَةَ عَيْنٍ ۞ اَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْٓ ٨٩

ایک لمحہ بھر ف مانگتا ہوں تجھ سے بحق تیرے اُس نور ذات کے کہ

اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ

روشن ہیں اُس سے آسمان اور زمین اور صدقہ اس حق کے

هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِيْ

جو تیرا ہے اور بذریعہ اُس حق کے جو مانگنے والوں کا تجھ پر ہے یہ کہ درگذر کرے تو مجھے

ف ابی داؤد عن
ابی مالک رحمہ وحرہ
ف۲ ابی داؤد ابن ماجہ
نسائی ابن حبان
حاکم ابن ابی شیبۃ
(حص وحر) ف۳،
نسائی حاکم بزاز،
عن انس (حص وحر)

Marfat.com

وَاَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ۝ ٩٠ اَللّٰهُمَّ ⑨٠

اور یہ کہ پناہ دے تو مجھے دوزخ سے اپنی قدرت سے ف یا اللہ

اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا

کردے اس دن کے اوّل حصّہ کو بہتری اور اس کے اوسط حصّہ کو فلاح

وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْاَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور اس کے آخر حصّہ کو کامیابی، میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی دنیا اور آخرت کی

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ ٩١ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ ⑨١

اے سب سے بڑے مہربان ف٢ یا اللہ بخشدے میرے گناہ

وَاَخْسِئْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَثَقِّلْ مِيْزَانِيْ

اور دُور کردے میرے شیطان کو اور کھول دے بند میرا اور بھاری کر میرا پلّہ

وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى ۝ ٩٢ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ ⑨٢

اور کردے مجھے طبقۂ اعلیٰ میں ف٣ یا اللہ بچانا مجھے

عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۝ ٩٣ اَللّٰهُمَّ رَبَّ ⑨٣

اپنے عذاب سے جس دن تُو اپنے بندوں کو اٹھائے ف٤ یا اللہ پروردگار

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ

ساتوں آسمانوں کے اور اس چیز کے جس پر ان کا سایہ ہے، اور پروردگار زمینوں کے

وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ

اور اس چیز کے جس کو زمین اٹھائے ہوئے ہے، اور پروردگار شیطانوں کے اور اس چیز کے جس کو انہوں نے

جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ

گمراہ کیا رہنا میرا نگہبان اپنی تمام مخلوق کی برائی سے اس سے کہ ظلم کرے کوئی

اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ

اُن میں سے مجھ پر یا کہ تعدی کرے محفوظ ہے پناہ دیا ہوا تیرا اور بابرکت ہے

ف طبرانی عن ابی امامۃؓ (حص وحر)

ف٢ ابن ابی شیبۃ عن عبدالرحمٰن بن ابی اوفی (حص وحر)

ف٣ ابوداؤد والحاکم عن ابی الازہر (حص وحر)

ف٤ بزار و ابن ابی شیبۃ عن حفصہؓ (حص وحر)

Marfat.com

اسْمُكَ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۹۴

نام تیرا ف   نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے   نہیں ہے کوئی شریک   تیرا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَ

پاک ہے تو   یا اللہ   میں   معافی چاہتا ہوں تجھ سے اپنے گناہ کی   اور

اَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ ۹۵

مانگتا ہوں تجھ سے رحمت تیری ف   یا اللہ   بخشدے میرا گناہ   اور وسعت دے

لِيْ فِيْ دَارِيْ وَ بَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ ۹۶

مجھے   میرے گھر میں   اور برکت دے مجھے   میرے رزق میں ف   یا اللہ

اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۞

قَآئِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ

کرنے والا اُس کا مگر تیری خوشنودی کا اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کثیر ہر پلک

كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفَسٍ اَللّٰهُمَّ

مارنے کے وقت اور ہر سانس لینے کے وقت یا اللہ

اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَآئِنَا

متوجہ کر دے میرے دل کو اپنے دین کی طرف اور حفاظت رکھ ہماری ادھر ادھر سے

بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْ اَنْ اَزِلَّ وَاهْدِنِيْ اَنْ

اپنی رحمت کے ساتھ یا اللہ ثابت قدم رکھ مجھے کہیں ڈگ نہ جاؤں میں، اور ہدایت کر مجھے کہیں

اَضِلَّ ۞ اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَلْبِيْ (۱۷۵)

گمراہ نہ ہو جاؤں میں یا اللہ جس طرح حائل ہے تو مجھ میں اور میرے دل میں تو

فَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الشَّيْطَانِ وَعَمَلِهٖ اَللّٰهُمَّ

حائل رہ مجھ میں اور شیطان اور اُس کے کام میں یا اللہ

Marfat.com

ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ
نصیب کر ہمیں اپنا فضل اور نہ محروم رکھ ہمیں اپنے رزق سے اور برکت دے

لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَاءَنَا فِي أَنْفُسِنَا وَ
ہمیں اُس رزق میں جو تُو نے ہمیں دیا اور کر غنا ہماری ہمارے دلوں میں اور

١٧٦ اجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيمَا عِنْدَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي
کر دے رغبت ہماری اس چیز میں جو تیرے پاس ہے یا اللہ کر دے مجھے

مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهُ وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَيْتَهُ
ان لوگوں میں سے کہ اُنہوں نے توکل کیا تجھ پر پس تو کافی ہو گیا اُنہیں اور انہوں نے ہدایت

١٧٧ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهُ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ
مانگی تجھ سے پس تُو نے ہدایت کر دی انہیں اور انہوں نے مدد چاہی تجھ سے پس تُو نے مدد دی انہیں، یا اللہ کر دے میرے

قَلْبِي خَشْيَتَكَ وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِي وَهَوَايَ
دل کے خیالات کو اپنا خوف اور اپنی یاد اور کر دے ہمت میری اور خواہش میری

فِيمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِي بِهِ
اس چیز میں جسے تو اچھا سمجھے اور پسند کرے، یا اللہ اور جس بات میں تو امتحان کرے میرا خواہ

مِنْ رَخَاءٍ وَشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِي بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَ
آسانی ہو خواہ سختی تو جمائے رکھ مجھے طریق حق اور

١٧٨ شَرِيعَةِ الْإِسْلَامِ ۞ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ تَمَامَ
شریعتِ اسلام پر یا اللہ مَیں مانگتا ہوں تجھ سے نعمت کا

النِّعْمَةِ فِي الْأَشْيَاءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا
پورا ہونا جملہ چیزوں میں اور تیرا شکر ان پر

حَتّٰى تَرْضَى وَبَعْدَ الرِّضَى الْخِيَرَةَ فِي جَمِيعِ مَا
یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے اور بعد راضی ہو جانے کے میرے لئے انتخاب کر تمام ایسی

Marfat.com

يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَلِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

چیزوں میں جن میں انتخاب ہوتا ہے اور انتخاب سب ہی اچھے کاموں کا نہ

لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ ✤ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ ۱۷۹

بُرے کاموں کا اے کریم اے اللہ نکالنے والے صبح کے

وَجَاعِلَ الَّيْلِ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا

اور بنانے والے رات کے آرام کا وقت اور سورج اور چاند کے مقیاس کا وقت

قَوِّنِيْ عَلَى الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ ✤ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ ۱۸۰

قوت دے مجھے اپنی راہ میں لڑنے کی یا اللہ تیرے ہی لئے حمد ہے

فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیری بلا اور تیرے برتاؤ میں اپنی مخلوق کے ساتھ اور تیرے ہی لئے حمد ہے

فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ

تیری بلا اور تیرے برتاؤ میں ہمارے گھروالوں کے ساتھ اور تیرے ہی لئے

الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً

حمد ہے تیری بلا اور تیرے برتاؤ میں خاص ہماری جانوں کے ساتھ

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا

اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تُو نے ہمیں ہدایت کی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ

عزت دی۔ اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تُو نے ہماری پردہ پوشی کی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے قرآن شریف پر

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے اہل اور مال پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے

بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ

درگذر کرنے پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے یہاں تک کہ راضی ہو جائے تو اور تیرے ہی لئے

Marfat.com

الحمد اذا رضیت یا اھل التقوی واھل المغفرۃ

حمد ہے جبکہ راضی ہو جائے تو اے وہ ذات جس سے ڈرنا چاہیئے اور اے وہ کہ لائق ہو گناہوں کے

(۱۸۱) اللھم وفقنی لما تحب وترضی من القول

معاف کرنے کے، یا اللہ توفیق دے مجھے اس چیز کی جسے تو اچھا سمجھے اور پسند کرے قول ہو وہ

والعمل والفعل والنیۃ والھدی انک علی

یا عمل یا فعل یا نیت یا طریق بیشک تو

کل شیء قدیر ۵ اللھم انی اعوذبک من خلیل

ہر چیز پر قادر ہے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری مکار دوست

ماکر عیناہ تریانی وقلبہ یرعانی ان رای حسنۃ

سے کہ آنکھیں تو اس کی مجھے دیکھتی ہوں اور دل اس کا مجھے چیرے لیتا ہو، اگر دیکھے بھلائی تو

دفنھا وان رای سیئۃ اذاعھا اللھم انی

دبا دے اور اگر دیکھے برائی تو فاش کرے اسے یا اللہ میں

اعوذبک من البؤس والتباؤس اللھم انی

پناہ چاہتا ہوں تیری شدت فقر اور بہت محتاجی سے یا اللہ میں

اعوذبک من ابلیس وجنودہ اللھم انی

پناہ چاہتا ہوں تیری شیطان سے اور اس کے لشکروں سے یا اللہ میں

اعوذبک من فتنۃ النساء اللھم انی اعوذبک

پناہ چاہتا ہوں تیری عورتوں کے فتنہ سے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

من ان تصد عنی وجھک یوم القیامۃ اللھم

اس سے کہ منہ پھیرے تو مجھ سے قیامت کے دن یا اللہ

انی اعوذبک من کل عمل یخزینی واعوذبک

میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہر اس عمل سے کہ رسوا کردے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

Marfat.com

مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ

ہر اُس ساتھی سے کہ تکلیف دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر ایسے

اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ

منصوبہ سے کہ غافل کردے مجھے، اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر ایسے فقر سے کہ بھول میں ڈالدے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

مجھے اور پناہ چاہتا ہوں ہر اُس مالداری سے کہ دماغ چلادے میرا یا اللہ میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ

پناہ چاہتا ہوں فکر کی موت سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری غم کی موت سے

اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

ساتویں منزل بروز جمعہ

١٨٢ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ يَاكَبِيْرُ يَاسَمِيْعُ يَا (١٨٢ المنزل السابع)

یا رب یا رب یا رب یا اللہ اے کبیر اے سمیع اے

بَصِيْرُ يَامَنْ لَّاشَرِيْكَ لَهٗ وَلَاوَزِيْرَ لَهٗ وَيَا

بصیر اے وہ کہ نہیں ہے شریک اس کا اور نہ کوئی مشیر اُس کا اور اے

خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَاعِصْمَةَ الْبَآئِسِ

پیدا کرنے والے آفتاب اور ماہتاب روشن کے اور اے پناہ مصیبت زدہ ترساں

الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَارَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ

پناہ جو کے اور اے روزی پہنچانے والے ننھے بچہ کے اور

وَيَاجَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ

اے جوڑنے والے ٹوٹی ہڈی کے میں مانگتا ہوں تجھ سے مانگنا مصیبت زدہ

الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ اَسْاَلُكَ

محتاج کا سا مثل مانگنے بیقرار آفت زدہ کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے

Marfat.com

بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ

بوسیلہ بندہائے عزت کے تیرے عرش میں سے اور بوسیلہ رحمت کی کنجیوں کے

مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَاءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى

تیری کتاب میں سے اور بوسیلہ اُن آٹھ ناموں کے جو لکھے ہوئے ہیں رُخ

قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَ

آفتاب پر یہ کہ کردے تو قرآن شریف کو بہار میرے دل کی اور

جَلَاءَ حُزْنِيْ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا كَذَا وَكَذَا عہ

کشایش میرے غم کی اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں فلاں فلاں عہ چیز

يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَّ

اے غمگسار ہر اکیلے کے اور اے ساتھی ہر تنہا کے اور

يَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ وَّيَا

اے قریب جو بعید نہیں اور اے حاضر جو غائب نہیں اور اے

غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

غالب جو مغلوب نہیں اے حیّ اے قیوم اے بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا زَيْنَ

اور عزت والے اے نور آسمانوں اور زمینوں کے اور زینت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں اور زمینوں کے اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے

يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ

اے تھامنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اے موجد آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ وَيَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا

زمینوں کے اور اے قائم رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اے

عہ یخطر بالہ حاجتہ الحلال عہ یہاں مطلوب کا تصور کرے ۱۲

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَاصَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ

بزرگی اور عزت والے اے دادرس فریادیوں کے

وَمُنْتَهَى الْعَائِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ

اور آخری دوڑ پناہ مانگنے والوں کے اور کشائش دینے والے بے چینوں کے

وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّيْنَ

اور راحت دینے والے غمزدوں کے اور قبول کرنے والے دعا بیقراروں کے

وَيَا كَاشِفَ الْمَكْرُوْبِ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ

اور اے کشائش دینے والے صاحبِ کرب کے، اے الٰہ العالمین اور اے

الرَّاحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ ١٨٤

ارحم الراحمین تیرے ہی سامنے پیش کی جاتی ہے ہر حاجت یا اللہ

اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيْمٌ اِنَّكَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اِنَّكَ

تو خلاقِ عظیم ہے تو سنتا جانتا ہے تو

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ

غفور رحیم ہے تو مالک ہے عرشِ عظیم کا یا اللہ

اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ

تو محسن ہے صاحبِ جود صاحبِ کرم ہے بخشدے مجھے اور رحم کر مجھ پر

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ

اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے اور پردہ پوشی کر میری اور جبر نقصان کر میرا اور رفعت دے

وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ

مجھے اور ہدایت دے مجھے اور گمراہ نہ کر مجھے اور داخل کر مجھے جنت میں اپنی رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ

اے ارحم الراحمین اے رب اپنا بنالے مجھے اور میرے

Marfat.com

نَفْسِیْ لَکَ فَذَلِّلْنِیْ وَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِیْ

اور دل میں اپنے مقابلہ میں فرمانبرداری ڈالدے اور لوگوں کی نظر میں عظمت دے مجھے

وَمِنْ سَیِّئِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِیْ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ سَاَلْتَنَا

اور بُرے اخلاق سے بچادے مجھے ، یا اللہ فرمائش کی ہے تُو نے

مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِکُہٗ اِلَّا بِکَ فَاَعْطِنَا مِنْھَا مَا

ہماری ذات سے ان اعمال کی کہ ہم اُس پر اختیار نہیں رکھتے بدون تیری توفیق کے تُو دے ہمیں اُن

یُرْضِیْکَ عَنَّا ۞ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ اِیْمَانًا دَائِمًا ۲۰۵

میں سے اس عمل کی توفیق کر راضی کردے تجھے ہم سے، یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایمان ہمیشہ رہنے والا

وَّ اَسْاَلُکَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّ اَسْاَلُکَ یَقِیْنًا صَادِقًا

اور مانگتا ہوں تجھ سے دل خشوع کرنے والا اور مانگتا ہوں تجھ سے یقین سچا اور

وَّ اَسْاَلُکَ دِیْنًا قَیِّمًا وَّ اَسْاَلُکَ الْعَافِیَۃَ مِنْ کُلِّ

مانگتا ہوں تجھ سے دین راست اور مانگتا ہوں تجھ سے امن ہر بلا

بَلِیَّۃٍ وَّ اَسْاَلُکَ دَوَامَ الْعَافِیَۃِ وَ اَسْاَلُکَ الشُّکْرَ

سے اور مانگتا ہوں تجھ سے ہمیشہ رہنا امن کا اور مانگتا ہوں تجھ سے شکر

عَلَی الْعَافِیَۃِ وَ اَسْاَلُکَ الْغِنٰی عَنِ النَّاسِ اَللّٰھُمَّ

امن پر اور مانگتا ہوں تجھ سے بے پرواہی لوگوں سے یا اللہ

اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا تُبْتُ اِلَیْکَ مِنْہُ ثُمَّ عُدْتُّ

میں معافی چاہتا ہوں تجھسے اس گناہ کی جس سے میں نے توبہ کی ہو اور پھر لوٹ کر اس کو کیا ہو

فِیْہِ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا اَعْطَیْتُکَ مِنْ نَفْسِیْ ثُمَّ

اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے اُس عہد کی جو میں نے تجھ کو اپنی جانب سے دیا ہو اور پھر

لَمْ اُوْفِ لَکَ بِہٖ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِلنِّعَمِ الَّتِیْ تَقَوَّیْتُ

اُس کو وفا نہ کیا ہو اور معافی چاہتا ہوں میں تجھ سے ان نعمتوں کے بارہ میں جن سے قوت

Marfat.com

بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ

حاصل کی میں نے تیرے گناہ پر اور معافی چاہتا ہوں میں تجھ سے ہر اس نیکی کے

اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِىْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ

بارہ میں کہ کرنا چاہا میں نے اُس کو خالص تیرے لئے پھر مل گئی اس میں وہ چیز جو خالص تیرے لئے نہ تھی

اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِىْ فَاِنَّكَ بِىْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِىْ

یا اللہ رسوا نہ کرنا مجھے کیونکہ تُو مجھ کو جانتا ہے اور مت عذاب کرنا مجھے

فَاِنَّكَ عَلَىَّ قَادِرٌ ۞ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ (١٨٦)

کیونکہ تو مجھ پر قادر ہے اے پروردگار ساتوں آسمانوں کے

وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ كُلَّ مُهِمٍّ

اور پروردگار عرش عظیم کے یا اللہ کافی ہوجا تو مجھے ہر مہم میں

مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ حَسْبِىَ اللّٰهُ

جس طرح سے چاہے تو اور جس جگہ سے چاہے تو کافی ہے مجھ کو اللہ میرے

لِدِيْنِىْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لِدُنْيَاىَ حَسْبِىَ اللّٰهُ لِمَا

دین کے لئے کافی ہے مجھ کو اللہ میری دنیا کے لئے کافی ہے مجھ کو اللہ میری کل

اَهَمَّنِىْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَىَّ حَسْبِىَ اللّٰهُ

فکروں کے لئے کافی ہے مجھکو اللہ اس شخص کے لئے جو مجھ پر زیادتی کرے کافی ہے مجھ کو اللہ

لِمَنْ حَسَدَنِىْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِىْ بِسُوْءٍ حَسْبِىَ

اُس شخص کے لئے جو مجھ پر حسد کرے کافی ہے مجھ کو اللہ اس شخص کے لئے کہ فریب دے مجھے برائی کے ساتھ،

اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِىَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ فِى

کافی ہے مجھ کو اللہ موت کے وقت کافی ہے مجھ کو اللہ قبر میں سوال کے وقت

الْقَبْرِ حَسْبِىَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِىَ اللّٰهُ عِنْدَ

کافی ہے مجھ کو اللہ میزان کے پاس کافی ہے مجھ کو اللہ

Marfat.com

الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
پلصراط کے پاس کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے اسی پر بھروسہ کیا میں نے

١٨٧ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اور وہی رب ہے عرش عظیم کا یا اللہ میں

اَسْاَلُكَ ثَوَابَ الشّٰكِرِيْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ
مانگتا ہوں تجھ سے ثواب شکر کرنے والوں کا سا اور مہمانی مقربین کی سی اور

١٨٦ مُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ
ہمراہی انبیاء علیہ السلام کی اور یقین صدیقوں کا سا اور تواضع

الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ حَتّٰى تَوَفَّانِيْ
متقین کی سی اور خشوع یقین والوں کا سا یہاں تک کہ وفات دے تو مجھے اس

١٨٨ عَلٰى ذٰلِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
حال پر اے ارحم الراحمین یا اللہ میں

اَسْاَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ عَلَيَّ وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ
مانگتا ہوں تجھ سے بوجہ تیرے سابق انعام کے مجھ پر اور بوسیلہ اس اچھے امتحان کے

الَّذِي ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ وَفَضْلِكَ الَّذِيْ فَضَّلْتَ
جس سے امتحان لیا ہو تو نے میرا اور بوسیلہ تیرے اس فضل کے جو تو نے فضل کیا ہو مجھ

عَلَيَّ اَنْ تُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ۞
پر کہ داخل کر مجھے جنت میں اپنے احسان اور فضل اور رحمت سے

١٨٩ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّهُدًى قَيِّمًا
یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایمان ہمیشہ رہنے والا اور ہدایت مستحکم

١٩٠ وَعِلْمًا نَّافِعًا ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِيْ
اور علم نافع یا اللہ نہ کر کسی بدکار کا مجھ پر

Marfat.com

نِعْمَةً أُكَافِيهِ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ﴿١٩١﴾ اَللّٰهُمَّ ١٩١
کوئی احسان کہ مکافات کرنی پڑے مجھ کو دنیا میں اور آخرت میں یا اللہ

اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَطَيِّبْ لِيْ
بخش دے میرے گناہ اور وسیع کر دے میرا خلق اور حلال کر دے میرا

كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِيْ
کسب اور قناعت دے مجھے اُس چیز پر جو تُو نے مجھے دی اور نہ لے جا طلب میری

إِلٰى شَيْءٍ صَرَفْتَهُ عَنِّيْ ﴿١٩٢﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَجِيْرُكَ ١٩٢
کسی ایسی چیز کی طرف جس کو تو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تمام

مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ وَأَحْتَرِسُ بِكَ
اُن چیزوں سے جو تو نے پیدا کیں اور تیری حفاظت میں آتا ہوں

مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ
اُن سے اور کر میرے لئے اپنے یہاں دخل اور کر

لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِيْ
میرے لئے اپنے یہاں قرب اور رجوع نیک اور کر مجھے

مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْ لِقَآءَكَ
ان لوگوں میں سے کہ ڈرتے ہیں تیرے سامنے کھڑے ہونے سے اور تیری وعید سے اور تمنا رکھتے ہیں

وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ إِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّ
تیرے وصال کی، اور کر دے مجھے ان لوگوں میں سے کہ توبہ کرتے ہیں تیری طرف توبہ خالص اور

أَسْأَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّعِلْمًا نَّجِيْحًا وَّسَعْيًا
مانگتا ہوں میں تجھ سے عمل مقبول اور علم کار آمد اور سعی

مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿١٩٣﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ١٩٣
مشکور اور تجارت جس میں گھاٹا نہ ہو یا اللہ میں

Marfat.com

اَسْأَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ

مانگتا ہوں تجھ سے اپنی جان بخشی دوزخ سے یا اللہ مدد کر میری

۱۹۴ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۱۹۴ اَللّٰهُمَّ

موت کی بیہوشیوں اور موت کی سختیوں پر یا اللہ

اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور شامل کر مجھے اعلیٰ رفیقوں میں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ تیرے ساتھ کچھ بھی شرک کروں

وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ وَ

اور اس کو میں جانتا ہوں اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے اس کی کہ میں نہ جانتا ہوں اور

اَعُوْذُبِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا اَللّٰهُمَّ

پناہ چاہتا ہوں تیری کہ بد دعا دے مجھے کوئی رشتہ دار جس سے میں نے قطع رحم کیا ہو۔ یا اللہ

اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ

میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس حیوان کی برائی سے کہ پیٹ کے بل چلتا ہے اور

وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْ شَرِّ

اس حیوان کی برائی سے کہ دو پیروں سے چلتا ہے اور اس حیوان کی

مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ

برائی سے کہ چار پیروں سے چلتا ہے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنِ امْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِيْ قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُ

ایسی عورت سے کہ مجھے بوڑھا کر دے بوڑھاپے سے پہلے اور پناہ چاہتا

بِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ وَبَالًا وَّاَعُوْذُبِكَ

ہوں تیری ایسی اولاد سے کہ ہو مجھ پر وبال اور پناہ چاہتا ہوں تیری

Marfat.com

مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ عَذَابًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

ایسے مال سے کہ ہو مجھ پر عذاب یا اللہ میں

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّكِّ فِي الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَ

پناہ چاہتا ہوں تیری شک لانے سے حق بات میں بعد یقین کے اور

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ

پناہ چاہتا ہوں تیری شیطان مردود سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

سختی روزِ جزا سے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ مَّوْتِ الْفُجَآءَةِ وَمِنْ لَّدْغِ الْحَيَّةِ وَمِنَ

ناگہانی موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور

السَّبُعِ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ

درندوں سے اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ

اَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ

گر پڑوں کسی چیز پر اور مارے جانے سے لشکر کے بھاگنے کے وقت

ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ الْخَتْمِ

پھر منزل ختم کے بعد کہے

وَتَقَبَّلْ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ فِيْ حَقِّ مُحَمَّدٍ اَشْرَفَ عَلِيٍّ وَعَبْدِ الْوَاسِعِ

اور قبول کر ان دعاؤں کو حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب قدس سرہٗ (مؤلف) اور عبدالواسع (ناظم)

وَمُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى وَمُحَمَّدٍ عَلِيٍّ وَجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

اور (حکیم) محمد مصطفٰی (صاحب مترجم) اور محمد علی (رضا ساعی) اور تمام مومنین اور مومنات کے حق میں اور رحمت کاملہ

عَلٰى سَيِّدِ الْكَائِنَاتِ وَاَكْرَمِ الْمَخْلُوْقَاتِ صَلٰوةً تَسْبِقُ الْغَايَاتِ ۝

نازل فرماویں اللہ تعالیٰ (جناب) سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بہترین مخلوقات پر ایسی رحمت کہ گذر جائے انتہاؤں سے

بِحَمْدِ اللّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

تمت

Marfat.com

ضروری التماس جو صاحب اِس کتاب سے فائدہ اُٹھائیں وہ اس عاجز کو اور حضرت مولٰنا محمد اشرف علی صاحب مدظلہم العالی اور مولوی عبدالواسع صاحب قدس سرّہٗ اور مولوی حکیم محمد مصطفٰے صاحب بجنوری اور قاضی محمد علی صاحب اور اپنے سب مومنین اور مومنات کے واسطے دُعا خاتمہ بالخیر ہونے اور حصول رضائے الٰہی کی ضرور مانگ لیا کریں اور اس دیباچہ کو کبھی کبھی ہر مہینے پڑھ لیا کریں تاکہ شوقِ دُعا اور اس کتاب کے ورد کی رغبت روز افزوں ہوتی رہے۔ عنایت اللہ

دیباچۂ مناجاتِ مقبول

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الدُّعَآءَ لِرَدِّ الْقَضَآءِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ عَلَّمَنَا مَا نَتَّقِیْ بِہِ الْبَلَآءَ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الْھَادِیْنَ اِلٰی مَا نَخْرُجُ عَنْ کُلِّ عَنَآءٍ وَّعَلٰی عُلَمَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ زُمْرَتِہِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا جُھْدَھُمْ فِیْ جَمِیْعِ اَسْبَابِ الشِّفَآءِ عَنْ کُلِّ دَآءٍ

امابعد کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جس کو ہر قسم کے صلاح و فلاح کی ضرورت نہ ہو۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دارین کے صلاح و فلاح کے واسطے اسبابِ متکثرہ و ابوابِ متعددہ موضوع فرمادیئے کہ اہلِ حاجت اُن سے مدد لیں اور عقبات و مہالک سے نجات پائیں۔ ان اسبابِ مذکورہ میں سے بجز دُعا کے جتنے اسباب ہیں ان کے مسببات خاص خاص امور ہیں۔ چنانچہ اسبابِ طبعیہ کا مثل زراعت و تجارت و طبابت کے کہ اصلی مقصود فلاحِ دنیوی بنایا گیا ہے۔ گو بواسطہ معینِ دین بھی ہو اور اسبابِ شرعیہ کا مثل صوم و صلوٰۃ و حج کے کہ مقصود بالذات فلاحِ دینی ٹھہرایا گیا ہے گو بالعرض نافع دنیا بھی ہو مگر صرف دُعا ایک ایسی چیز ہے کہ فلاحِ دین و فلاحِ دنیا دونوں کے لئے بالمساواۃ ایک مرتبہ میں

Marfat.com

مشروع و موضوع ہے جس سے بوجہ اس جامعیت کے اسکی وقعت وعظمت ظاہر و باہر ہے اس لئے قرآنِ مجید و حدیثِ شریف میں نہایت درجہ اسکی ترغیب و فضیلت و تاکید جابجا وارد ہے چنانچہ ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے "دُعا کرو مجھ سے مَیں قبول کروں گا" اور ارشاد فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "بڑی عبادت تو دُعا ہے" اور فرمایا "جس شخص کو دُعا کی توفیق ہو گئی اسکے لئے قبولیت کے دروازے کھُل گئے" اور ایک روایت میں ہے کہ جنت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ رحمت کے دروازے کھُل گئے۔ اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگی گئی جو عافیت کے مانگنے سے زیادہ محبوب ہو"۔ اس سے معلوم ہوا کہ دنیوی حوائج مانگنے کا بھی حکم ہے۔ اور ارشاد فرمایا کہ "قضا کو صرف دُعا ہٹا دیتی ہے"۔ اور ارشاد فرمایا کہ احتیاط و تدبیر سے تقدیر نہیں ٹلتی" اور دُعا نازل شدہ بلا سے بھی نافع ہے۔ اور اُس بلا سے جو ابھی نازل نہیں ہوئی اور کبھی بلا نازل ہوتی ہے اور اِدھر سے دُعا پہنچ کر اس سے ملتی ہو اور دونوں میں قیامت تک کشتی ہوتی رہتی ہے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ دُعا تمام تدبیروں اور احتیاطوں سے بڑھ کر مفید ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قبل مصیبت بھی دُعا کرتا رہے اس کی برکت سے مصیبت نہیں آتی۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کبھی قبولیت کی یہ بھی شکل ہوتی ہے کہ اس کی وجہ سے کوئی بلا ٹل جاتی ہے۔ پس دُعا کرکے خواہ قبول ہونا معلوم ہو یا نہ ہو بدگمان نہ ہونا چاہیئے اور ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا سے زیادہ کوئی چیز قدر و منزلت کی نہیں"۔ اور ارشاد فرمایا "جس کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ سختیوں کے وقت اسکی دُعا قبول فرمالیا کریں اُسکو چاہیئے کہ خوش عیشی کے وقت کثرت سے دُعا مانگا کرے"۔ اس سے معلوم ہوا کہ بلا مصیبت کے دُعا مانگنے کا اثر مُصیبت کے وقت مانگنے میں ہوتا ہے۔ اور ارشاد فرمایا کہ دُعا میں ہمت نہ ہارو کیونکہ دُعا کرتے ہوئے کوئی ضائع نہیں ہوتا"۔ اور ارشاد فرمایا کہ دُعا مسلمان کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بلا زدہ قوم پر گذر ہوا آپ نے ارشاد فرمایا

Marfat.com

کہ "یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کیوں نہیں مانگتے"۔ اور فرمایا کہ کوئی ایسا مسلمان نہیں جو دُعا میں اڑ جائے اور پھر اس کو عطا نہ ہو خواہ سرِدست اس کو دیدیں یا آیندہ کے لئے جمع کر دیں"۔ اس سے معلوم ہوا کہ دُعا قبول تو ضرور ہوتی ہے مگر صُورتیں اسکی مختلف ہیں۔ کبھی وہی چیز مل جاتی ہے۔ اور کبھی اس کے لئے جمع ہو جاتا ہے۔ اور اُوپر معلُوم ہو چکا ہے کہ کبھی اس کی برکت سے بَلا ٹل جاتی ہے۔ غرض اس دربار میں ہاتھ پسارنے سے کچھ نہ کچھ مل کر رہتا ہے۔ لیکن باوجُود اس کے دیکھا جاتا ہے کہ اکثر لوگوں کو عوام تو کیا بہت سے خواص کو بھی اس سے محض بے رغبتی و بے توجہی ہے حتیٰ کہ جو معمُولی اوقات دُعا کے ہیں جیسے نماز پنجگانہ ان میں بھی بجز آموختہ سا پڑھ لینے کے صلا الحاح یا دلچسپی کا اثر تک نہیں پایا جاتا۔ اور یہ سمجھ کر دُعا کرنے کا تو ذکر ہی کیا کہ یہ عرضداشت اللہ تعالیٰ کی جنابِ پاک میں پیش کر دینا اور بار بار درخواست گذراننا کامیابی کا ایک مؤثر اور اعلیٰ درجہ کا طریقہ ہے۔ جس طرح اپنے بعض حوائج کے لئے دُنیا کے امراء و حکّام سے بار بار التجا کرنا اپنی مطلب برآری کا قوی ذریعہ سمجھا جاتا ہے اور تکرارِ عرض و معروض سے روزانہ امیدیں اور اُمنگیں ابھرتی اور تازہ ہوتی ہیں۔ اگر کوئی بڑی ہی مُصیبت پڑتی ہے اور ہاتھ پاؤں مارنے سے کام نہیں چلتا تب بمجبوری کسی ایک آدھ کو شاذ و نادر اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہوتی ہے وہ بھی دُعا کے ساتھ نہیں بلکہ بڑی دوڑ یہ ہوتی ہے کہ کوئی وظیفہ عمل۔ عزیمت شروع کر دیا خواہ شرع کے موافق ہو یا مخالف اور اگر کسی نے بڑی احتیاط کی اور موافقتِ شرع کا بھی لحاظ کر لیا تب بھی ان اعمال میں وہ برکت کہاں جو اللہ و رسُولؐ کی تعلیم فرمُودہ دُعاؤں میں ہے۔ غرض مقدمۂ دُعا میں چند کوتاہیاں واقع ہو رہی ہیں۔ **اوّل** بدون اڑے وقت کے دُعا کی طرف توجہ نہ ہونا۔ **دوم** ایسے وقت میں بھی اللہ و رسُولؐ کی تبلائی ہوئی دُعائیں چھوڑ کر نئے نئے وظائف پڑھنا۔ **سوم** بدشوقی و بے رغبتی سے دُعا کرنا اور جی نہ لگانا۔ **چہارم** قبولیت کا یقین اور اُمنگ نہ ہونا۔ **پنجم** جلدی اور تقاضا

Marfat.com

مچانا اور ذرا توقف ہو جائے تو تنگ ہو کر چھوڑ دینا۔ اِن کوتاہیوں کے تدارک کرنے کے لئے بمقتضائے مصلحتِ وضرورتِ وقت مناسب معلوم ہوا کہ جو جامع دُعائیں قرآن وحدیث میں وارد ہیں اُن کو جمع کر دیا[1] جائے کیونکہ اُن کو دُوسری دُعاؤں پر بچند وجوہ ترجیح ہے۔ اوّل یہ کہ جب خود حاکم مضمون عرضی کا بتلا دیتا ہے تو اسکی منظوری میں پھر کوئی تردّد نہیں رہتا۔ اسی طرح جو دُعائیں اللہ تعالیٰ نے بواسطۂ وحی جلی یا خفی خود تعلیم فرمائیں تو بلاشک اقرب الی الاجابۃ ہیں۔ دوسرے ان میں جس قدر دینی و دنیوی ضرورتوں کی رعایت کی گئی ہے اگر ہم لوگ قیامت تک بھی سوچیں تو ممکن نہیں کہ ایسے جامع مضامین تجویز کر سکیں۔ تیسرے بعض اوقات مضمونِ دُعا میں سوءِ ادب ہو جاتا ہے جس سے وہ دُعا اُلٹی وبالِ جان ہو جاتی ہے۔ جس طرح کسی صحابیؓ نے صبر کی دُعا کی تھی اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا تھا کہ تم نے بَلا کی درخواست کی۔ یا ایک صحابیؓ نے دُعا کی تھی کہ جتنا عذاب مجھ کو آخرت میں ہونا ہو وہ سب یہیں ہو جائے اور آپ نے تنبیہ فرمائی تھی۔ یا کسی صحابیؓ زادہ نے جنّت کے داہنے جانب کو شک سفید دُعا میں مانگا تھا۔ اور ان کے والد نے اصلاح فرمائی تھی۔ غرض اپنی رائے اور قیاس سے مضمون معیّن کرنے سے اس قسم کا احتمال اس میں رہتا ہے اور جو دُعائیں منصوص ہیں وہ ان خدشات سے منزّہ و مبرّا ہیں اور ہر چند کہ افضل و اکمل طریقہ تو یہی ہے کہ وہ دُعائیں بعینہٖ اُنہی الفاظ سے پڑھی جائیں جس طرح منقول ہیں۔ مگر چونکہ عوام کی ہمتیں قاصر ہیں اِس لئے اصل دُعاؤں کا بہم پہنچانا اور پھر ان کے معانی و ترجمہ کے سمجھنے کی کوشش کرنا جو کہ دلچسپی اور حضورِ قلب کا ایک سہل طریق ہے ان سے متوقّع نہ تھا۔ بناءً علیہ بنظر ان کی سہولت کے مناسب معلوم ہوا کہ ان دُعاؤں میں سے چند جامع دُعائیں منتخب کر کے ان کا ترجمہ سلیس اُردو زبان میں کر کے اس کو نظم کا لباس پہنا دیا جائے کیونکہ عوام کو نظم میں شوق و ذوق زیادہ ہوتا ہے اور نیز نظم کا یاد ہو جانا

[1] ہر چند بعض دعائیں ان میں احادیثِ موقوفہ سے لی گئی ہیں مگر صحابہؓ جو بلا واسطہ سرکارِ نبوی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے تربیت پائے ہوئے ہیں ان کی دُعاؤں میں بھی قریب قریب ایسی ہی برکت ہے اور وہ مضامین گویا حضور ہی کے مضامین ہیں ۱۲ منہ دامت برکاتہم

بھی سہل ہے اور بغرض مداومت کے اس نظم کو موافق عدد ایّام ہفتہ کے سات حصّوں پر منقسم کر دیا جائے تاکہ اس کا ایک حصہ روزانہ بطور وظیفہ کے پڑھ لیا کریں (اور روزانہ ختم کر لینا اپنی ہمّت ہے) چنانچہ اِس رسالہ میں اس مجموعی طریق سے مذکورہ سب کوتاہیوں کا تدارک ہو گیا اب یہ رسالہ اس قابل ہے کہ سفر و حضر میں ہمراہ رہے اور بلا ناغہ اس کا وظیفہ مقرر کر لیا جائے اور اس خیال سے کہ شاید کسی کو اصل ادعیہ کے پڑھنے کی ہمت اور شوق ہو آخر میں[1] وہ بھی ملحق کر دی گئیں جس کا لقب **قربات عند اللہ وصلوات الرسول** ہے اور اس خیال سے کہ کسی کو کسی دُعا کے ترجمہ دیکھنے کا شوق ہو یا کسی ترجمہ کی اصل دیکھنے کو جی چاہے، اصل اور ترجمہ پر موافق اس کے نمبر لگا دیئے گئے تاکہ تطبیق میں تکلف نہ ہو اور قاصر الہمت یا قلیل الفرصت لوگوں کے لئے یہ اسی اصل کی فرع حاضر ہے نام اس کا **مناجاتِ مقبول** رکھا گیا۔ جامع اصل اور تتمہ کا یہ راقم ہے اور مترجم و ناظم اس کے مشفقی و مخلصی جامع کمالاتِ علمی و عملی مولوی **عبدالواسع** صاحب مرحوم سعد پوری درِ بھنگوی ہیں پھر بعد چندے جناب **قاضی محمد علی** صاحب کالپوی کی تحریک سے مشفقی محبی جناب مولوی **محمد مصطفٰے** صاحب بجنوری نے اصل دُعاؤں اور تتمہ کا ترجمہ نثر بین السطور اضافہ فرمایا اور حواشی ترجمہ میں آیات دعائیہ کے فضائل بھی لکھ دیئے۔ بعد ازاں چند احباب کے اصرار سے حزب البحر کا اضافہ جدید کیا گیا ہے اور تازہ ترین ترمیم قربات عند اللہ و مناجاتِ مقبول میں صورۃً یہ ہوئی ہے کہ پہلے استعاذہ کی دُعائیں چونکہ الگ تھیں اور ان کو اکثر اخیر منزل کے ساتھ پڑھا جاتا تھا جس سے اخیر حزب بہت طویل ہو جاتا تھا جو بعض طبائع پر گراں ہوتا تھا اس لئے ان کو تھوڑا تھوڑا تمام منزلوں پر تقسیم کر دیا ہے تاکہ وہ دعائیں پڑھ بھی لی جائیں اور کسی پر گرانی بھی نہ ہو اور چونکہ مناجات مقبول میں استعاذہ کے اشعار پہلے بھی عربی دُعاؤں کی

[1] اصل ترتیب یہی تھی کہ اول مناجات نظم بعد ازاں حصہ عربی تھا لیکن بعد میں مناسب سمجھا گیا کہ عربی بوجہ شرف و اصل ہونے کے مقدم رکھی جاتے ۱۲ منہ

ترتیب پر نہ تھے اِس لئے اب بھی ترتیب محفوظ نہ رہ سکی اور مادۂ قربات عند اللہ میں چند جگہ ترمیم ہُوئی ہے جو ذیل کے نقشہ میں درج ہے۔ اور اس ترمیم کا واقعہ یُوں ہوا کہ احتیاطاً ان دُعاؤں کا جو کہ حزبِ اعظم سے ماخُوذ ہیں، اصل ماخذ سے جو مقابلہ کیا گیا تو اس میں بعض مقامات پر قربات عند اللہ سے اختلاف پایا گیا۔ مگر حزب اعظم کا کوئی نسخہ ایسا موجُود نہ تھا جس کی صحت پر پُورا اعتماد ہو۔ اِس لئے جہاں غور کرنے سے خُود حزب اعظم کے نسخہ میں شُبہ ہوا وہاں ترمیم نہیں کی گئی اور جہاں اطمینان ہو گیا وہاں ترمیم کر دی گئی۔ ترمیم شدہ مقامات کا نقشہ یہ ہے۔

نمبر شمار	صفحہ	منزل	دُعا کا نمبر	عبارت سابقہ	عبارت موجُودہ
۱	۳۰	تیسری	۱۰۸	اَبْتَهِلُ گڑگڑاتا ہو	وَاَبْتَهِلُ اور گڑگڑاتا ہوں
۲	۳۱	″	″	كُنْ لِّيْ رَؤُوْفًا ہو جا میرے واسطے بہت مہربان	كُنْ بِيْ رَءُوْفًا ہو جا مجھ پر بہت مہربان
۳	۳۱	″	″	يَتَهَجَّمُنِيْ سینہ زوری کرے مجھ سے	يَتَهَجَّمُنِيْ سینہ زوری کرے مجھ سے
۴	۳۳	چوتھی	۱۱۴	فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ پس جب تو نے یہ کیا ہے	فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا پس جب تُو نے ہمارے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے
۵	۳۴	″	۱۲۰	اَلْطُفْ اَلْطُفْ کرم و احسان کر	اَلْطُفْ احسان کر
۶	۳۶	″	۱۲۶	عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ ان سے جن کو مالدار کیا ہے	عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا ان سے جن کو ہم سے بے پروا کیا ہے

Marfat.com

نمبر شمار	صفحہ	منزل	دعا کا نمبر	عبارت سابقہ	عبارت موجودہ
۷	۳۹	چوتھی	۱۳۹	وَهٰذَا الْعَهْدُ اور یہ عہد ہے	وَهٰذَا الْجُهْدُ اور یہ (میری) کوشش ہے
۸	۴۳	پانچویں	۱۵۱	بِنِعْمَتِكَ اپنی نعمت کے ساتھ	نِعْمَتَكَ اپنی نعمت کو
۹	۴۴	؍؍	۱۵۵	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا یا اللہ بخش ہمیں	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ یا اللہ بخش مجھ کو
۱۰	۴۶ ۴۷	؍؍	۱۵۸	اَنْ تُشْرِكَنَا فِیْ صَالِحِ شریک کردے تو ہمیں ان اچھی مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ دعاؤں میں کہ مانگیں ہم تجھ سے	اَنْ تُشْرِكَنَا فِیْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْكَ شریک کردے تو ہمیں ان اچھی دعاؤں میں کہ مانگیں فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِیْ صَالِحِ مَا وہ تجھ سے اور یہ کہ شریک کردے تو ان کو ان اچھی نَدْعُوْكَ فِيْهِ دعاؤں میں کہ مانگیں ہم تجھ سے
۱۱	۴۹	؍؍	۱۶۵	اَتَقَلَّبُ بِلِقَائِكَ چلتا پھرتا ہوں تیرے ملنے کے اعتقاد کے ساتھ	اَتَقَلَّبُ فِیْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ چلتا پھرتا ہوں تیرے قبضہ میں اور اعتقاد رکھتا بِلِقَائِكَ ہوں تیرے ملنے کا
۱۲	۴۹	؍؍	؍؍	فَاَبَيْتُ میں نے نہ مانا	فَاَتَيْتُ میں نے اس کا ارتکاب کیا
۱۳	۵۳	چھٹی	۱۶۸	وَخُرُوْجَنَا اور نکلنا ہمارا	وَخُرُوْجًا اور نکلنا
۱۴	۶۱	ساتویں	۱۸۳	یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اے تھامنے والے آسمانوں اور زمینوں کے	یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے اے تھامنے والے آسمانوں اور زمینوں کے

Marfat.com

نمبر شمار	صفحہ	منزل	دعا کا نمبر	عبارت سابقہ	عبارت موجودہ
۱۵	۶۲	ساتویں	۱۸۴	یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ	بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
				اے ارحم الراحمین	اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین
۱۶	۶۴	ساتویں	۱۸۶	حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ	حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ
				کافی ہے مجھ کو اللہ میرے دین	کافی ہے مجھ کو اللہ میرے دین کے لئے کافی ہے
				کے لئے	اللّٰهُ لِدُنْیَایَ
					مجھ کو اللہ میری دنیا کے لئے

اور مناجاتِ مقبول میں مادۂ ترمیم مقاماتِ مذکورہ بالا میں سے صرف چوتھے، چھٹے، ساتویں، نویں، گیارھویں، بارھویں چودھویں مقام میں ہُوئی ہے جو تطابق نسخے سے معلوم ہو سکتی ہے۔ بقیہ مقامات میں ترمیم کی ضرورت نہیں ہُوئی۔

اضافہ۔ مثنوی شریف مولانا رومیؒ جو اشعار دُعائیہ ہیں چونکہ وہ بھی بہت بابرکت اور دُعا کے نہایت جامع ومانع صیغے ہیں لہٰذا امواج طلب میں سے ان کو بھی شائقین کی تفریحِ طبع کے لئے سات حصّوں پر تقسیم کر کے آخر مناجاتِ مقبول میں لگا دیا گیا ہے۔ تاکہ جو حضرات فارسی کا مذاق رکھنے والے ہیں وہ اگر دل چاہے ہر روز اس کی بھی ایک منزل پڑھ لیا کریں۔ اور جو صاحب اس سے منتفع ہوتے رہیں ہم سب کو بھی دعائے خیر سے یاد فرماتے رہیں۔ والسّلام۔

الراقم

العبد الضعیف محمد اشرف علی عُفی عنہ

تھانہ بھون، ضلع مظفرنگر

اواخر ذی قعدہ ۱۳۵۴ھ

Marfat.com

قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ

وظیفہ شریفہ نافعہ مجموعہ دعاہائے جامعہ ارشاد فرمودہ
خدا و رسول از قرآن و حدیث منقول مسمّٰی بہ

مُنَاجَاتِ مقبُول

ملقب بہ لقب تاریخی مناجات کاشفِ حاجات
مشعر بہ سال فصلے

قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِنَّ الدُّعَاءَ مُخُّ الْعِبَادَۃِ

Marfat.com

خطبہ مناجاتِ مقبول

اس کتاب کے ورد کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ پہلی منزل سنیچر سے شروع کرے اور ہر روز ایک منزل پڑھ کر جمعہ کو ختم کر دیا کرے۔ اول کا خطبہ ذیل خواہ ہر منزل کے ساتھ پڑھے یا جس منزل کے ساتھ دل چاہے۔ جو دعائیں ختم پر لکھی ہیں ان کو بھی کبھی کبھی پڑھ لیا کرے۔ عنایت اللہ عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اے خدائے پاک رحمٰن و رحیم — قاضیِ حاجات وہاب و کریم

اے الٰہ العالمیں اے بے نیاز — دین و دُنیا میں ہمارے کارساز

تو ہی معبود اور تو ہی مقصود ہے — تیرے ہی ہاتھوں میں خیر و جُود ہے

ہم ترے بندے ہیں اور تو ہے خدا — تُو کریم مطلق اور ہم ہیں گدا

ہم گنہگار، اور تُو غفّار ہے — ہم بھرے عیبوں سے تُو ستّار ہے

ہم ہیں بے کس، اور تُو بے کس نواز — ہم ہیں ناچار، اور تُو ہے چارہ ساز

تُو وہ قادر ہے کہ جو چاہے کرے — جس کو چاہے دے جسے چاہے نہ دے

تو وہ داتا ہے کہ دینے کے لئے — در تری رحمت کے ہر دم ہیں کُھلے

Marfat.com

تیرے در پر ہاتھ پھیلاتا ہے جو — پا ہی لیتا ہے وہ ہر مقصود کو
مانگنا ہم پر کیا ہے تُو نے فرض — اور سکھا ہم کو دیئے آدابِ عرض
مانگنے کو بھی ہمیں فرما دیا — مانگنے کا ڈھنگ بھی بتلا دیا
بلکہ مضموں بھی ہر اک درخواست کا — ہم کو یارب تُو نے خود سکھلا دیا
ہر گھڑی دینے کو تُو تیار ہے — جو نہ مانگے اس سے تُو بیزار ہے
ہر طرف سے ہو کے ہم خوار و تباہ — آ پڑے اب تیرے در پر یا الٰہ
گرچہ یارب ہم سراپا ہیں بُرے — اب تو لیکن آ پڑے در پر ترے
دل میں ہیں لاکھوں اُمیدیں جلوہ گر — ہاتھ اُٹھاتے شرم آتی ہے مگر
تُو غنی ہے اور ہم ہیں بے نوا — کون پُوچھے گا ہمیں تیرے سوا
ہے تُو ہی حاجت روائے دو جہاں — ہم ترا در چھوڑ کر جائیں کہاں
صدقہ اپنی عزت و اجلال کا — صدقہ پیغمبر کا، ان کی آل کا
اپنی رحمت ہم پہ اب مبذول کر — یہ مناجات اور دُعا مقبول کر

پہلی منزل ہے سنیچر سے شروع

۱

اے ہمارے پالنے والے خُدا — خُوبیٔ دارین ہم کو ہو عطا
کر ہمارا دین و دُنیا میں بھلا — اور عذابِ نار سے ہم کو بچا

۲

ہم پہ یارب صبر کو تُو ڈھال دے — ہم کو پُورا صبر و استقلال دے

Marfat.com

رکھ خُداوندا ہمیں ثابت قدم ہوں کبھی عاجز نہ بے دینوں سے ہم
اور مدد سے اپنی یا اللہ کر ہم کو غالب کافروں کی قوم پر

۳

بخش دے یا رب ہماری بُھول چُوک کر ہمارے ساتھ اچھا ہی سلوک
اور ہم پر تُو نہ رکھ اُس بوجھ کو ہم سے پہلوں پر رکھا تھا تو نے جو
اس مشقت میں نہ ہوں ہم مُبتلا جس کی طاقت ہم نہ رکھیں اے خُدا
بخش ہم کو اور ہم سے در گذر رحم کر یا رب ہمارے حال پر
تُو ہمارا مالک اور مولا ہے تُو ہے ترے ہاتھوں ہماری آبرُو
کر ہماری تو مدد اور دے ظفر[1] ہم کو بے دینوں پر اور کفّار پر

۴

راہ دِکھلا کر نہ پھیر گمراہ کر دل ہمارے ہوں نہ مائل سُوئے شر
ہے جو تیری خاص رحمت اے خُدا کر ہمیں بھی اُس سے کچھ حصّہ عطا
ہے تو ہی بے شبہہ وہّاب و کریم ہے ترا ہی نام رحمٰن و رحیم

۵

یہ زمیں[2] یہ آسماں یہ دن یہ رات یہ عجائب صنعتیں، یہ کائنات
ہیں ترے اسرار ان میں بے شمار اور تری قُدرت کے آثار آشکار
رکھتے ہیں جو لوگ عبرت کی نگاہ دل سے وے اسکے مقر ہیں اور گواہ
جتنی ہے مخلوق تیری بالیقیں ایک ذرہ بھی عبث ان میں نہیں
ہے ترا ہر کام حکمت سے بھرا تُو نے کب بے کار کچھ پیدا کیا

[1] ظفر: فتح [2] ناظم نے ترجمہ میں شروع سے لیا ہے ۱۲

Marfat.com

پاک ہے تو اس سے اے ربِّ جہاں ہم ہیں تیرے بندۂ تسبیح خواں
تو عذابِ نار سے ہم کو بچا ہوں نہ ہم بے آبرو روزِ جزا
تو نے دوزخ میں جسے داخل کیا اس کو بیشک تو نے رسوا کر دیا
ایسے ظالم کا کوئی ساتھی نہیں ایک بھی اس کا نہیں یار و معیں
اک منادی کی سنی ہم نے پکار ہر طرف وہ دے رہا تھا اشتہار
دل سے مانو اپنے ربِّ پاک کو اس پر ایماں لاؤ تم منکر نہ ہو
سُن کر اس رہبر کی یہ دلکش صدا لائے ہم ایمان تجھ پر اے خدا
بخش دے یا رب ہمارے تو گناہ اور کر ہم پر عنایت کی نگاہ
ہم میں ہے جو کچھ برائی اے خدا کر الگ ہم سے اسے اور دے چھپا
ہم کو دُنیا سے اٹھا نیکوں کے ساتھ حشر بھی ہو اے خدا نیکوں کے ساتھ
تیری جانب سے رسولوں نے ترے وعدے جن جن نعمتوں کے ہیں کئے
ہم کو یا رب مستحق اُن کا بنا اور وہ ساری نعمتیں فرما عطا
اور نہ کر رسوا ہمیں روزِ جزا ٹل نہیں سکتا کبھی وعدہ ترا

۶

کر کے ہم نے معصیت کا ارتکاب خود کیا ہے اپنی جانوں کو خراب
تو نہ بخشے اے خدا ہم کو اگر اور کرے ہم پر نہ رحمت کی نظر
ہونگے ہم بیشک خداوندا تباہ دو جہاں میں نامراد و روسیاہ

۷

صبر سے یا رب ہمیں کر تر بتر کر ہمارا خاتمہ اسلام پر

Marfat.com

ہوں الگ تیری غلامی سے نہ ہم — مرتے دم تک اس پہ رکھ ثابت قدم

۸

تو ہی یارب ہے ہمارا کارساز — ہے تری رحمت پہ ہم بندوں کو ناز
فضل میں رحمت میں بے ہمتا ہے تُو — سب سے بڑھ کر بخشنے والا ہے تُو
بخش ہم کو اور ہم پر رحم کر — کر تُو اپنے مہر کی ہم پر نظر

۹

ظالموں کے شر سے تُو ہم کو بچا — کر نہ اُن کا تختۂ مشقِ جفا
اپنی رحمت سے تو اے ربُّ العُلا — کافروں کی قوم سے ہم کو چھڑا

۱۰

اے خُدائے خالقِ ارض و سما — اے خُدائے مالکِ روزِ جزا
ہے تُو ہی دنیا میں میرا کارساز — اور تُو ہی ہے آخرت کا کارساز
مَوت دے یارب مجھے اسلام پر — اور مُجھ کو صالحوں کے ساتھ کر

۱۱

مُجھ کو یہ توفیق دے اے بے نیاز — کہ ہمیشہ ٹھیک رکھوں میں نماز
مُجھ کو تو پُورا نمازی دے بنا — اور مری اَولاد کو بھی اے خُدا
کر دُعا میری الٰہی مُستجاب — بخش دینا مُجھ کو تُو روزِ حساب
مغفرت ماں باپ کی بھی میرے کر — کل مُسلمانوں سے بھی تُو در گذر

۱۲

جیسے بچپن میں مرے ماں باپ نے — رحمت و شفقت سے پالا ہے مُجھے

Marfat.com

تُو بھی اُن پر یا الٰہی رحم کر — اُن کو رحمت کا صلہ دے سر بسر

۱۳

خوش دلی کے ساتھ با عز و وقار — مُجھ کو تُو میرے ٹھکانے پر اُتار
یُوں ہی پھر مُجھ کو ٹھکانے سے نکال — ہر جگہ خوش رکھ مُجھے اے ذوالجلال
مُجھ کو اے مالک پہنچنا ہو جہاں — خیر و خُوبی سے تُو پہنچا دے وہاں
اور جہاں سے مُجھ کو تُو باہر کرے — خیر و خوبی ہی سے باہر کر مُجھے
اپنی جانب سے وہ قوّت دے مُجھے — ہر جگہ جس سے مدد مُجھ کو ملے

۱۴

اپنی رحمت خاص یارب دے ہمیں — اور درستی دے ہمارے کام میں

۱۵

یا الٰہی کھول دے سینہ مرا — اور عالی حوصلہ مُجھ کو بنا
کر دے آساں کام کو یارب مرے — اور گرہ میری زباں کی کھول دے
تاکہ سمجھیں لوگ میری بات کو — امرِ حق واضح بخوبی مُجھ سے ہو

۱۶

یا الٰہی علم کو میرے بڑھا — مجھ کو ہر دم علم نافع کر عطا

۱۷

آپڑی ہے مجھ پہ سختی اے خُدا — کِس سے میں مانگوں مدد تیرے سوا
سب سے بڑھ کر رحم والا ہی تُو ہی — دُکھ میں بے کس کا سہارا ہے تُو ہی

۱۸

یا الٰہی مُجھ کو تنہا تُو نہ چھوڑ — اور بے وارث اکیلا تُو نہ چھوڑ
بخش اچّھا کوئی وارث مُجھ کو بھی — اور بہتر سب سے وارث ہے تو ہی

Marfat.com

۱۹

ساتھ برکت کے مجھے یارب اتار — دے مجھے عزّت نہ کر رُسوا و خوار
اور بنا مُجھ کو مبارک میہمان — تو ہے یارب سب سے بہتر میزبان

۲۰

مُجھ کو شیطانوں کی چھیڑوں سے بچا — مُجھ سے شیطانوں کو رکھ دُور اے خُدا
مانگتا ہُوں تجھ سے مَیں تیری پناہ — شر سے شیطانوں کے ہر دم یااِلٰہ

۲۱

تجھ پہ یارب لا چکے ایمان ہم — تو بھی فرما ہم پر اب لُطف و کرم
بخش ہم کو اور ہم پر رحم کر — رحم والا ہے تو سب سے بیشتر

۲۲

ہم پہ یارب کھول دے رحمت کا باب — اور ہٹا ہم سے جہنّم کا عذاب
سخت ہے اس کی لپیٹ اور دائمی — جس کو ہرگز سہ نہیں سکتا کوئی

۲۳

ہوں ہمارے گھر کے سب اہل و عیال — نیک بخت و نیک کار و نیک حال
آنکھیں ٹھنڈی کر ہماری اُن سے تُو — اُن سے پُوری کر ہماری آرزو
سب سے بڑھ کر متّقی ہم کو بنا — اہلِ تقوٰی کا ہمیں کر پیشوا

۲۴

مُجھ پہ یارب اور مرے ماں باپ پر — تُو نے جو احساں کیے ہیں سر بسر
مُجھ کو دے توفیق اُن کے شکر کی — اور اچھے کاموں کی توفیق بھی

Marfat.com

تو ہو جن کاموں سے راضی اے خدا رکھ مجھے ویسے ہی کاموں میں لگا
اور اپنے نیک بندوں میں مجھے لے ملا یارب تو اپنے فضل سے

۲۵

تو غنی ہے اور داتا اے خدا میں ترے دربار کا ادنےٰ گدا
خیر و بخشش کا ترے امیدوار رہتا ہوں ہر وقت اے پروردگار
اے خدا جو کچھ تو اپنے فضل سے ہے مقدّر کر چکا میرے لئے
میں ہوں محتاج اُس کا اور رکھتا ہوں آس اُس کو پہنچا دے الٰہی میرے پاس

۲۶

اپنی تائید و عنایت سے تو کر مُجھ کو غالب مُفسدوں کی قوم پر

۲۷

علم و رحمت میں تری سارا جہاں ذرہ ذرہ ہے سمایا بے گماں
ہے ہر اک شے یا الٰہی سربسر رحمت و احساں سے تیرے بہرہ ور
علم سے تیرے بھی ہے باہر نہیں ایک ذرہ اے اللہ العالمیں
پس انہیں تو بخش اے پروردگار جو گناہوں سے ہیں اپنے شرمسار
اور کریں توبہ تری درگاہ میں اور تیری راہ پر یارب چلیں
اُن کو دوزخ کے عذابوں سے بچا حسبِ وعدہ اُن کو جنّت کر عطا
ان کے جو آبا ہوں اور اجداد ہوں عورتیں ان کی ہوں اور اولاد ہوں
نیک بندے ان میں جو ہوں اے کریم کر انہیں بھی باغِ جنّت میں مقیم
ہے تو ہی یارب زبردست اور حکیم نام ہے تیرا ہی رحمٰن و رحیم

Marfat.com

ہر خرابی سے انہیں روزِ جزا — فضل سے اپنے بچانا اے خُدا
جو خرابی سے بچا روزِ حساب — کُھل گیا اس پر تری رحمت کا باب
رحم فرمائے تو جس پر روزِ دیں — کامیاب اس سے کوئی بڑھ کر نہیں

۲۸

دے مجھے اولاد اچھی اے خُدا — اور کر اصلاح ان کی اے خدا
توبہ کی اب مَیں نے اے پروردگار — کُل گناہوں سے ہُوا مَیں شرمسار
مَیں ہُوں تیرا حکم بردار اے خُدا — کر مری توبہ قبول اور التجا

۲۹

دب گیا مَیں اے خُداوندِ انام — لے تو میرے دشمنوں سے انتقام

۳۰

ہم کو اور ان بھائیوں کو اے خُدا — پہلے ایماں لا چکے جو اے خُدا
بخش یارب سب کو اور کر دے معاف — دل ہمارا رکھ مُسلمانوں سے صاف
تو ہے نرمی والا بیشک اور رحیم — ہے تو ہی غفّار و ستّار و حلیم

۳۱

ہم کو ہے تیرا بھروسا اور آس — اور کیا ہم نے رجُوع اب تیرے پاس
ہے ٹھکانا سب کا تیری ہی طرف — ہو گا جانا سب کا تیری ہی طرف
ہم کو بے دینوں کے حملے سے بچا — کر نہ ان کا تختۂ مشقِ جفا
اور ہماری مغفرت کر اے رحیم — تو ہی یارب ہے زبردست و حکیم

۳۲

رکھ ہمارے نُور کو تُو برقرار — ہر اندھیرے سے ہمیں رکھ برکنار

Marfat.com

پوری کر یارب ہماری روشنی — اور ہماری مغفرت کر اے غنی
تو ہر اک شے پر ہے قادر بے گماں — سب تو کر سکتا ہے اے ربِ جہاں

۳۳

بخش دے یارب مرے جرم و خطا — اور مرے ماں باپ کو بخش اے خدا
آئے جو ایمان والا میرے گھر — مغفرت اُس کی بھی یا اللہ کر
جتنے ہیں ایمان والے مرد و زن — بخش دے ان سب کو تو اے ذُوالمنن

۳۴

آبِ رحمت سے تُو اے ربِّ انام — کُل گناہوں کو مرے دھو دے تمام
اور میری کل خطائیں کر معاف — دل کو میرے کر دے ایسا پاک صاف
سادہ کپڑا جس طرح ہو جائے پاک — میل دھو دینے سے اَور ہو تابناک
رکھ گناہوں سے مجھے دُور اس قدر — دُور ہے مشرق سے مغرب جس قدر

۳۵

دے تُو میرے نفس کو اس کا بچاؤ — رکھ گناہوں سے تو اس کو بے لگاؤ
اس کو تقویٰ دے تُو اے پروردگار — اور اس کو ہر طرح سے دے سنوار
اس کا مصلح سب سے بہتر ہے تُو ہی — اس کا مالک اور یاور ہے تُو ہی

۳۶

تیرے پیغمبر نے اے ربّ العُلا — نام جن کا ہے محمّد مصطفےٰ
ہے کیا جس جس بھلائی کا سوال — مانگتے ہیں ہم بھی سب، اے ذُوالجلال

۳۷

اے خدا اے مالکِ جُود و کرم — چند چیزیں مانگتے ہیں تجھ سے ہم

Marfat.com

ہم کو ان اعمال کی توفیق دے مغفرت جن کے سبب سے تو کرے
ایسے ہوں اعمال میرے اور صفات دو جہاں میں جن سے ہو میری نجات
کُل گناہوں سے ہمیں یارب بچا ہر بھلائی کی غنیمت کر عطا
اور عنایت کر ہمیں باغِ جناں اور دوزخ سے خُدایا دے اماں

۳۸

علم ایسا دے خُداوندا مُجھے جو مُجھے دونو جہاں میں نفع دے

۳۹

کُل گناہوں کو مرے تُو بخش دے خواہ وہ بے قصد ہوں یا قصد سے

۴۰

میری نادانی کو بخش اور چُوک کو اور جو بے اعتدالی مجھ سے ہو
مُجھ سے بڑھ کر جانتا ہے تُو ہی جو عفو کر دے اے خُدا ہر ایک کو

۴۱

جو گنہ مَیں نے کئے ہوں قصد سے یا جو یُوں ہی ہو گئے بے قصد کے
سب کو یارب بخش دے اور کر معاف کُل گناہوں سے مجھے کر پاک و صاف

۴۲

اے دلوں کے پھیرنے والے خُدا جی ہمارا اپنی طاعت میں لگا
تو جدھر جس دل کو چاہے پھیر دے تیرے ہی قابُو میں دل ہیں خلق کے
پس ہمارے دل کو اپنے فضل سے اپنی طاعت کی طرف تُو پھیر دے

۴۳

مُجھ کو راہِ راست دکھلا اے خُدا راست رکھ میری ہر اک وضع و ادا
راہ دکھلا تُو مُجھے اے ذوالمنن اور میرے ٹھیک رکھ چال اور چلن

Marfat.com

۴۴

رہنمائی مانگتا ہوں تجھ سے مَیں
پارسائی مانگتا ہوں تجھ سے مَیں

تجھ سے تقویٰ مانگتا ہوں اے خُدا
اور تجھ سے مانگتا ہوں مَیں غنا

۴۵

دین میرا جو نگہباں ہے مرا
دو جہاں کے شر سے لیتا ہے بچا

میری دنیا جس میں ہے میری معاش
جس میں ہے بالفعل میری بُود و باش

آخرت میری جو ہے اصلی مکاں
لوٹ کر آخر کو جانا ہے جہاں

ٹھیک رکھ ان سب کو ربُّ العالمین
میری دُنیا، میری عقبیٰ، میرا دین

اور میری زندگی کو اے خُدا
نیکیوں کے بڑھنے کا باعث بنا

جس قدر زائد ہو میری زندگی
اِتنی ہی زاید بھلائی ہو مری

مَوت ہو میری سبب آرام کا
دے مجُھے ہر اک بُرائی سے بچا

۴۶

مجُھ پہ یارب رحم کر اور بخش دے
عافیت اور رزق یارب دے مجُھے

دل سے لے کر پہلے مَیں نامِ اللہ
حق تعالیٰ کی پکڑتا ہُوں پناہ

غم سے اندیشہ سے، اور سُستی سے بھی
عاجزی سے بخل و نامردی سے بھی

اُس بڑھاپے سے بھی اور اُس عُمر سے
کر دے جو بالکل ہی ناکارہ مجُھے

قرض کے بوجھ اور بارِ دَین سے
دے پناہ اپنی خُداوندا مجُھے

فتنۂ نار و عذابِ نار سے
اور دوزخ کے ہر اک آزار سے

فتنۂ قبر و عذابِ قبر سے
اور زبردستوں کے قہر و جبر سے

Marfat.com

دے مجھے لوگوں کے غلبہ سے پناہ دب نہ جاؤں میں کسی سے اے الٰہ
اور پناہ اس سے بھی دے اے ذوالمنن میرے دشمن ہوں نہ مجھ پر طعنہ زن
دیکھ کر مجھ کو پریشان و تباہ مجھ پہ وے ہنسنے نہ پائیں اے الٰہ
بدنصیبی اور بری تقدیر سے دے خداوندا پناہ اپنی مجھے

دوسری منزل ہے اب اتوار سے

۴۷

اے خدائے پاک کر میری مدد اور نہ کر میرے مخالف کی مدد
اور میرا ہو تو ساتھی اے خدا اور نہ ہو ساتھی مرے بدخواہ کا
دشمنوں پر تو چلا دے میرا داؤ اور نہ چلنے دے مرے دشمن کا داؤ
اور دکھا مجھ کو صراطِ مستقیم اور اسے آسان کر دے اے کریم
جو کرے مجھ پر تعدّی اور جفا دے مدد اس پر تو مجھ کو اے خدا
کر عنایت مجھ کو یا رب بیشتر اپنا ذکر اور اپنا شکر اور اپنا ڈر
اپنی رغبت، اپنی طاعت دے بہت میرے دل میں اپنی اُلفت دے بہت
کر بہت ہی ذوق و شوق اپنا عطا دے بہت ہی درد کا اپنے مزا
میری توبہ کر لے مقبول اے خدا اور دے میرے گناہوں کو مٹا
کر دعا میری قبول اے کردگار اور دلیلوں کو مری کر استوار
اور زباں کو میری یا رب ٹھیک کر اور مرے دل کو سوجھا دے خیر و شر
جتنے ہیں باطن کے روگ اے ذوالجلال میرے سینہ سے تو ہر اک کو نکال

Marfat.com

۴۸

بخش دے ہم کو تُو اے ربِّ بشر ہم سے خوش ہو اور ہم پر رحم کر
کر ہمیں جنّت میں داخل اے خُدا اور ہمیں نارِ جہنّم سے بچا
اور بنادے تو ہمارے سارے کام ٹھیک رکھ ہر کام اے ربِّ انام

۴۹

یارب آپس میں ہمارے میل دے ساتھ اُلفت کے رہیں ہم سب سے ملے
صلح کی توفیق یارب دے ہمیں اور سلامت کے دکھا رستے ہمیں
اور ہمیں تاریکیوں سے تُو نکال روشنی میں لا ہمیں اے ذُوالجلال
ٹھیک کر دے تُو ہماری حالتیں اور راہیں اپنی تُو دکھلا ہمیں
ہر طرح کی بے حیائی اے خُدا خواہ پوشیدہ ہو یا ہو برملا
دُور رکھ اِن سب سے ہم کو اور بچا کر نہ بے شرمی میں ہم کو مُبتلا
کر ہمارے کانوں میں برکت عطا اور آنکھوں اور دلوں میں اے خُدا
بی بیوں میں، اور نیز اولاد میں سب میں برکت دے خُداوندا ہمیں
کر توجہ ہم پر اپنی مہر سے اور گناہوں کو ہمارے بخش دے
مہرباں ہے رحم میں یکتا ہے تُو اور بہت ہی بخشنے والا ہے تُو
اپنی نعمت کا ہمیں شاکر بنا ہم ترا کرتے رہیں شُکر و ثنا
اپنی نعمت کے تو کر قابل ہمیں اور نعمت اپنی دے کامل ہمیں

۵۰

ہم کو یارب از رہِ لطف و کرم دین کے کاموں میں رکھ ثابت قدم

Marfat.com

جن ذریعوں سے بھلائی ہو مری
جن سے ہو مجھ کو یقینی بہتری

وہ عطا کر مجھ کو اے ربِّ غنی
اور دے توفیق اپنے شُکر کی

اور رکھ اپنی غلامی میں مجھے
وہ غلامی جو پسند آئے تجھے

اور مجھے سچّی زباں دے اے کریم
اور عنایت کر مجھے قلبِ سلیم

ٹھیک ہوں اخلاق میرے اے خدا
ہو پسندیدہ مری ہر اک ادا

ایسی وضع اور ایسی سیرت دے مجھے
ہو جو پاک افراط اور تفریط سے

جانے جو بہتر تو میرے واسطے
تجھ سے مَیں وہ مانگتا ہوں، دے مجھے

جو تجھے معلوم ہیں میرے گناہ
بخش دے اپنے کرم سے یا الٰہ

کُل چھپی چیزوں کی ہے تجھ کو خبر
جانتا ہے خوب تُو ہر خیر و شر

۵۱

ہو چکے ہیں جس قدر ہم سے گناہ
ہوں مقدّم یا مؤخّر یا الٰہ

خواہ پوشیدہ کئے یا برملا
بخش دے ان سب گنہ کو اے خدا

ان گناہوں سے بھی یارب درگزر
مجھ سے بڑھ کر ہے تجھے جن کی خبر

۵۲

اپنا ڈر اتنا الٰہی دے مجھے
جو ترے عصیاں سے روکے مجھے

اپنی طاعت کا وہ حصہ دے مجھے
باغِ جنّت میں جو پہنچا دے مجھے

دے یقیں ایسا خداوندا مجھے
سختیاں دُنیا کی جو آساں کرے

سختیاں دُنیا کی جھیلیں لاکھ ہم
راہِ دیں سے پر نہ ڈگ جائے قدم

کانوں سے آنکھوں سے قوّت سے ہمیں
بہرہ ور رکھ زندہ ہم جب تک رہیں

Marfat.com

مرتے دم تک ہوں یہ اعضا برقرار ان سے بے بہرہ نہ کر اے کردگار
بعد مرنے کے بھی رکھنا برقرار یا الٰہی ان کی اچھی یادگار
جو کوئی ہم پر کرے ظلم اے خدا ہو وہی اس کی سزا میں مبتلا
ہو وبال اُس کا اُسی پر اے اللہ ہم نہ ہوں ناحق کسی سے کینہ خواہ
اور جو کوئی ہمارا ہو عدو دے مدد، کر اُس پہ غالب ہم کو تُو
دین کی آفت سے تُو ہم کو بچا کر نہ بے دینی میں ہم کو مبتلا
طالبِ دُنیا نہ اتنا کر ہمیں کہ یہی غم سب سے ہو بڑھ کر ہمیں
ہو نہ دُنیا کی ہمیں اتنی طلب کہ اسی کی دُھن ہمیں ہو روز و شب
ایسی دُنیا سے ہمیں یارب بچا کہ نہ جانیں کچھ بھی ہم اس کے سوا
حُبِّ دُنیا کا نہ ہو ایسا مرض کہ نہ رکھیں کچھ سوا اس کے غرض
ہم پر ایسے کو نہ دے تو اختیار جس کو ہم پر ہو نہ رحم اے کردگار

۵۳

یا اِلٰہ العالمیں ہم کو بڑھا اور نقصانوں سے تو ہم کو بچا
دے ہمیں عزّت، نہ دے ذلّت ہمیں کر نہ بدبخت اچھی دے قسمت ہمیں
دے ہمیں ترجیح یارب خلق سے غیر کو ہم پر نہ کچھ ترجیح دے
ہم کو خوش رکھ اور خوش ہم سے ہو تُو اس رضا کی ہو ہمیشہ جستجو

۵۴

اے خدا ہو جس سے میری بہتری دے مرے دل کو تُو اس سے آگہی

۵۵

تو مجھے راہیں بھلائی کی سُجھا اور بدی سے نفس کی مجھ کو بچا

Marfat.com

اور بھلائی کی مجھے توفیق دے　　اور لگا رکھ نیکیوں ہی میں مجھے

۵۶

تجھ سے اے مالک یہ نالائق غلام　　چند چیزیں مانگتا ہے صبح و شام
عافیت ہو مجھ کو دُنیا میں نصیب　　امن و آسائش ہو عقبیٰ میں نصیب

۵۷

شغل میرا ہو بھلائی صبح و شام　　اور بُرائی سے رہوں بچتا مدام
اور مسکینوں سے اُلفت ہو مجھے　　بخش دے تو کُل گناہوں کو مرے
رحم کر مجھ پر تُو اے ربِّ رحیم　　اور بچا فتنہ سے ہم کو اے کریم
جب تری حکمت کا ہو یہ اقتضا　　خلق کو فتنوں میں کر دے مُبتلا
مُجھ کو اس کے پہلے ہی لینا اُٹھا　　ہر بلا و فتنہ سے دینا بچا
اور مجھے تیری محبت ہو نصیب　　دوستوں کی تیرے اُلفت ہو نصیب
جس عمل سے قرب ہو تیرا مجھے　　اُس عمل کی بھی محبّت مجھ کو دے

۵۸

وہ مزا تیری محبّت میں ملے　　ہو مجھے محبوب تر ہر چیز سے
اپنی جان اور اپنے خان و مان سے　　سب سے بڑھ کر چاہ تیری ہو مجھے
پیاسا چاہے جیسے آبِ سرد کو　　تیری چاہ اس سے بھی بڑھ کر مجھ کو ہو

۵۹

اور محبّت جس کی ہو مجھ کو مفید　　بارگہ میں تیرے اے ربِّ مجید
ہو محبّت اُس سے بھی تیرے لئے　　ہو مری ہر دوستی تیرے لئے
میری جس خواہش کو تُو پُوری کرے　　اور جو کچھ اے خدا تو دے مجھے
تیری ہی طاعت میں کام آئے مجھے　　اور ذریعہ تیری مرضی کا بنے

Marfat.com

جتنی چیزوں سے محبت ہے مجھے زائل ان میں سے تو کر ڈالے جسے
پھر مجھے اس کے عوض میں اے خدا اپنی مرضی کی محبت کر عطا

۶۰

اے دلوں کے مالک اے پروردگار تیرے ہاتھوں ہے دلوں کا پھیر پھار
دین پر اپنے لگا رکھ میرا دل برقرار و استوار و مستقل

۶۱

مجھ کو وہ ایمان دے اے کردگار کچھ نہ آئے فرق جس میں زینہار
اور وہ نعمت دے نہ ہو جس کو فنا ساتھ دے مجھ کو رسولِ پاکؐ کا
خُلد میں ساتھ آپؐ کے رکھنا مجھے کر عطا یہ درجۂ اعلیٰ مجھے

۶۲

یا الٰہی تندرستی دے مجھے کر عطا ایماں بھی ساتھ اس کے مجھے
دے خوش اخلاقی بھی ساتھ ایمان کے اور عطا کر کامیابی بھی مجھے
کامیابی ایسی دے اے مستعان جس کے شامل ہو فلاحِ دوجہان
اور تجھ سے مانگتا ہوں اے غنی عافیت اور رحمت و بخشش تری

۶۳

علم سے میرے مجھے دے فائدہ علم کو میرے نہ کر بے فائدہ
اور جو کچھ میرے حق میں ہو مفید دے مجھے علم اس کا اے ربِ مجید

۶۴

یا الٰہی صدقہ علمِ غیب کا صدقہ اپنی قدرتِ لاریب کا
زندہ رکھ دُنیا میں اتنا ہی مجھے جتنا جینا ہو بھلا حق میں مرے
اور مرجانا مرا جب ہو بھلا لے مجھے دُنیا سے اے مالک اُٹھا

Marfat.com

اپنا خوف اور اپنی ہیبت اے خدا
ظاہر و باطن میں کر مجھ کو عطا
اور خوشی اور ناخوشی ہر حال میں
لوگ مجھ سے خوش ہوں یا ناخوش رہیں
مجھ کو اپنا بندۂ مخلص بنا
کلمۂ حق سے نہ کر مجھ کو جدا
دے وہ ٹھنڈک آنکھ میں اے ذوالجلال
اور وہ نعمت دے نہ ہو جس کو زوال
رکھ رضامند اپنی خواہش پر مجھے
کر نہ دے حرص و ہوا مضطر مجھے
بعد مرنے کے مجھے راحت ملے
اور ترے دیدار کی لذّت ملے
کر عطا اپنا مجھے شوقِ لقا
دین و دنیا کی خرابی سے بچا
کر ہمیں ایمان کی زینت عطا
راہ بین و رہنما ہم کو بنا

۶۵

ہے بھلائی جتنی اے ربِّ غنی
خواہ وہ دنیا کی ہو یا دین کی
ہو مجھے علم اس کا یارب یا نہ ہو
مانگتا ہوں تجھ سے میں ہر ایک کو

۶۶

پیارے پیغمبر نے تیرے اے خدا
تجھ سے کی جس جس بھلائی کی دعا
سب کے سب کا میں بھی کرتا ہوں سوال
سب عطا کر مجھ کو بھی اے ذوالجلال
باغِ جنّت ہو مجھے یارب نصیب
اور کرے جو قول و فعل اس سے قریب
قول و فعل ایسے ہوں اے مالک مرے
جن کے باعث جنّت الماویٰ ملے
ہو مرے بارے میں جو حکمِ قضا
وہ نہ ہو میری بھلائی کے سوا

۶۷

میرے حق میں حکم جو کچھ ہو ترا
ہو بھلا اس کا نتیجہ اے خدا

۶۸

جتنے ہیں یارب ہمارے کاروبار
بہتر ان سب کا تو کر انجام کار

Marfat.com

اور رُسوائی سے دے ہم کو پناہ — دین و دُنیا میں نہ ہوں ہم رُوسیاہ

۶۹

جاگتے سوتے، کھڑے بیٹھے ہمیں — ساتھ رکھ اسلام کے ہر حال میں

برکتِ اسلام سے ہر حال میں — ہر بلا سے تو بچا یارب ہمیں

ہو نہ وہ حالت مری اے ذُوالمنن — دشمن و حاسد ہوں جس سے طعنہ زن

جتنے دشمن اور حاسد ہیں مرے — مجھ پہ ہنسنے کا انہیں موقع نہ دے

ہیں ترے ہاتھوں میں اے پروردگار — ہر بھلائی کے خزانے بے شمار

کر تُو ان میں سے مجھے بھی کچھ عطا — ہے مجھے یارب ترا ہی آسرا

۷۰

جو بھلائی ہاتھ میں ہے تیرے ہی — دے کچھ اس میں سے الٰہی مجھ کو بھی

۷۱

بخش دے یارب مرا ہر اک گناہ — میری ہر مشکل کو حل کر اے اللہ

میری ہر بگڑی کو یارب دے بنا — میری ہر اُلجھی کو سُلجھا اے خدا

دور کر دے میرا ہر رنج و بلا — دَین میرے سب کرا دے تُو ادا

دین اور دُنیا کی میری ہر مراد — کر دے پوری اے خُداوندِ عباد

۷۲

اور ہماری کر مدد اے پاک ربّ — اپنے ذکر و شکر میں تو روز و شب

اور ہمیں حُسنِ عبادت کی تُو دے — اے خُدا توفیق اپنے فضل سے

۷۳

اپنی روزی پر قناعت دے مجھے — میری روزی میں تُو برکت دے مجھے

مجھ سے جو غائب ہے اور جو ہی جُدا — حفظ میں اپنے اُسے رکھ اے خدا

Marfat.com

۷۴

خیر و خوبی سے بسر ہو زندگی　　اور ہو ایسی ہی میری مَوت بھی

حشر بھی اچھا ہو اے پروردگار　　روزِ محشر میں نہ ہُوں رسوا و خوار

۷۵

مَیں ضعیف و ناتواں ہُوں اے خُدا　　قوّت و طاقت مجھے تو کر عطا

خیر کی جانب مجھے تو کھینچ لے　　ہر بُرائی سے رہائی مجھ کو دے

رکھ مجھے اپنی غُلامی میں لگا　　ہو یہی میری خُوشی کی انتہا

کچھ نہ ہو تیری غُلامی کے سوا　　میری خُوشنودی کا باعث اے خُدا

دے تُو عزّت مجھ ذلیل و خوار کو　　رزق دے مُجھ مفلس و نادار کو

۷۶

مانگتا ہُوں ہر بھلی چیز اے خُدا　　ہر بھلائی کی مَیں کرتا ہُوں دُعا

مُجھ کو اچھی کامیابی کر عطا　　دے مجھے اچھا عمل، اچھی جزا

اچھّا جینا اچھّا مرنا کر نصیب　　حق پہ ثابت رکھ ہمیشہ اے مجیب

وزن میری نیکیوں کا دے بڑھا　　اور مجھے ایمانِ صادق کر عطا

اور بڑھا یا رب تُو درجے کو مرے　　مُجھ کو جنّت کے بڑے درجے تُو دے

فضل سے کر لے قبول اے کارساز　　میری ہر اک طاعت اور ہر اک نماز

خیر کی ہر ابتدا اور انتہا　　اُس کا ہر اک ظاہر اور ہر اک چھُپا

اُس کا اوّل اور آخر اُس کا بھی　　اور جس میں جمع ہو ہر بہتری

الغرض ہر خیر ہر اک قسم کا　　یا الٰہی تجھ سے مَیں ہُوں مانگتا

کام میرے جتنے ہوں چھوٹے بڑے　　خواہ وہ اعضا کے ہوں یا قلب کے

جلد ہو یا دیر میں انجامِ کار　　خواہ پوشیدہ ہوں یا ہوں آشکار

Marfat.com

سربسر ہر کام میرا ہو بھلا | شر کی آمیزش سے تو مجھ کو بچا

۷۷

جب ہو میری عمر کا وقتِ اخیر | دستگیری کر مری اے دستگیر
تنگ دستی سے بڑھاپے کی بچا | دے مجھے روزی زیادہ اے خدا

۷۸

میری اچھی عمر ہو، عمرِ اخیر | فضل و رحمت سے ترے اے دستگیر
سب سے اچھے ہوں مرے پچھلے عمل | سب سے اچھا وقت ہو وقتِ اجل
اور ملوں جس روز تجھ سے اے غنی | سب سے اچھا روز ہو میرا وہی

۷۹

اے ولی اسلام کے اور دستگیر | اے مسلمانوں کے حامی اور نصیر
مجھ کو رکھ اسلام پر قائم مدام | تا دمِ آخر رہوں تیرا غلام
جب کہ آئے وقت ملنے کا ترے | میرا ملنا بھی ہو ساتھ اسلام کے

۸۰

تجھ سے یارب مانگتا ہوں میں غنا | مجھ کو محتاجی و تنگی سے بچا
کل اقارب میرے اور احباب بھی | فضل سے تیرے ہوں خوشحال و غنی
دے بلا کی اس مشقت سے پناہ | جو مجھے کر دے خداوندا تباہ
ہر گناہ اور اس کے ہر سامان سے | ہر طرح کے ڈنڈ اور تاوان سے
مال و دولت کے برے فتنہ سے بھی | فقر و عسرت کے برے فتنہ سے بھی
دے پناہ، اور فتنۂ دجال سے | اس کے غلبہ اور دغا کی چال سے
زندگی کے فتنہ سے اور موت کے | اور کفر و فسق اور عصیان سے
دل کی سختی سے بھی اور غفلت سے بھی | اور محتاجی سے اور ذلت سے بھی

Marfat.com

اور دکھانے اور سُنانے کے لئے
کوئی نیکی مجھ سے تُو ہونے نہ دے

اور نمائش اور ریا سے دے پناہ
اور مجھے حرص و ہوا سے دے پناہ

گونگا پن بہرہ پن اور دیوانہ پن
سب سے دے مجھ کو پناہ اے ذوالمنن

جتنی ہیں بیماریاں سخت اور بُری
جن سے لوگوں کا گھنا کرتا ہے جی

کوڑھ ہو یا برص ہو یا ہو جُذام
دے پناہ اِن سب سے اے ربِّ انام

تیسری منزل کا دن ہے سوموار

۸۱

یا الٰہی مجھ کو صبر و شکر دے
کر بہت صابر بہت شاکر مجھے

میری آنکھوں میں مجھے چھوٹا دکھا
کر مجھے لوگوں کی آنکھوں میں بڑا

خُود سمجھتا میں رہوں اپنے کو خوار
لوگ سمجھیں مُجھ کو باعزّ و وقار

۸۲

ملک میں یارب ہمارے سر بسر
ہر طرف امن و اماں ہو جلوہ گر

اور زمیں میں ہو ہماری ہر جہت
برکت و زینت سکون و عافیت

اور جو کچھ تُو عطا مجھ کو کرے
اس میں برکت بھی الٰہی مجھ کو دے

اور نہ دے تو مجھ کو جو کچھ اے خُدا
اس کے فتنہ سے بھی تو مُجھ کو بچا

۸۳

اچھی صورت تُو نے جب دی ہے مجھے
اچھی سیرت بھی الٰہی مجھ کو دے

۸۴

غیظ و غصہ میرے دل سے دُور کر
دل کو اپنے نُور سے معمُور کر

جب تلک جیتا رہوں میں اے خُدا
مُجھ کو گمراہی کے فتنہ سے بچا

Marfat.com

۸۵

اور دلیل ایمان کی دل کو مرے	یا الٰہی مرتے دم سکھلا تو دے

۸۶

آج بھی میرا بھلا ہوئے خدا	اور آئندہ بھی ہو میرا بھلا
آج کے دن کی بھلائی ہو نصیب	اور اس کی رہنمائی ہو نصیب
فتح و نصرت، برکت اور نُور آج کا	یا الٰہی مجھ کو تو فرما عطا

۸۷

تجھ سے ہُوں تیری معافی مانگتا	اور مُجھ کو عافیت دے اے خُدا
دین میں دُنیا میں اہل و مال میں	عافیت مُجھ کو تُو دے ہر حال میں
یا الٰہی عیب کو میرے چُھپا	خوف سے دل کو مرے کر دے رہا
آگے پیچھے، داہنے بائیں، مرے	اور مرے اُوپر غرض ہر سمت سے
ہو مرے شامل نگہبانی تری	حفظ میں اپنے مجھے رکھ ہر گھڑی
اور نہ ہوں نیچے سے بھی یارب تباہ	تیری عظمت کی پکڑتا ہُوں پناہ

۸۸

اے خُدائے حیّ و قیوم و مُغیث	فضل و رحمت سے ترے ہُوں مستغیث
ٹھیک کر یارب مرا ہر کار و بار	اور مُجھ کو نفس سے رکھ برکنار
ایک لمحہ بھی مُجھے رہنے نہ دے	قبضۂ قدرت میں میرے نفس کے

۸۹

صدقہ یارب اپنے نُورِ ذات کا	جس سے روشن ہیں یہ سب ارض و سما
سائلوں کے حق جو اپنے فضل سے	اپنے اُوپر تو نے ہیں ٹھہرا لئے
اور جتنے حق ہیں تیرے اے خُدا	بخش مُجھ کو سب کے صدقے اے خُدا

Marfat.com

اپنی قدرت سے تُو مجھ سے درگُذر | اور جہنّم سے مُجھے کر بے خطر

۹۰

پہلا حصّہ دن کا یارب آج کے | بہتری کا ہو سبب حق میں مرے
پہلے حصّہ میں ہو اس دن کی صلاح | مجھ کو اور ہو پچھلے حصّہ میں فلاح
آخری حصّہ کو اس کے اے خُدا | کامیابی کا مرے باعث بنا
الغرض از ابتدا تا انتہا | ہو یہ دن یارب مرے حق میں بھلا
اے خُدا اے سب سے بڑھ کر مہرباں | مانگتا ہُوں تجھ سے خیرِ دو جہاں
دین و دنیا کی بھلائی دے مجھے | ہر بُرائی سے رہائی دے مجھے

۹۱

مغفرت میری کر اے ربِّ غفور | اور کر دے مجھ سے تُو شیطاں کو دور
مجھ سے ہر اک بند میرا دے چُھڑا | کر مجھے قیدِ معاصی سے رہا
پلّہ میری نیکیوں کا اور ثواب | کر دے بھاری اور بڑھا روزِ حساب
طبقۂ اعلیٰ میں دے مجھ کو جگہ | مجلسِ والا میں دے مجھ کو جگہ

۹۲

حشر کے دن تو نہ کر مجھ پر عذاب | دُکھ سے اس دن کے بچا روزِ حساب

۹۳

اے خُداوندِ جہاں ربِّ انام | تیرے ہی قبضہ میں ہے عالم تمام
تیرے ہی قبضہ میں ہیں ہفت آسمان | اور جن چیزوں کے یہ ہیں سائبان
ہے زمیں ساری بھی قبضہ میں ترے | اور جو کُچھ اس میں ہے اُوپر تلے
کُل شیاطین اور ان کے تابعین | سب ترے بس میں ہیں رب العالمین
تو نگہباں ہو مرا اور دے پناہ | کُل خلائق کی بدی سے اے الٰہ

Marfat.com

خلق کے ظلم و تعدی سے بچا — اور نہ کرنے پائیں وے جور و جفا
یاالٰہی تُو نے دی جس کو پناہ — سب پہ وہ غالب ہُوا بے اشتباہ

٩٤

نام تیرا برکتوں سے ہے بھرا — اور نہیں تیرے سوا کوئی خُدا
ہے نہ سا جھی کوئی تیرا بے گماں — تُو ہے پاک اور مَیں ترا تسبیح خواں
مغفرت کا تجھ سے ہُوں امیدوار — اور تری رحمت کا ہُوں مَیں خواستگار

٩٥

کُل گناہوں کو مرے بخش اے خُدا — اور میرے گھر میں کر وسعت عطا

٩٦

اور برکت میری روزی میں تُو دے — اور ان لوگوں میں تُو کر دے مجُھے
دل سے جو توبہ کیا کرتے ہیں خُوب — حق طہارت کا ادا کرتے ہیں خُوب
ظاہر و باطن کو اپنے پاک و صاف — خُوب ہی رکھتے ہیں جو اہلِ عفاف
مجھ کو بھی یارب انہیں میں سے بنا — اور تقوےٰ و طہارت کر عطا

٩٧

یاالٰہی بخش دے میرے گُناہ — اور دکھا مُجھ کو ہمیشہ ٹھیک راہ
عافیت دے اور دے روزی مجُھے — امرِ حق پر بخش فیروزی مجُھے

٩٨

جن مسائل میں ہو یارب اختلاف — حق کو ظاہر کر دے مُجھ پر صاف صاف
اختلافی جتنے ہیں یارب امُور — سب میں تو مُجھ کو دکھا دے حق کا نوُر

٩٩

میرے دل میں نوُر دے اور جان میں — دے مری آنکھوں میں نوُر اور کان میں
آگے پیچھے اور بائیں داہنے — ہر طرف سے نور گھیرے ہو مجُھے

Marfat.com

اور سراپا نور تو مجھ کو بنا — کر دے نورانی مجھے سر تا بپا
ہر رگ و پے میں مرے اور بال میں — گوشت میں میرے ہو نور اور کھال میں
میرے بشرہ میں زباں میں نور ہو — خون میں اور میری جاں میں نور ہو
میرے اوپر اور نیچے نور ہو — مجھ سے تاریکی سراسر دور ہو
کر عطا یا رب مجھے نورِ عظیم — کر سراسر نور مجھ کو اے کریم

۱۰۰

ہم پہ تو ابوابِ رحمت کھول دے — رزق آساں کر ہمارے واسطے

۱۰۱-۱۰۲

یا الٰہی مجھ کو شیطاں سے بچا — تجھ سے تیرا فضل میں ہوں مانگتا

۱۰۳

کل گناہوں کو مرے تو بخش دے — عافیت کے ساتھ زندہ رکھ مجھے
مجھ کو راحت کر عطا اور رزق دے — اچھے کاموں کی ہدایت کر مجھے
اور اچھی عادتوں کی اے خدا — دے مجھے توفیق، اور بد سے بچا
راہ نیکی کی دکھاتا ہے تو ہی — اور برائی سے بچاتا ہے تو ہی

۱۰۴

مانگتا ہوں تجھ سے میں اے ذوالجلال — علم نافع، رزق طیّب اور حلال
ہوں عمل میرے سزاوارِ قبول — جن سے تیری ہو رضامندی حصول

۱۰۵

میں بھی یا رب اور مرے ماں باپ بھی — ہیں ترے لونڈی غلام اور تو غنی
تیرا بندہ، بندہ زادہ ہوں ترا — اور تری لونڈی کا ہوں بیشک جنا
تو ہی مالک ہے مرا اے کردگار — ہر طرح مجھ پر ترا ہے اختیار
تو ہی عادل اور حاکم ہے مرا — عدل سے ہر حکم تیرا ہے بھرا

Marfat.com

جتنے ہیں اوصاف اور اسما ترے ہم پہ ظاہر تُو نے ہیں جو کر دیئے
یا کتابوں میں تری نازل ہُوئے یا کسی کو تُو نے ہیں سکھلا دیئے
یا چھُپے ہیں تیرے علمِ غیب میں اور تُو ہی جانتا ہے بس انہیں
ان سب اسما اور سب اوصاف کا مَیں پکڑتا ہُوں وسیلہ اے خُدا
اور کرتا ہُوں یہ تجھ سے التجا مُجھ کو دے قرآن میں یارب مزا
ایسی نسبت مجھ کو ہو قرآن سے اس کو سمجھوں بڑھ کر اپنی جان سے
آنکھوں کو نُور اُس سے ہو دل کو سُرور رنج و غم میرے اُسی سے سب ہوں دُور

۱۰۶

اے خُدا معبُود جبرائیلؑ کے اور میکائیلؑ و اسرافیلؑ کے
اور اے معبُود ابراہیمؑ کے اور اسمٰعیلؑ باتکریم کے
اور اے اسحٰقؑ کے برحق خُدا عافیت اور امن کر مجھ کو عطا
ہو نہ جس مخلوق کی مُجھ کو سہار وہ نہ ہو مجھ پر مسلّط زینہار

۱۰۷

تو عنایت جو کرے روزی حلال ہو وہی کافی مُجھے اے ذوالجلال
ہو نہ مُجھ کو خواہشِ مالِ حرام اور مُجھے محفوظ رکھ اس سے مدام
اور اپنے فضل سے اے کارساز مُجھ کو تو اوروں سے کر دے بے نیاز
ایک تیرا ہی رہوں محتاج مَیں غیر کا یارب نہ ہُوں محتاج مَیں

۱۰۸

اے خُدا سُنتا ہے تُو میرا کلام میرا گھر تُو دیکھتا ہے اور مقام
ظاہر و باطن مرا ہے جانتا حال میرا کُچھ نہیں تجھ سے چھپا
مَیں ہُوں فریادی غریب و بے نوا اور ہُوں محتاج تیرے فضل کا

Marfat.com

خائف و ترساں ہوں میں اور پُرگناہ
مانگتا ہوں تجھ سے مَیں تیری پناہ

اور ہوں اپنے گناہوں کا مُقِر
فضل و رحمت کا تری ہوں منتظر

جس طرح کوئی ذلیل و پُرگناہ
گڑگڑا کر ہو الٰہی عذر خواہ

مَیں بھی ویسا ہی بصد آہ و بکا
گڑگڑاتا ہوں ترے پاس اے خدا

اور کوئی آفت رسیدہ دردناک
خوف سے آشفتہ خاطر سینہ چاک

باہزاراں عجز و آداب و خشوع
دل سے یارب تیری جانب ہو رجوع

خاک پر پیشانی اپنی اور ناک
سامنے تیرے گھِسے اے ربِّ پاک

اور ادب سے تھرتھراتا کانپتا
خوب رو رو کر کرے تجھ سے دُعا

ہے اُسی صورت کی میری بھی دُعا
اور کرتا ہوں اسی طور التجا

یا الٰہی رد نہ کر میری دُعا
اور نہ کر محروم مجھ کو اے خدا

اور ہو مجھ پر رحیم و مہرباں
میں ترا در چھوڑ کر جاؤں کہاں

تجھ سے بڑھ کر دینے والا کون ہے
مانگنے والوں کا داتا کون ہے

تجھ سے بہتر کون ہے ایسا بھلا
جس سے مانگے کوئی اپنا مُدّعا

مَیں جو ہوں یارب ضعیف و ناتواں
اور کمزوری سے اپنی خستہ جاں

اور میرا ساز و ساماں ہے قلیل
اور لوگوں کی نظر میں ہوں ذلیل

سب شکایات اپنی اور سب حاجتیں
پیش کرتا ہوں تری درگاہ میں

ہے تجھی سے میری فریاد اے خدا
تو ہی کر اب میری امداد اے خدا

اے خدا اے سب سے بڑھ کر مہرباں
تیرے ہی بس میں ہے میرا جسم و جاں

جس کو چاہے دے تو مجھ پر اختیار
خواہ دشمن ہو مرا یا دوستدار

Marfat.com

اور کرے جس کے حوالے مجھ کو تُو
ہو وہ کوئی دوست میرا یا عدو
کچھ مجھے پروا نہیں اس کی ذرا
تو اگر یارب نہ ہو مجھ سے خفا
مجھ کو خوشنودی تری درکار ہے
جس میں تو خوش ہو وہی درکار ہے
اتنی بات البتہ ہے یارب مگر
عافیت سے تُو رکھے مجھ کو اگر
ہو مناسب تر یہ میرے واسطے
اس میں گنجائش زیادہ ہو مجھے

۱۰۹

ہم ہیں ایسے دل کے تجھ سی خواستگار
عشق میں تیرے رہے جو بے قرار
دے وہ دل یارب جو ہو درد آشنا
اور وہ دل دے جو ہو تیرا مبتلا
دے وہ دل جس دل میں ہو یارب خشوع
جو ترے رستے میں ہو جائے رُجوع

۱۱۰

یا الٰہی مجھ کو وہ ایمان دے
ہو تعلق جس کو میرے قلب سے
دل میں جو ثابت رہے اور برقرار
ایسے ایماں کا ہوں تجھ سے خواستگار
اور یارب دے مجھے سچّا یقیں
جس سے یہ مضموں مجھے ہو دل نشیں
تُو نے جتنا ہے مقدّر کر دیا
کچھ بھی ٹل سکتا نہیں اس کے سوا
اور مری قسمت میں اے ربِّ غنی
جس قدر تُو نے معیشت ہی لکھی
مجھ کو اُس پر راضی و شاکر بنا
دے مجھے یارب توکّل اور رضا

۱۱۱

جیسی تعریف اپنی خود تُو نے کہی
سب کی تعریفوں سے بہتر ہے وہی
ہر طرح کی ساری تعریفیں تمام
خاص تیرے ہی لئے ہیں لاکلام
فتنۂ دُنیا سے اور اُس علم سے
فائدہ جس سے نہ ہو یاربّ مجھے
اور اس دل سے نہ ہو جس میں خشوع
جو تری جانب نہ ہوتا ہو رُجوع

Marfat.com

اور ایسے نفس سے جس کو کبھی
اپنی خواہش سے نہ ہو آسودگی
اس دُعا سے بھی نہ ہو جو مستجاب
دے پناہ ان سب سے اے عالی جناب
سینہ و دل کے ہر اک فتنہ سے بھی
ہر طرح کی گمرہی سے اے غنی
تیری عزت کی پکڑتا ہوں پناہ
کون ہے تیرے سوا یا ربِّ الٰہ
جو عمل ہیں نے کیئے نا کردنی
دے پناہ اُن کی بدی سے اے غنی
اور جو نیکی نہ کی ہو اے الٰہ
دے مجھے تو اس کے شر سے بھی پناہ
اور عطا کر علم کے شر سے پناہ
شر سے نادانی کے بھی تو دے پناہ

چوتھی منزل پیش ہی منگل کے دن

۱۱۲
اے خدائے پاک ربِّ بے نیاز
ہے ترے ہی واسطے میری نماز
اور ہے قربانی مری تیرے لئے
ہے مری کل بندگی تیرے لئے
جینا مرنا اور مرا سب کاروبار
ہیں ترے ہی واسطے اے کردگار
تو ہی والی اور مالک ہے مرا
اور مری ہر چیز کا بھی اے خدا
ہے ترے ہی پاس پھر جانا مجھے
ہے مری میراث تیرے ہی لئے

۱۱۳
یاالٰہی تجھ سے ہے میری دُعا
تیری رحمت کی چلے مجھ پر ہوا
جس ہوا میں ہو برائی اور ضرر
اُس ہوا کا ہو نہیں مجھ پر گذر

۱۱۴
کردے خوگر مجھ کو اپنے شکر کا
شکر تیرا ہو بہت مجھ سے ادا
ذکر تیرا میں بہت کرتا رہوں
اور عمل تیری نصیحت پر کروں

Marfat.com

اور رکھوں تیری وصیّت خوب یاد — ہو نہ غفلت اس سے اے ربُّ العِباد
دل ہمارے اور ہمارے کُل بدن — سب ترے ہاتھوں میں ہیں اے ذُوالمنن
ہم کو اِن میں سے کسی اِک چیز کا — اے خُدا مالک نہیں تُو نے کیا
جب ہمارے حق میں تو یہ کر چُکا — اور کسی شے پر نہیں قبضہ دیا
پس ہمارا تُو ہی یارب ہو ولی — کر ہدایت ہم کو سیدھی راہ کی
سیدھے رستے پر ہمیں یارب لگا — اور گمراہی سے رکھ ہم کو بچا
اور ہم سے لے وہی کام اے خُدا — جِس کے کرنے سے ہمارا ہو بھلا

۱۱۵

دے مُجھے اپنی محبّت اِس قدر — ہر محبّت سے یہی ہو بیشتر
اور محبت ہی سے تیری اے غنی — سب سے بڑھ کر ہو مُجھے دِلبستگی
دے مُجھے خوف اپنا سب سے بیشتر — سب سے بڑھ کر ہو مُجھے تیرا ہی ڈر
تیرے ملنے کا ہو شوق اتنا مُجھے — کر دے جو دُنیا سے بے پروا مُجھے
اور ہیں دُنیا کی جتنی حاجتیں — بُھول بیٹھوں سب کو میں اِس شوق میں
جس طرح دُنیا سے دُنیا دار کی — ٹھنڈی کرتا ہے تو آنکھیں اے غنی
کر مری آنکھوں کو بھی ٹھنڈک عطا — بندگی سے اپنی اے ربُّ العُلا

۱۱۶

صحت و عفت امانت دے مُجھے — حُسنِ اخلاق اور رضا بالقدر دے

۱۱۷

خاص تیرے ہی لئے ہیں اے خُدا — حمد و شکر و فضل و احسان و عطا
مستحق حمد و ثنا کا ہے تُو ہی — اور تو ہی ہے مستحقِ شکر بھی
تجھ سے یہ درخواست ہے یارب مری — دے مُجھے توفیق اچھے کام کی

Marfat.com

تجھ کو جو جو کام ہوں یارب پسند | کر تو اُن کاموں سے مجھ کو بہرہ مند
اور مجھے سچا توکل کر عطا | ہو ترے ہی فضل پر تکیہ مرا
اور تیرے ساتھ رکھوں حسنِ ظن | بدگماں تجھ سے نہ ہوں اے ذوالمنن

۱۱۸

اور اپنا ذکر سننے کے لئے | کان میرے دل کے یارب کھول دے
اپنا اور اپنے رسولِ پاک کا | حکم بردار اے خدا مجھ کو بنا
دے عمل یارب مجھے قرآن پر | رکھ مجھے تو اُس کا تابع سربسر

۱۱۹

تیرا ڈر ہر وقت ایسا ہو مجھے | ہو تو گویا جیسے میرے سامنے
تجھ سے ملتے وقت تک ہر دم مجھے | ڈر ترا یوں ہی خداوندا رہے
مجھ کو تقویٰ کی سعادت کر عطا | اور معاصی کی شقاوت سے بچا

۱۲۰

میرے ساتھ آسانی اور احسان کر | میری ہر مشکل کو تو آسان کر
سہل کر دینا ہر اک دشوار کا | تجھ پہ ہے آسان اے ربُّ العلا
تجھ سے آسانی کا کرتا ہوں سوال | اور یہ ہے میری دعا اے ذوالجلال
دین و دنیا میں معافی ہو مری | ہو میسر عافیت دارین کی
مجھ کو یارب خلق سے بے خوف کر | اور مجھ سے خلق کو کر بے خطر
مجھ کو رکھ اُن میں مرنجاں؎ و مرنج | اُن کو مجھ سے ہو نہ مجھ کو اُن سے رنج
کر گناہوں کو مرے یارب معاف | کر مجھے آلائشوں سے پاک صاف
نام تیرا ہے خداوندا عفوّ | بخش دیتا ہے بہت لوگوں کو تُو
یا الٰہی نام تیرا ہے کریم | مجھ پہ بھی اپنا کرم کر اے رحیم

؎ مرنجاں و مرنج ایسے شخص کو کہتے ہیں کہ نہ اس سے کسی کو رنج پہنچے اور نہ اس کو کسی سے جیسا کہ دوسرے مصرع سے ظاہر ہے ۱۲

Marfat.com

۱۲۱

پاک کر یارب نفاق و کفر سے — دل کو میرے اور مجھے اخلاق دے
کر عمل کو میرے تو پاک از ریا — کر زباں کو جھوٹ سے پاک اے خدا
کر خیانت سے مری آنکھوں کو پاک — میں نہ ہوں آنکھوں کی چوری سے ہلاک
چوریاں آنکھوں کی اور سینوں کے راز — تجھ کو سب معلوم ہیں اے بے نیاز

۱۲۲

دے وہ آنکھیں مجھ کو اے پروردگار — جو رہیں ہر وقت پیہم اشکبار
اشک کی رکھیں لگائے وہ جھڑی — قلب کو شاداب رکھیں ہر گھڑی
وہ نہ آنے پائے وقت اے کردگار — اشک خوں بن جائے اور دنداں ہوں نار

۱۲۳

عافیت قدرت سے اپنی مجھ کو دے — اپنی رحمت میں تو کر داخل مجھے
تیری طاعت میں مری آئے قضا — ہو مرا اچھے عمل پر خاتمہ
سب سے بہتر ہو جو یارب میرا کام — ہو اُسی پر زندگی میری تمام
اور ملے جنت مجھے اس کا ثواب — سُرخروئی ہو مجھے روزِ حساب

۱۲۴

اے خدا اے دافعِ رنج و الم — دُور کرتا ہے تو ہی ہر درد و غم
تو ہی ناچاروں کی سُنتا ہے دُعا — بیکسوں کو ہے ترا ہی آسرا
ہے تو ہی دُنیا کا رحمٰن و رحیم — تو ہی میرا مہرباں ہے اے کریم
مجھ پر ایسا رحم کر اے کارساز — جو مجھے غیروں سے کر دے بے نیاز
پھر نہ ہو پروا کسی کے رحم کی — تیری ہی رحمت سے ہو جاؤں غنی

۱۲۵

وہ بھلائی تجھ سے میں ہوں مانگتا — جو یکایک مجھ کو ہو جائے عطا

Marfat.com

مانگتا ہوں اُس بُرائی سے پناہ جو مجھے ناگاہ کر ڈالے تباہ

۱۲۶

نام تیرا ہے خداوندا سلام تیرے ہی بس میں سلامت ہے تمام

ہے سلامت کی تجھی سے ابتدا تیرے ہی جانب ہے اس کی انتہا

تجھ سے یہ درخواست ہے اور یہ سوال سُن ہماری تو دُعا اے ذُو الجلال

اور پُوری کر ہماری خواہشیں جن کی رغبت اور تمنّا ہے ہمیں

اور ہم سے جن کو مُستغنی کیا اُن سے ہم کو بھی غنی کر اے خُدا

۱۲۷

یا الٰہی کر تو میری بہتری اور دے توفیق مجھ کو خیر کی

۱۲۸

دے مجھے اپنی قضا پر تو رضا حکم سے اپنے مجھے راضی بنا

اور مقدّر کر مرے حق میں وہی سر بسر ہو جس میں میری بہتری

دل سے مَیں تقدیر کا تابع رہوں حکم سے تیرے کبھی ناخُوش نہ ہوں

اور مری تقدیر میں برکت تُو دے جو مقدّر ہو مُبارک ہو مجھے

جس میں ہو تاخیر کی مرضی تری مُجھ کو جلدی کی نہ خواہش ہو کبھی

اور جس کو جلدی ہو تُو چاہتا مَیں نہ اُس میں دیر چاہُوں اے خدا

الغرض جو کچھ مشیّت ہو تری میری خواہش بھی الٰہی ہو وہی

۱۲۹

عیش تو یارب ہے عیشِ آخرت دے مجھے وہ عیش اور کر مغفرت

۱۳۰

زندگی میری ہو مسکینی کے ساتھ مَوت بھی میری ہو مسکینی کے ساتھ

حشر مسکینوں کے شامل ہو مرا کر نہ مسکینوں سے تُو مجھ کو جدا

Marfat.com

۱۳۱

جو ترے بندے ہیں یارب نیک کار — رکھتے ہیں ایمان تجھ پر استوار
نیکیوں سے اُن کو ہے دل بستگی — اور اُنھیں نیکی سے ہوتی ہے خوشی
اور بدی سے دل میں ہو کر شرمسار — کرتے استغفار ہیں وے بار بار
مجھ کو بھی یارب اُن ہی میں سے بنا — مُجھ کو بھی ایسا ہی کر دے اے خُدا

۱۳۲

ایسی رحمت مجھ پہ یارب ہو تری — ہو ہدایت جس سے میرے قلب کی
دل مرا ہو جائے اُس سے ہوشیار — ٹھیک ہو جائیں مرے سب کاروبار
دُور ہو جائے پریشانی مری — اور نہ ہو کاموں میں میرے ابتری
دین میرا ٹھیک ہو سرتا بپا — اور مرے سب دَین ہو جائیں ادا
میرے غائب جتنے ہیں مجھ سی چھپے — ہر جگہ اُن کا نگہباں تو رہے
اور جو حاضر ہیں نظر کے سامنے — سربلند اور اُن کو اونچا تو رکھے
اور نُورانی رہے چہرہ مرا — ہر عمل ہو پاک اور ستھرا مرا
اور بھلائی کا مجھے الہام ہو — اور مرا ہر کام نیک انجام ہو
فطرتی اُلفت جو تجھ سے مجھ کو تھی — اور وہ دُنیا میں آ کر دب گئی
عُنصُرِیّت کا جو غلبہ ہو گیا — مُضمحل ہو کر گئی وہ مٹ مٹا
پھر ہو اس اُلفت میں یارب تازگی — پھر مجھے تجھ سے محبت ہو نئی
الغرض رحمت سے تیری اے خُدا — ہوں یہ ساری نعمتیں مجھ کو عطا
اور بچا رکھ یا الٰہی تُو مجھے — ہر بُرائی اور بُرے ہر کام سے

۱۳۳

مُجھ کو وہ ایمان دے اے ذوالجلال — ہو نہ جس میں کچھ تغیُّر اور زوال

Marfat.com

اور یقیں ایسا عطا فرما مجھے — پھر نہ گمراہی کا کھٹکا ہو مجھے
کافر و گمراہ و نافرماں نہ ہوں — میں کبھی بے دین و بے ایماں نہ ہوں
مجھ پہ یارب ایسی رحمت ہو تری — دو جہاں میں جس سے عزّت ہو مری
آخرت میں اور دنیا میں مجھے — مستحق تیری نوازش کا کرے

۱۲۴

چاہتا ہوں میں یہ تیرے فضل سے — کامیابی میری قسمت میں ملے
اور شہیدوں کی طرح اے مُستعان — کر مجھے اپنا معزّز میہمان
خُوش نصیبوں کا سا مجھ کو عیش دے — زندگی میری فراغت سے کٹے
اور مجھے پیغمبروں کے ساتھ کر — دشمنوں پر دے مجھے فتح و ظفر
تو ہی سُن لیتا ہے بندوں کی دُعا — کرلے مقبول اے خدا میری دُعا

۱۲۵

خیر و خُوبی تُو نے جو کی ہو عطا — اپنے بندوں سے کسی کو اے خُدا
یا کسی سے اُس کا وعدہ ہو کیا — اور مجھے یارب نہ ہو اُس کا پتا
ہو مرا ذہن اُس سے فارغ اور دُور — اور سمجھ میری کرے اُس سے قصُور
اور عمل اُس پر نہ مجھ سے ہو سکے — بلکہ خواہش بھی نہ ہو اُس کی مجھے
اپنی بے علمی و غفلت سے کبھی — کی نہ ہو تجھ سے دُعا اُس خیر کی
اس کا بھی مشتاق اور راغب ہُوں مَیں — تُجھ سے اس خُوبی کا بھی طالب ہُوں میں
اپنی رحمت سے مجھے فرما عطا — اور کر مقبُول میری یہ دُعا
گو عمل میں میرے ہے ضعف و فُتور — رائے میں میری ہے نقصان و قصُور

۱۲۶

یاالٰہی اپنی ساری حاجتیں — پیش کرتا ہوں تری درگاہ میں

Marfat.com

اور سب کو سونپ دیتا ہوں تجھے — اپنی رحمت سے عنایت کر مجھے
گرچہ میری رائے اور میرا عمل — ہے محض کوتاہ و سرتاپا خلل
مالک و حاکم ہے تُو ہر کام کا — تیرے ہی ہاتھوں ہی سب کا فیصلہ
روگ باطن کے ہیں جتنے اے خدا — تیرے ہی ہاتھوں ہو اُن سب کی شفا
جیسے دریاؤں کو اے ربُّ العُلا — رکھتا ہے قدرت سے تو باہم جُدا
جیسے قدرت سے تری اے بے نیاز — فرق دریاؤں میں ہے اور امتیاز
مُجھ کو بھی دوزخ کے دُکھ اور مار سے — اور اس کی آگ کے آزار سے
اور وہاں کے نالہ و فریاد سے — رکھ الگ صدقہ میں اپنے فضل کے
قبر کے فتنوں سے بھی یارب بچا — ہر جگہ تو مُجھ کو راحت کر عطا

۱۳۷

اے خُدائے پاک اے پروردگار — سخت ہے ڈوری تری اور اُستوار
ہے ترا ہر حکم ٹھیک اور بے خطا — اور ترا ہر کام ہے یارب بھلا
یہ دُعا میری ہے تجھ سے اور امید — امن و راحت ہو مجھے روزِ وعید
اور جنّت میں ٹھکانا ہو مرا — نیک بندوں کا مجھے ساتھی بنا
خاص بندے جو مقرب ہیں ترے — رہتے ہیں ہر دم عبادت میں لگے
اور وہ ہیں پکّے نمازی بے ریا — پُورے ہیں وعدوں کے اور ہیں باوفا
مُجھ کو بھی ساتھ اُن کے اے ربِ کریم — جنّتِ فردوس میں کرنا مقیم
مہرباں اور رحمتوں والا ہے تُو — اور جو چاہے وہ کرسکتا ہے تُو
ٹھیک رستہ ہم کو تُو یارب دِکھا — دُوسروں کا راہبر ہم کو بنا

Marfat.com

۱۳۸

خود نہ ہوں گمراہ، یا اللہ ہم   اور نہ اوروں کو کریں گمراہ ہم
دوست سے تیرے رکھیں ہم دوستی   اور ترے دشمن کے دشمن ہوں دلی
تجھ سے جس کو ہو محبت اے خدا   ہم کو بھی ہو اُس سے اُلفت اے خدا
اور عداوت تجھ سے ہو یارب جسے   ہو عداوت ہم کو بھی اُس شخص سے
اور ہماری دوستی اور دشمنی   سب ترے ہی واسطے ہو اے غنی

۱۳۹

یہ دُعا ہے تجھ سے اور یہ التجا   اب اِجابت ہے ترا کام اے خدا
یہ مری کوشش تھی جو میں نے کیا   پر بھروسا ہے ترے ہی فضل کا
نفس ہے بدخواہ میرا سر بسر   چاہتا ہے ہر گھڑی میرا ضرر
نفس کا میرے نہ کر تابع مجھے   مجھ پہ دم بھر بھی اُسے قابو نہ دے
مجھ کو اچھی چیز جو کی ہو عطا   چھین لے اُس کو نہ مجھ سے اے خُدا
یا الٰہی تو نہیں ایسا خدا   خلق نے خود جس کو جی سے گھڑ لیا

۱۴۰

اور نہیں ہے تو نیا پروردگار   ہو نہ جس کا ذکر و شہرت پائدار
اور نہیں یارب کوئی ساجھی ترا   جو خُداوندی میں ہو ساتھی ترا
اور نہ تیرے قبل تھا کوئی الٰہ   خلق جس کے پاس لے جائے پناہ
خلق کا ملجا نہ پہلے کوئی تھا   اور نہ اب ہے اے خدا تیرے سوا
جس کے باعث تجھ کو یارب چھوڑ دیں   اور رُجوع و التجا اُس سے کریں
اور ہم کو تُو نے جو پیدا کیا   اُس میں بھی ساتھی نہیں کوئی ترا
کوئی بھی ایسا نہیں ہے اے خُدا   جس کو ہم ٹھہرا سکیں ساجھی ترا

Marfat.com

سب سے تُو برتر ہے اور یکتا ہے تُو　　اور یا رب برکتوں والا ہے تُو
ہے تو ہی معبود یا رب بالیقیں　　دوسرا تجھ سا کوئی ہرگز نہیں
ہم بھی کرتے ہیں تجھ سے التجا　　تو ہماری مغفرت کر اے خدا

۱۴۱

اے خدائے خالقِ بالا و پست　　نیست سی مجھ کو کیا تو نے ہی ہست
نیست کر ڈالے گا مجھ کو پھر تو ہی　　ہے ترے ہی بس میں موت اور زندگی
جب ترا ہی مجھ پہ کُل ہے اختیار　　فضل سے اپنے تو اے پروردگار
زندہ جب تک مجھ کو دنیا میں رکھے　　ہر بُرائی سے بچا رکھنا مجھے
نیک بندوں کو تو اپنے اے خدا　　ہر بدی سے جیسے رکھتا ہے بچا
مجھ پہ بھی ویسا ہی یا رب فضل کر　　اور گناہوں سے بچا رکھ عمر بھر
اور جب مر جاؤں مجھ پر رحم کر　　اور میری مغفرت کر سر بسر

۱۴۲

کر مدد میری الٰہی علم سے　　اور عطا کر مجھ کو زینت حلم سے
اور تقویٰ کی بزرگی دے مجھے　　عافیت کی حسن و خوبی دے مجھے

۱۴۳

مجھ کو اور سب مومنوں کو اے خدا　　اِس زمانے کے فسادوں سے بچا
جس زمانہ میں ہو ذلت دین کی　　اور ہو اسلام کی بے عزتی
عالموں کی چھوڑ دیں سب پیروی　　عقل والوں سے نہ شرمادے کوئی
جیسے ہوتے ہیں عجم والوں کے دل　　سخت ویسے ہی بنیں لوگوں کے دل
اور زباں ہو اُن کی میٹھی اس طرح　　ہو زباں اہلِ عرب کی جس طرح

Marfat.com

۱۴۴

تجھ سے یارب ہے یہ میری التجا ۔ کرلے تُو مقبول میری یہ دُعا
ہو یہ میرے اور تیرے درمیاں ۔ قول و اقرار اے خُداوندِ جہاں
ہو یہ اقرار ایسا محکم اور قوی ۔ تو خلاف اس کا نہ ہونے دے کبھی
مَیں بھی آخر اک بشر ہوں یا اللہ ۔ اور بشر کی شان ہے جُرم وگناہ
ہو کسی بھائی مُسلماں کو اگر ۔ میرے ہاتھوں سے کوئی دُکھ اور ضرر
ماروں پیٹوں یا اگر دشنام دُوں ۔ لعنت اس پر یا دُعائے بد کروں
اُس مُسلماں کے لئے تو اے خُدا ۔ اُس کو کفّارہ گناہوں کا بنا
حق میں اس کے کردے تو رحمت اسے ۔ اور بڑھا اس سے تو اُس کے مرتبے
میری بدعنوانیوں کو اے خُدا ۔ قرب کا اس کے ذریعہ تُو بنا
کچھ ضرر اس سے نہ ہو اُس شخص کا ۔ بلکہ وہ اُس سے مقرب ہو ترا
دی ہی نعمت تو نے جو اے ذوالجلال ۔ ہو نہیں مجھ سے کبھی اس کا زوال
عافیت تو نے جو بخشی ہے مجھے ۔ مجھ سے تو اُس کو کبھی ٹلنے نہ دے
اور یکایک تو نہ کر میری سزا ۔ قہر میں ناگاہ نہ ہُوں مَیں مُبتلا
عافیت کا سلب نعمت کا زوال ۔ اور سزائے ناگہانی اور وبال
مانگتا اِن سب سے ہوں یارب پناہ ۔ دے پناہ اِن سب سے مُجھ کو اے الٰہ
اپنی ہر اک ناخوشی سے دے پناہ ۔ اور مری ہر اک بدی سے دے پناہ
آنکھ کان اور دل کے شر سے اے غنی ۔ اور زباں کے اور منی کے شر سے بھی
فاقہ کے شر اور شر سے ظلم کے ۔ دے پناہ اپنی خُداوندا مجھے

Marfat.com

مَیں نہ ظالم اور نہ مَیں مظلوم ہُوں ظلم سے بھی ہر طرح فارغ رہوں
ڈُوب جانے اور جل جانے سے بھی دب کے پسنے اور کُچل جانے سے بھی
اور اُونچے پر سے گر جانے سے بھی مرتے دم شیطاں کے بہکانے سے بھی

پانچویں منزل ہُوئی بُدھ کو شروع

۱۴۵
کر مجھے یارب عفیف و باحیا بے حیائی اور بُرائی سے بچا
قید میں رکھ میرے اعضا کو تمام ہو نہ مجھ سے کوئی بے شرمی کا کام
اور میرے کام کو آسان کر مُجھ پر اپنا فضل اور احسان کر

۱۴۶
اور مجھے پورا وُضو پُوری نماز ہو میسّر اے خُدائے بے نیاز
ہو تری پُوری رضامندی نصیب مغفرت بھی ہو مجھے پُوری نصیب

۱۴۷
اور دستِ راست میں میری کتاب ہو عطا یارب مجھے روزِ حساب

۱۴۸
ڈھانپ لے رحمت سے اپنی اے خُدا اور مجھے اپنے عذابوں سے بچا

۱۴۹
اور ڈگیں جس روز بہتیرے قدم اے خُدا ثابت رہیں میرے قدم

۱۵۰
ہم کو یارب کامیابی کر عطا کر ہمارا دین و دُنیا میں بھلا

۱۵۱
قفل جو دل کو ہمارے ہیں لگے ذکر سے اپنے تُو اُن کو کھول دے
اپنی نعمت کو تُو کر ہم پر تمام فضل کو اپنے بھی اے ربِّ انام

Marfat.com

فضل و نعمت سے تُو اپنے اے خُدا ہم کو اپنے نیک بندوں سے بنا

۱۵۲
نیک بندوں کو کرے تُو جو عطا مجھ کو بھی اے میرے مالک ہو عطا
نیک و شائستہ ترے بندے ہیں جو جو نوازش تیری یارب اُن پہ ہو
مجھ پہ بھی کر وہ نوازش اے خُدا اور مجھے بھی مستحق اُس کا بنا

۱۵۳
اے خُدا جب تک مرے دم میں ہو دم رکھ مجھے اسلام پر ثابت قدم
خاتمہ بھی ہو مرا اسلام پر کر مجھے یارب فدا اسلام پر

۱۵۴
کافروں پر کر عذاب اے ذُو الجلال رعب اور ہیبت دلوں میں ان کے ڈال
پھُوٹ پیدا کر دے اُن میں اور خلاف اُن کی باتوں میں تو کر دے اختلاف
کر عذابوں میں اُنھیں تو مُبتلا نازل ان پر ہو ترا قہر اور بلا
دین کے دشمن ہیں جو لوگ اے خُدا ہے دلوں میں جن کے روگ الحاد کا
جو نہیں ہیں مانتے آیات کو اور نہیں سُنتے ہیں تیری بات کو
ہیں وہ جھٹلاتے رسُولوں کو ترے اور تیری راہ سے ہیں روکتے
اور حدوں سے تیری بڑھ چلتے ہیں جو چھوڑ دیتے ہیں ترے قانُون کو
دُوسرا حاکم بھی ٹھہراتے ہیں جو تیرے ساتھ اور پُوجتے ہیں غیر کو
اے خُدا ان سب پہ نازل کر عذاب خواہ یہ مشرک ہوں یا اہلِ کتاب
برکتوں والا ہے اور برتر ہے تُو سب سے اپنی شان میں بڑھ کر ہے تُو
ہے تو ہی معبُودِ برحق اے خُدا اور نہیں کوئی خُدا تیرے سوا
ظالموں کی جتنی باتیں ہیں بُری سب سے برتر ہے تری شان اور بَری

Marfat.com

۱۵۵

اپنی رحمت سے مجھے تو بخش دے
مجھ پہ رحمت کر تو اپنے فضل سے

اور جتنے ہیں مسلماں مرد و زن
بخش دے ان سب کو بھی اے ذوالمنن

رکھ مسلمانوں میں قائم اتفاق
دُور کر دے ان سے تو پھوٹ اور نفاق

دے انہیں توفیقِ صلح و اتحاد
سب کے آپس میں ہو اُلفت اور وداد

ٹھیک کر دے ان کی حالت اے خُدا
دل میں ایماں اور حکمت کر عطا

اور طریقے پر رسُولؐ اللہ کے
اُن کو ثابت رکھ تو اپنے فضل سے

دے انہیں توفیق اس کی اے خُدا
شکرِ نعمت کا تری لائیں بجا

اور تیرے عہد پر قائم رہیں
اپنے وعدوں سے نہ ہو غفلت انہیں

تیرے اور اُن کے ہیں جو یارب عدو
اُن کو غالب رکھ ہمیشہ ان پہ تو

کر انہیں اپنی مدد سے چیرہ دست
دشمنوں کو دے خُداوندا شکست

اے مرے معبُودِ برحق اے خُدا
ہے نہیں مالک کوئی تیرے سوا

سارے عیبوں سے تو ہے پاک اور بری
اور خُدا ہونے کے قابل ہے تو ہی

مانتا ہوں میں خُداوندی تری
جانتا ہوں تجھ کو عیبوں سے بری

تو خُدایا بخش دے میرے گناہ
دے مجھے اپنے عذابوں سے پناہ

مغفرت میرے گناہوں کی تو کر
ٹھیک کر دے کام میرے سر بسر

جس کو چاہے بخش دے تو اے غفور
تو ہی یارب ہے رحیم اور ہے غفور

کر تو اے غفّار میری مغفرت
سُن لے اے توّاب میری معذرت

رحم فرما مجھ پہ اے رحمٰن تو
عفو کر میرے گنہ کو اے عفو

Marfat.com

مہرباں مجھ پر تو ہو جا اے رؤف
رکھ تو مجھ پر فضل اپنا اے رؤف
تو نے جو نعمت عطا کی ہے مجھے
شکر کی اس کے مجھے توفیق دے
اور مجھے حسنِ عبادت کر نصیب
مجھ کو ہر دم یہ سعادت کر نصیب
رات دن ہو مجھ کو اِس کا التزام
اور عبادت میری اچھی ہو تمام
مَیں تری رحمت سے اے پروردگار
ہر طرح کی خیر کا ہوں خواستگار
ہو مری ہر ابتدا اور انتہا
خیر اور خوبی کے شامل اے خدا
اور بچا ہر اک بُرائی سے مجھے
بالخصوص آفاتِ روزِ حشر سے
بچ رہے گا اُس دن آفت سے وہی
ہوگی جس پر اے خدا رحمت تری
آفت اُس دن کی نہ ہو جس کے قریب
اس سے بڑھ کر کون ہوگا خوش نصیب
کامیاب اس سے نہیں بڑھ کر کوئی
سب سے بڑھ کر کامیابی ہے یہی

۱۵۶

ہے ترے ہی واسطے اے ربِّ ناس
ہر ثنا و حمد اور شکر و سپاس
تو ہی مالک ہے تمامی مُلک کا
ہے تمامی خلق کا تو ہی خدا
تیرے ہی ہاتھوں میں ہے کُل بہتری
ہے تمامی خلق کا مرجع تو ہی
دے مجھے ہر اک بھلائی یا الٰہ
اور دے ہر اک بُرائی سے پناہ
نام لیتا ہوں مَیں اب اللہ کا
ہے نہیں جس کے سوا کوئی خدا
رنج و غم کو میرے یارب دُور کر
فضل اور رحمت کی کر مجھ پر نظر
چلتے پھرتے حمد کرتا ہوں تری
اور خطا کا ہے مجھے اقرار بھی

۱۵۷

اے مرے معبود اور مالک مرے
اور ابراہیمؑ اور اسحاقؑ کے

اور اے معبود اسرائیلؑ کے   اور جبرائیلؑ و میکائیلؑ کے
اور اے معبود (یعقوبؑ) اسرافیلؑ کے   التجا یہ تجھ سے اس عاجز کی ہے
مَیں ہُوں مضطر کر دُعا میری قبول   اور نہ کر مجھ کو تو محروم و ملول
مُبتلا ہوں مَیں الٰہی سر بسر   دین کی میرے نگہبانی تو کر
اپنی رحمت کو تو کر میرے قریب   ہُوں گناہوں سے بھرا مَیں بد نصیب
مَیں ہُوں محتاج اور مسکین اے غنی   دُور کر دے مُجھ سے محتاجی مری

۱۵۸

اپنے اُوپر تُو نے اپنے فضل سے   سائلوں کے حق جو ہیں ٹھہرا لئے
مَیں اُسی حق سے یہ کرتا ہُوں دُعا   اور تُجھ سے ہے یہ میری التجا
بحر و بر میں اے خُداوندِ جہاں   جتنے بندے ہیں ترے اور بندیاں
ان میں ہیں جو لوگ مقبُول الدُّعا   رکھتے ہیں مقبُولیت کا مرتبا
کر ہمارا اُن کو بھی یارب شریک   ہوں دعائے خیر میں ہم سب شریک
وے ہمارے ہوں شریک اور اُن کے ہم   سب کی شرکت ہو دُعاؤں میں بہم
عافیت کر ہم کو اور اُن کو عطا   سُن لے ان کی اور ہماری اے خُدا
اور گناہوں سے ہمارے درگذر   درگذر اُن کے گناہوں سے بھی کر
تُو نے ہے جو کچھ اتارا اے خُدا   اُس پہ ہے ایماں ہمارا اے خُدا
اور ہُوئے تابع رسول اللہؐ کے   رہنما ہیں جو خُدا کی راہ کے
ماننے والوں میں تو لکھ دے ہمیں   مستحق جنّت کا ٹھہرا دے ہمیں

۱۵۹

ہیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو ہمارے پیشوا   اُن کو یارب تو وسیلہ[۱] کر عطا

۱؎ وسیلہ نام ہے ایک درجہ بلند کا ۱۲

Marfat.com

تیرے بندوں میں ہیں جو تیرے چُنے
ہو محبّت خاص اُن کو آپ سے
درجۂ اعلیٰ ہوا جن کو عطا
آپ کا درجہ تو اُن سب سے بڑھا
ان کی شہرت اور ان کا تذکرا
ایسے لوگوں میں ہو اے ربُّ العُلا
جو مقرّب خاص بندے ہیں ترے
سب سے ہیں تیرے تقرب میں بڑھے

۱۶۰
اپنی جانب سے ہدایت کر مری
مُجھ پر اپنا فضل فرما اے غنی
اور رحمت اپنی کامل مجھ پہ کر
اور برکت اپنی نازل مجھ پہ کر

۱۶۱
مجھ پہ یارب رحم کر اور بخش دے
کر عطا توفیق توبہ کی مجھے
کر مری توبہ کو مقبول اے کریم
ہے تو ہی بے شبہ توّاب و رحیم

۱۶۲
جو ترے بندوں میں ہیں اہلِ ہدیٰ
تُو نے کی جن کی ہدایت اے خُدا
جیسی توفیق ان کو یارب تُو نے دی
ویسی ہی توفیق دے تُو مجھ کو بھی
کرتے ہیں اہلِ یقیں جیسے عمل
ویسے ہی میرے بھی ہوں سارے عمل
سچّی توبہ کرتے ہیں جو بے ریا
ہوتا ہے اخلاص انہیں جس طرح کا
مُجھ کو بھی ویسا ہی تو مخلص بنا
صدق اور اخلاص کر مجھ کو عطا
صبر والوں کی سی ہمّت مجھ کو دے
اور ان ہی جیسا بنا صابر مُجھے
کد و کاوش اور کوشش اے خُدا
مثل ڈر والوں کے ہو مجھ کو عطا
شوق والوں کی سی دے مجھ کو طلب
جس سے آسان مجھ پہ ہو رنج و تعب
کرتے ہیں اہلِ ورع پرہیزگار
جس طرح کی بندگی لیل و نہار
مجھ کو بھی ویسی عبادت ہو نصیب
اور غلامی کی سعادت ہو نصیب

Marfat.com

علم والوں کا سا عرفاں دے مجھے جس کے باعث مجھ کو یارب تُو ملے
مل نہ لوں میں تجھ سے جب تک اے خُدا ہوں نہ ان اوصاف سے ہرگز جُدا

۱۶۳

ہے یہ میری عرض تجھ سے اور سوال خوف اپنا دے مجھے اے ذوالجلال
ڈر ترا ایسا ہو جو یارب سے مجھے تیری نافرمانیوں سے روک دے
حکم برداری تری ایسی کروں مستحق تیری رضا کا جس سے ہُوں
تیری طاعت ایسی لاؤں میں بجا جس سے تُو راضی ہو مجھ سے اے خدا
ڈر سے تیرے ایسی توبہ ہو مری صدق اور اخلاص سے جو ہو بھری
اور مجھ کو تجھ سے ہو ایسی حیا ہر عمل میرا ہو خالص بے ریا
اور سب کاموں میں مجھ کو اے خُدا ہو بھروسہ اِک تری ہی ذات کا
اور مجھے ہو ساتھ تیرے حُسنِ ظن بدگماں تجھ سے نہ ہُوں اے ذُوالمنن
اے خدا اے خالقِ ظلمات و نُور پاک ہے تُو اور ہے عیبوں سے دُور
دھر نہ لے ناگہ مجھے اے ربِّ پاک اور نہ کر دے یک بیک مجھ کو ہلاک
حق کسی کا یا وصیّت اے خدا مُجھ پہ واجب ہے جسے کرنا ادا
ہو نہ مُجھ سے اس میں غفلت زینہار میری گردن پر نہ رہ جائے یہ بار

۱۶۴

قبر کی وحشت کو مُجھ سے دُور کر اس اندھیرے گھر کو تو پُر نور کر
اور قرآنِ عظیم الشّان سے اے خدا نُور و ہدایت دے مجھے
پیشوا میرا ہو قرآنِ عظیم اس کے باعث مجھ پہ کر رحم اے رحیم

Marfat.com

ہو وہی میرا امام و پیشوا
ہو اسی کا نور میرا رہنما
اور نہ ہو جو بات اِس کی مجھ کو یاد
تُو دلا دے یاد اے ربُّ العباد
جو نہ ہو معلوم اُس کا علم دے
پُوری نسبت ہو مجھے قرآن سے
رات دن اس کی تلاوت ہو نصیب
اس سے ذوق و شوق و الفت ہو نصیب
اور بنا میرے لئے اُس کو دلیل
دین و دُنیا میں ہو وہ میرا کفیل

۱۶۵

مَیں ترا بندہ ہُوں یارب لا کلام
ہیں مرے ماں باپ بھی تیرے غُلام
دستِ قُدرت میں ہوں تیرے سربسر
تیرے ہی قبضہ میں ہُوں جاؤں جدھر
اور ترے ملنے کا اے ربّ العباد
صدق دل سے رکھتا ہُوں مَیں اعتقاد
اور ترے وعدوں کا ہے مجھ کو یقیں
غفلتوں سے اپنی ہُوں اندوہ گیں
تیرے حکموں کا کیا مَیں نے خلاف
اور کیا نہیوں سے تیری انحراف
تو نے جن کاموں کے کرنے کو کہا
مَیں اُنھی کاموں سے رو گرداں رہا
اور روکا تو نے جن اعمال سے
رات دن مجھ سے وہی سرزد ہُوئے
اب تو جو ہونا تھا مُجھ سے ہو چکا
کانٹے اپنی راہ میں خوُد بو چکا
کر چکا خود ظلم اپنی جان پر
اپنے ہاتھوں لُٹ چکا میں سربسر
اب مرے بچنے کی ہے تدبیر کیا
یا الٰہی تیری رحمت کے سِوا
تیرے در پر یہ ذلیل و رُو سیاہ
حاضر آیا ہے بامیدِ پناہ
تُو ہی مالک ہے تُو ہی معبُود ہے
پاک ہے تُو اور سراپا جُود ہے
کون بخشے گا مجھے تیرے سوا
مَیں کروں کس سے رجُوع و التجا

Marfat.com

رحم فرما میرے حالِ زار پر اور جہنم سے بچا دے سر بسر
بے پناہوں کو تُو دیتا ہے پناہ بخش دے سارے مرے یا رب گناہ

۱۶۶

ہیں ترے ہی واسطے کُل خوبیاں عاجزوں کو تُو ہی دیتا ہے اماں
تو ہی فریادی کا ہے فریاد رس تو ہی بے کس کا ہے والی اور کس
تو ہی ناچاروں کی کرتا ہے مدد فضل و احساں ہیں ترے ہی بے عدد
ہو نہ جب تک اے خدا رحمت تری بچ نہیں سکتا بُرائی سے کوئی
تو اگر قوت نہ دے اے ذُوالجلال کر سکے کوئی بھلائی کیا مجال
ہو نہ مرنا میرا اے ربِّ عباد کافروں سے بھاگ کے وقتِ جہاد
کاٹ لینے سے کسی کیڑے کے بھی چوٹ کھانے اور گر پڑنے سے بھی
اور جتنی آفتیں ہیں اے اللہ سب سے مَیں تیری پکڑتا ہُوں پناہ
جتنی چیزوں سے رسُول اللہ ﷺ نے احمدِ مرسل شہِ ذی جاہ نے (صلی اللہ علیہ وسلم)
یا الٰہی مانگی ہے تجھ سے پناہ مُجھ کو بھی ان سب سے یا رب دے پناہ
عادتیں جتنی ہیں بد اور ناسزا خواہشیں جتنی بُری ہیں اے خدا
اور عمل جتنے ہیں ناقص اور بُرے فتنے جتنے ہیں چھپے ہوں یا کھُلے
اور بُری راتوں، بُرے ایام سے اور بُری ساعت، بُرے ہنگام سے
اور بُرے ساتھی، بُرے ہمسایہ سے اور بُرے مال، اور بُرے سرمایہ سے

ہے چھٹی منزل کا دن اب جمعرات

۱۶۷

اپنے پیغمبر کا صدقہ اے خدا نام جن کا ہے محمد ﷺ مصطفےٰ

اور صدقہ حضرت ابراہیمؑ کا — جو ہوئے تیرے خلیلِ باصفا
حضرتِ موسیٰؑ کا صدقہ اے کریم — جو نجی اللہ ہیں اور ہیں کلیم
صدقہ حضرت عیسیٰؑ ذی جاہ کا — کلمۃ اللہ اور رُوح اللہ کا
صدقہ توریت وانجیل و زبُور — جن سے چمکا دین کا دنیا میں نُور
صدقہ فُرقانِ عظیم الشّان کا — سب سے افزوں تر ہے جس کا مرتبا
تیری کُل وحیوں کا صدقہ اے خُدا — اور ترے حکم و قضا کا اے خُدا
سائلوں کو تو جو کرتا ہے عطا — اس کا صدقہ اے خُداوندِ علا
تو جو محتاجوں کو دیتا ہے غنا — اور غنی کو دیتا ہے مُفلس بنا
صدقہ اس بخشش کا اور احسان کا — اور تری اس لااُبالی شان کا
تو جو گمراہوں کو دکھلاتا ہے راہ — تیری اس رحمت کا صدقہ اے الٰہ
اور صدقہ ہیں ترے اس نام کے — دو جہاں قائم ہیں جس کے فیض سے
جس کی برکت سے زمیں ہے برقرار — آسماں جس کے سبب ہے اُستوار
کوہ جس کے فیض سے ہیں پائدار — عرش کو جس کے سبب سے ہے قرار
روشنی دن کی ہے جس کے فیض سے — شب کی تاریکی ہے جس کے فیض سے
صدقہ شانِ کبریائی کا تری — تیری عظمت اور بڑائی کا تری
اور صدقہ تیرے نورِ ذات کا — جگمگاتے جس سے ہیں ارض و سما
سب کے صدقے میں یہ ہے میرا سوال — تجھ سے اے پروردگارِ ذُوالجلال
ذوق ہو قرآن کا مُجھ کو نصیب — اور ہو اس کا مزا مجھ کو نصیب
کر مجھے قرآن سے تُو بہرہ ور — اُلفتِ قرآں ہو مُجھ کو بیشتر

Marfat.com

میرے خوں اور گوشت جسم و جان میں — اور میری آنکھ میں اور کان میں
الغرض ہو سر سے میرے پاؤں تک — فیض کی قرآن کے مجھ میں جھلک
ہو بسا قرآں مرے ہر عضو میں — سارے اعضا تابعِ قرآں رہیں
حکمِ قرآں کے موافق ہو تمام — میرے ہر اک عضو کا ہر ایک کام
تیری تائید اور تری توفیق سے — اے خدا حاصل ہو یہ نعمت مجھے
تیری تائید اور عنایت کے بغیر — ہو نہیں سکتا ہے کوئی کارِ خیر
اور نہ ہو جب تک الٰہی تو معیں — کار بد سے کوئی بچ سکتا نہیں
داؤ سے اپنے نڈر ہم کو نہ کر — قہر سے تیرے نہ ہوں ہم بے خطر
ذکر اپنا تو نہ دے ہم سے بھلا — اپنا پردہ تو نہ لے ہم سے ہٹا
اور ہم کو غافلوں سے تو نہ کر — دور کر دے ہم سے غفلت سر بسر

۱۶۸

جلد مجھ کو عافیت فرما عطا — اور مجھ سے دور فرما دے بلا
بزمِ دنیا سے کروں جب میں فرار — تیری رحمت ہو مری جائے قرار
ایک تو ہی بس ہے ہر اک کا عوض — اور نہیں یارب کوئی تیرا عوض
جس کا تو ہو پھر اسے حاجت نہیں — اور کوئی اس کا ہو یار و معیں
جس کا ساتھی تو خداوندا نہیں — کوئی بھی کام اس کے آ سکتا نہیں
بے کسوں کا ہے خدایا تو ہی کس — عاجزوں کا ہے تو ہی فریاد رس
آسرا رکھتے نہیں ہیں اے خدا — ہم کسی سے تیری رحمت کے سوا
ہر کسی سے قطع کر کے آس ہم — اب ہوئے حاضر ہیں تیرے پاس ہم

Marfat.com

صدقے میں یارب تو اپنی جاہ کے اور صدقے میں رسُول اللہ کے
مَیں ہوں جس رنج و بلا میں مُبتلا دے رہائی مجھ کو اس سے اے خدا
کر ہر اک حالت میں تو میری مدد ہو مرے ہر کام میں تیری مدد

۱۶۹

آنکھ تیری جو نہیں سوتی کبھی ہر گھڑی یارب نگہباں ہو مری
فضل کی اپنے تو رکھ مجھ پر نگاہ مُجھ کو اپنے حفظ میں رکھ یا اللہ
تیری قدرت جس سے کچھ باہر نہیں ہو مری ہر حال میں یار و مُعیں
اپنی قدرت سے تو مجھ پر رحم کر رکھ تو مجھ پر اپنی رحمت کی نظر
تو ہے جب یارب مری امید گاہ فضل سے اپنے نہ ہونے دے تباہ
تو نے یارب اپنے فضل وجود سے نعمتیں بہتیری ایسی دیں مجھے
شکر جن کا کچھ نہ مجھ سے ہو سکا یا ہُوا بھی تو بہت ہی کم ہُوا
پھر بھی تو نے اے الٰہ العالمیں نعمتیں اپنی نہ مجھ سے چھین لیں
اور نہ محرومی ہُوئی مجھ کو کبھی نعمتوں سے تیری اے ربِّ غنی
اور بلا میں تیری ہو کر مُبتلا مُجھ سے بے صبری ہُوئی ہے بارہا
اور نہ جانی مَیں نے کچھ قدرِ بلا بلکہ ناخوش ہو کے کر بیٹھا گلا
تو نے اِس پر بھی دیا مجھ کو نہ چھوڑ فضل و رحمت سے لیا منہ کو نہ موڑ
اور بُرے کاموں میں مجھ کو مبتلا تو نے خود دیکھا ہے یارب بارہا
میری حالت تجھ سے پوشیدہ ہے کب دیکھتا ہے تو مرے اعمال سب
تو نے لیکن اے خداوندِ جلیل کر نہیں ڈالا کبھی مجھ کو ذلیل

Marfat.com

منہ نہ میرا کر دیا کالا کبھی | اور مجھے رسوا نہ کر ڈالا کبھی

۱۷۰

ہے تری بخشش الٰہی دائمی | منقطع جو ہو نہیں سکتی کبھی
اور تیری نعمتیں ہیں بے عدد | جن کی ہو سکتی نہیں ہے کوئی حد
ہو نہیں سکتا کبھی یارب تمام | جُود تیرا اور ترا احسان عام
یہ دُعا میری ہے تجھ سے اے ودُود | بھیج تو اپنے پیمبر پر درُود
ہے محمّد یا الٰہی جن کا نام | اپنی رحمت ان پہ نازل کر مدام
یارب ان پر اور ان کی آل پر | کر تو اپنی خاص رحمت سربسر
مجھ پہ جن لوگوں کا ہے یارب دباؤ | کرتے رہتے ہیں جو بدخواہی کا داؤ
میرے دشمن اور مخالف جتنے ہیں | سب کو کرتا ہوں حوالے تیرے میں
کر حمایت میری تو ہی اے خدا | اور مجھے ان سب کے شر سے دے بچا

۱۷۱

دین میں میری مدد دنیا سے کر | ٹھیک میری آخرت تقویٰ سے کر
کام آئے دین میں دُنیا مجھے | آخرت میں لے بچا تقویٰ مجھے
میری چیزیں جو ہیں آنکھوں میں نہاں | ہو نگہباں ان کا بھی ربِّ جہاں
عاقبت کی عافیت کر نا عطا | اس جہاں کی آفتوں سے رکھ بچا
اس جہاں میں زندہ میں جب تک رہوں | نفس کا اپنے کبھی تابع نہ ہوں
چھوڑ دے مجھ کو نہ میرے نفس پر | تو نگہباں رہ مرا اور راہبر
خلق کتنا ہی کرے جُرم و گناہ | کیا ضرر ہے اِس سے تیرا اے الٰہ

Marfat.com

اور کتنی ہی کرے تو مغفرت بخش دے ہر ایک کی تو معصیت
کب خزانے میں ترے ہو گی کمی گھٹ نہیں سکتی تری بخشش کبھی
پس مجھے بھی دے وہ اے ربِ غنی جس کے دینے سے نہیں تیری کمی
اور گناہوں سے مرے تو درگذر جس سے تیرا کچھ نہیں یارب ضرر
ہے تو ہی بے شبہ وہّاب و کریم ہے تو ہی بے شبہ غفّار و رحیم
مجھ کو سکھ دے دور کر دکھ عنقریب رنج کھو اور بخش راحت اے مجیب
دے مجھے صبرِ جمیل اے ذوالجلال کر نہ دے مضطر مجھے رنج و ملال
میری روزی میں فراغت دے مجھے رزق میں یارب تو وسعت دے مجھے
ہر بلا اور ہر مصیبت سے مجھے یاالٰہی عافیت ایسی تو دے
ہو نہیں جس عافیت میں کچھ کمی اور ہو وہ بے زوال اور دائمی
عافیت پر شکر کی توفیق بھی کر عنایت مجھ کو اے ربِ غنی
کر دے سب لوگوں سے بے پروا مجھے اور نہ رکھ محتاج لوگوں کا مجھے
تیرے ہی قبضہ میں ہے فقر و غنا جیسا چاہے جس کو یارب دے بنا
دم میں تو کر دے غنی محتاج کو اور کرے پامال شاہی تاج کو
تیرے ہی قابو میں ہے ہر نیک و بد سب کو ہے درکار تیری ہی مدد

۱۷۲

میرے ظاہر کو الٰہی ٹھیک کر اور ہو ظاہر سے باطن خوب تر
اچھی چیزیں جتنی اے ربُّ العُلا تو کیا کرتا ہے لوگوں کو عطا
قسم سے ہو اہل کے، یا مال کے جنس سے احوال، یا اعمال کے

Marfat.com

یا وہ ہو از قسم اولاد و عیال جو مُضِلّ ہوں یا الٰہی اور نہ ضَال
مانگتا ہُوں تجھ سے مَیں ہر قسم کی اچھّی چیزیں اے خُداوندِ غنی
اہل اچھے ہوں مرے اچھّا ہو مال اور اچھّے ہوں مرے اعمال و حال
اور اچھّی ہو مری اولاد بھی آنکھیں ٹھنڈی جس سے ہوں اور خوش ہو جی
ہوں نہ گمراہی میں مَیں خود مُبتلا اور نہ دوں گمراہ اوروں کو بنا

۱۷۳

اپنے ان بندوں سے کر یارب مُجھے جو پسندیدہ ترے ہیں اور چُنے
روزِ محشر جن کے منہ اور دست و پا ہونگے روشن اور چمکتے اے خُدا
ہونگے جو تیرے معزّز میہماں اور نوازے گا انہیں تو بے گماں
ایسے ہی مقبُول بندوں سے بنا مُجھ کو بھی اے خالقِ ارض و سما
نفس ایسا تجھ سے مَیں ہُوں مانگتا جو نہ ہو تابع کبھی شیطان کا
جس کو تیرے ساتھ اطمینان ہو تجھ سے ملنے پر جسے ایمان ہو
تابع و راضی قضا پر تیری ہو قانع و شاکر عطا پر تیری ہو

۱۷۴

ہیں ترے ہی واسطے سب خُوبیاں ہو نہیں سکتی ہیں جو ہرگز بیاں
اور تو ہی مستحق ہے حمد کا ہے نہیں جس حمد کی کچھ انتہا
دائمی حمد اور بے پایان و حد جو ازل سے مستمر ہے تا ابد
جس سے ہو مقصُود تیری ہی رضا اور نہ ہو کوئی غرض اس کے سوا
ہر نفس، ہر پل میں، ہر دم، ہر گھڑی ہے تجھی کو خاص وہ حمد اے غنی
دل کو میرے دین کا مائل بنا مُجھ کو دینداری الٰہی کر عطا

Marfat.com

آگے پیچھے ہر طرف سے اے خُدا ۔۔۔ ہر بلا سے تو نگہباں رہ مرا
سیدھے رستے پر تو اے پروردگار ۔۔۔ رکھ مجھے ثابت قدم اور اُستوار
نیک رستے سے نہ کر گمراہ مجھے ۔۔۔ پانوؤں کو میرے پھسلنے تو نہ دے

۱۷۵
جس طرح طاعت سے اے ربِّ قوی ۔۔۔ روکتا ہے تو مرے دل کو کبھی
اس طرح شیطاں کو مجھ سے روک دے ۔۔۔ اس کے کاموں سے بچا یارب مجھے
دخل دے دل پر نہ تو شیطان کو ۔۔۔ اس سے رکھ دُور اس عدوِّ جان کو
ہم کو روزی دے تو اپنے فضل سے ۔۔۔ کامیابی مقصدوں پر ہم کو دے
اور نہ کر محروم روزی سے ہمیں ۔۔۔ کر عطا برکت ہمارے رزق میں
کر ہمارے نفس کو یارب غنی ۔۔۔ بخش ہم کو تو غنائے باطنی
ہو فراخی یا ہو تنگی مال میں ۔۔۔ جی ہمارا ہو غنی ہر حال میں
نعمتِ عقبیٰ کو چاہیں جی سے ہم ۔۔۔ خواہشِ دُنیا کبھی ہو بھی تو کم

۱۷۶
مجھ کو یارب ایسے لوگوں سے بنا ۔۔۔ رکھتے ہیں پورا بھروسا جو ترا
اور کافی ہے تو ہی ان کے لئے ۔۔۔ ہو رہا ہے ان کا تو اور وے ترے
چاہتے ہیں تجھ سے دے جب رہبری ۔۔۔ راہ دکھلاتا ہے تو ان کو بھلی
مانگتے ہیں تجھ سے جب تیری مدد ۔۔۔ اے خُدا کرتا ہے تو ان کی مدد
مجھ کو بھی ایسے ہی لوگوں سے بنا ۔۔۔ مَیں ترا ہو جاؤں اور تو ہو مرا

۱۷۷
دُھن بندھا ہو میرے دل میں اے خُدا ۔۔۔ تیرے ڈر کا اور تیری یاد کا
تیرا ذکر اور خوف ہو دل میں بھرا ۔۔۔ اور نہ ہو اس کے سوا کچھ وسوسا

Marfat.com

جو سہائے اور پسند آئے تجھے — کچھ نہیں اس کے سوا بھائے مجھے
جو تجھے محبوب اور مرغوب ہو — مجھ کو بھی یا رب وہی مطلوب ہو
خواہ تو بخشے فراغت اے خدا — یا مجھے تنگی میں رکھے مبتلا
رکھ ہر اک حالت میں اے ربّ البشر — مجھ کو قائم حق پر اور اسلام پر
حق کے رستے پر رہوں ثابت قدم — اور بھروں اسلام کا ہر وقت دم

۱۷۸
چاہتا ہوں تجھ سے مَیں نعمت تمام — اور اس پر شکر کی توفیق تام
جس سے تو راضی ہو اور بعدِ رضا — ہر طرح کی خیر مجھ کو ہو عطا
کام سب آساں ہوں میرے اے رحیم — ہو نہ دشواری کسی میں اے کریم

۱۷۹
اے خدائے پاک اے ربِّ جہاں — شب سے تو ہی صبح کرتا ہے عیاں
بخشتا ہے صبح کو تو ہی ظہور — شب کی تاریکی کو کر دیتا ہے دُور
شب کو تو ہی اے خدائے بیچگوں — ہے بناتا وقتِ آرام و سکوں
اور وقتوں کے ٹھکانے کے لئے — چاند اور سورج بنائے تو ہی نے
فضل سے اپنے خداوندا مجھے — قوت اپنی راہ میں لڑنے کی دے
تیرے رستے میں لڑا دوں مال و جاں — اور کروں قربان تجھ پر خان و ماں

۱۸۰
سب کے شامل ہے جو اے ربِّ ازل — تیرا برتاؤ ترا طرزِ عمل
عام مخلوقات کے ساتھ اے خدا — خود ہماری ذات کے ساتھ اے خدا
اور ہمارے گھر میں ہیں جو مرد و زن — ساتھ ان لوگوں کے بھی اے ذو المنن
سب کے شامل جو نوازش ہے تری — دکھ میں، سکھ میں آزمائش ہے تری

Marfat.com

دُکھ میں صبر اور سُکھ میں سب کے شکر کا
امتحاں کرتا جو ہے تُو اے خُدا

حمد ہے اس پر ترے ہی واسطے
ہے ثنا و شکر تیرے ہی لیئے

ہم کو دکھلا دی جو تُو نے ٹھیک راہ
اور ہمیں بخشی جو عزت اور جاہ

پردہ پوشی جو ہماری تُو نے کی
اور ہماری جُرم بخشی تُو نے کی

اور دیا ہم کو جو تُو نے اہل و مال
اور کیا قرآں عطا اے ذُو الجلال

ان سب احسانوں پہ بے حد و قیاس
ہے ترے ہی واسطے حمد و سپاس

ایسے ہوں وہ شکر اور حمد و ثنا
جن سے تُو ہو جائے راضی اے خُدا

اور پھر تیری رضامندی پہ بھی
شکر تیرے ہی لئے ہے اے غنی

تو ہی ایسا ہے زبردست اور غیور
جس سے ڈرنا چاہئے سب کو ضرور

اور تُو ہی مغفرت کا اہل ہے
سب کی بخشائش تجھی پر سہل ہے

۱۸۱

جو عمل، جو فعل، اور جو چال ڈھال
اور جو قول، اور جو قصد، اور خیال

الغرض جو کچھ پسند آئے تجھے
سب کی دے توفیق اے مالک مجھے

سب تو کر سکتا ہے اے پروردگار
اور تجھے ہر چیز پر ہے اختیار

آج کے دن اور آئندہ کی بھی
آفتیں جتنی ہیں اور جتنی بدی

اور بدی سے نفس اور شیطان کے
اور بدی و فتنہ سے نسوان کے

عورتوں کے مکر سے اور چال سے
اور ان کے آفتوں کے جال سے

ایسی عورت سے بھی دے مجھ کو پناہ
جو مجھے کر دے شرارت سے تباہ

پیشتر ہی جو بڑھاپا آنے کے
فکر سے بُوڑھا بنا چھوڑے مجھے

Marfat.com

اور جو اولاد ہو مجھ پر وبال — سب سے دے مجھ کو پناہ اے ذوالجلال

ساتویں منزل ہے جمعہ کی اخیر

۱۸۲

رَبَّنَا یَا رَبَّنَا یَا رَبَّنَا — کرلے تو مقبول میری یہ دعا
نام تیرا ہے کبیر اے مستعان — ہے بڑا تو، اور بڑی ہے تیری شان
تو ہی یا رب ہے سمیع اور ہے بصیر — دیکھتا سنتا ہے سب کچھ اے قدیر
کوئی ساجھی ہے نہ ہے تیرا وزیر — واحد و یکتا ہے تو اور بے نظیر
اور تو ہی ہے خالقِ شمس و قمر — جن سے ہے پُرنور عالم سربسر
تو ہی محتاجوں کا ہے پشت و پناہ — عاجزوں کو ہے تجھی سے دستگاہ
تو ہی یا رب ہر بلا سے بے گماں — خائف و مضطر کو دیتا ہے اماں
ننھے بچوں کا ہے تو روزی رساں — جوڑتا ہے تو ہی ٹوٹی ہڈیاں
مضطر و آفت رسیدہ مبتلا — جس طرح کرتا ہے گھبرا کر دعا
میری بھی یا رب ہے ویسی ہی دعا — اور پکڑتا ہوں میں پایہ عرش کا
عرش کی تیرے جو عزت ہے عظیم — اس کا صدقہ اے خداوندِ کریم
ہے جو رحمت سے بھری تیری کتاب — ہوتا ہے رحمت کا جس سے فتحِ باب
وہ کتاب پاک اور ہیں جو نہاں — رحمتوں کی اس کے اندر کنجیاں
اور وہ آٹھوں نام برکت سے بھرے — ہیں جو پیشانی پہ سورج کی لکھے
سب کے صدقے میں تو اے پروردگار — کردے قرآں کو مرے دل کی بہار
دل شگفتہ ہو مرا قرآن سے — اور ملے مجھ کو مزا قرآن سے

Marfat.com

کردے قرآں رنج وغم کو مجھ سے دُور بخشے میرے دل کو راحت اور سرور

۱۸۳

اور اس دُنیا میں اے ربُّ العباد پُوری کر میری تو یہ اور وہ مراد
پُوری کردے میری یہ سب حاجتیں ہے تصوّر جن کا میرے قلب میں
ہر اکیلے کا ہے تُو یارب انیس اور ہر اک تنہا کا ہے تُو ہی جلیس
ہر جگہ تُو ہر کسی سے ہے قریب اور کسی سے تُو نہیں دُور اے مُجیب
ہر جگہ حاضر ہے تُو غائب نہیں تجھ پہ یارب کوئی بھی غالِب نہیں
اے خُدا اے حیّ و قیوّم و کریم قادر و غفّار و رحمٰن و رحیم
جمع ہیں تجھ میں سب اوصافِ کمال تو ہی ذوالاکرام ہے اور ذوالجلال
ہے تو ہی روشن گرِ ارض وسما ہے تجھی سے ان کی ایجاد اور بنا
ہے تجھی سے ان کا سارا انتظام ان کی زینت اور قیام اور روک تھام
تُو ہی فریادی کا ہے فریاد رس داد خواہوں کا تُو ہی ہے داد رس
اور تو ہی ہے بے پناہوں کی پناہ اور نہیں تیرے سوا کوئی پناہ
چَین بے چینوں کو دیتا ہے تو ہی تو ہی غمگینوں کو دیتا ہے خُوشی
مضطروں کی تُو ہی سُنتا ہے دُعا دُور کرتا ہے تُو ہی رنج و بلا
سارے عالم کا تُو ہی معبُود ہے معدنِ احسان و کانِ جُود ہے
سب سے بڑھ کر رحم والا ہے تُو ہی سب سے برتر اور نرالا ہے تُو ہی
حاجتیں سونپی ہُوئی ہیں سب تجھے اور ہر اک مطلب حوالے ہی ترے

۱۸۴

اے خُدا اے مالکِ عرشِ عظیم تو ہی بیشک ہے سَمیع اور ہے عَلیم

ے اس مقام پر اپنے مقصودِ حلال کا تصوّر کریں ۱۲

Marfat.com

ہے تو ہی بے شبہ خلّاقِ عظیم — تو ہی بیشک ہے غفور اور ہے رحیم
ہے تو ہی برد کریم اور ہے جواد — اے خدائے پاک اے ربُّ العباد
کر تو میری مغفرت اور رحم کر — اور مجھے کر عافیت سے بہرہ ور
پردہ پوشی کر مری اور رزق دے — میرے نقصانوں کا بدلہ دے مجھے
راہ پر رکھ مجھ کو پستی سے نکال — کر مرے درجے بلند اے ذو الجلال
اور گمراہی سے رکھ مجھ کو بچا — اپنی رحمت سے تو کر جنّت عطا
اپنی رحمت مجھ پہ اے رحمٰن کر — رحم والا سب سے ہے تو بیشتر
اپنا پیارا اے خدا مجھ کو بنا — اور بُری چالوں سے تو مجھ کو بچا
اور تیرے ہی لیے خاص اے جلیل — اپنی آنکھوں میں رہوں خوار و ذلیل
خلق کی آنکھوں میں عظمت ہو مری — اور دلوں میں قدر و عزّت ہو مری
ہم کو جن اعمال اور افعال کا — حکم تو نے کر دیا ہے اے خدا
بے تری تائید اور توفیق کے — کچھ نہیں ممکن کہ ہم سے ہو سکے
تو ہی لے لے ہم سے وہ کام اے خدا — جس میں خوشنودی تری ہو اور رضا
تو ہی والی ہے مرا اور کارساز — اور تو ہی مالک ہے اے بندہ نواز
اپنی مرضی کے موافق کام لے — مجھ سے اور توفیقِ طاعت دے مجھے

۱۸۵

مجھ کو وہ ایمان دے اے ذو الجلال — ہو کبھی جس میں نہ نقصان اور زوال
اور وہ دل دے جس میں ہو یارب خشوع — جو رہے ہر دم تری جانب رجوع
مجھ کو سیدھا دین اور سچا یقین — تو عطا کر اے الٰہ العالمین
اور ہمیشہ ہر بلا و رنج سے — عافیت میں رکھ خداوندا مجھے

Marfat.com

عافیت پر شکر کی توفیق دے اور نہ کر محتاج لوگوں کا مجھے
کر کے توبہ جن بُرے اعمال سے پھر وہی اعمال میں نے ہوں کئے
عہد و پیماں کر کے تجھ سے اے خُدا اپنا جو وعدہ نہ ہو پُورا کیا
نقضِ توبہ اور شکستِ عہد سے اب نہایت شرمساری ہے مجھے
اور معافی تجھ سے مَیں ہُوں مانگتا بخش دے تقصیر میری اے خُدا
صرف کیں مَیں نے جو تیری نعمتیں تیری نافرمانیوں کی راہ میں
اور تری ہی نعمتوں کے زور پر تیری نافرمانیاں کیں بے خطر
نیک کام ایسے جو ہوں مَیں نے کئے کرنا چاہا ہو جنہیں تیرے لئے
ان میں آمیزش مگر غیروں کی بھی ہو گئی ہو اے خداوندِ غنی
ہوں میں اُس کا بھی الٰہی عذر خواہ بخش دے میری یہ تقصیر اور گُناہ
الغرض توبہ جو مَیں نے توڑ دی اور شکستِ عہد جو مجھ سے ہُوئی
تیری ہی نعمت کے بل پر اے خُدا مَیں جو نافرمان و سرکش بن گیا
نیک کاموں میں جو کی مَیں نے ریا اور غیروں کو ترا ساجھی کیا
سب گناہوں سے ہُوں اب میں عذر خواہ مغفرت کر دے مری تو اے الٰہ
ہے مرے ہر حال کی تجھ کو خبر اے مرے مالک مجھے رسوا نہ کر
ہر طرح ہے تجھ کو مجھ پر اختیار کر نہ تو مجھ پر عذاب اے کردگار
علم و قدرت جس طرح رکھتا ہے تُو حلم اور رحمت میں بھی یکتا ہے تُو

۱۸۶

اے خُدائے حیّ و قیُّوم و قدیم اے خدائے صاحبِ عرشِ عظیم

اے قدیر و خالقِ کون و مکاں — اے کریم و مالکِ ہفت آسماں
تو جہاں سے چاہے جس طرح اے خُدا — خُود ہی کر میری ہر اک حاجت روا
تُو ہی میری ہر مہم کا ہو کفیل — جیسے چاہے کر دے خُود اس کی سبیل
حَسْبِیَ اللہ حَسْبِیَ اللہ رَبُّنَا — حَسْبِیَ اللہ حَسْبِیَ اللہ حَسْبُنَا
حَسْبِیَ اللہ ہے مجھے اللہ بس — دین و دنیا میں مرا فریاد رس
ہر مہم ہر اک ضرورت کے لئے — حَسْبِیَ اللہ خُدا بس ہے مجھے
شر سے مُوذی اور بد اندیش کے — اور ضرر سے حاسدِ بد کیش کے
حَسْبِیَ اللہ مجھے بس ہے خُدا — مُجھ کو ان سب سے وہی لے گا بچا
مرتے دم اور قبر میں وقتِ سوال — حَسْبِیَ اللہ بس ہے فضلِ ذوالجلال
تولے جائیں گے عمل میزاں میں جب — پُل پہ جب چلنے لگیں گے لوگ سب
ہر جگہ، ہر حال میں اور ہر نفس — حَسْبِیَ اللہ ہے مجھے اللہ بس
فضل تیرا ہی ہے میرے واسطے — اور تری امداد کافی ہے مجھے
اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ یَاجَلِیْل — اَنْتَ نِعْمَ الْعَوْنُ لِیْ نِعْمَ الْوَکِیْل
بس ہے مجھ کو فضل و امدادِ خدا — اور نہیں کوئی الٰہ اس کے سوا
ہے وہی معبودِ برحق اور خُدا — اور اسی پر بس بھروسا ہے مرا
اور وہی ہے صاحبِ عرشِ عظیم — ہے وہی غفّار و ستّار و حلیم

۱۸۷

اے خُدا اے مالکِ جُود و عطا — چند چیزیں تجھ سے مَیں ہُوں مانگتا
شکر والوں کا سا دے مُجھ کو ثواب — شاکروں ہی میں ہو میرا بھی حساب

Marfat.com

خاص بندے جو مقرب ہیں ترے | میہمانی اُن کی تو جیسی کرے
میں بھی ویسا ہی ترا مہماں بنوں | اور مشرّف تیری مہمانی سے ہُوں
ساتھ مجھ کو انبیا کا ہو نصیب | مُجھ کو یارب ایسا رتبہ ہو نصیب
مثل صدیقوں کے ہو میرا یقیں | ہر طرح پُورا ہو اور سچّا یقیں
اہلِ تقویٰ جیسے اے ربِّ جلیل | رہتے ہیں تیرے لئے خوار و ذلیل
مجھ کو بھی ویسی ہی ذلّت ہو نصیب | دو جہاں میں جس سے عزّت ہو نصیب
رہتے ہیں اہلِ یقیں جس طرح سے | دل سے یارب تیری طاعت میں دبے
دل سے ویسا ہی رہوں میں بھی دبا | اور رہوں تیری اطاعت میں لگا
جب تلک یارب مرے دم میں ہو دم | مُجھ میں یہ اوصاف سارے ہوں بہم
تیری ہی طاعت میں نکلے میری جاں | اے خُدا اے سب سے بڑھ کر مہرباں

۱۸۸

تیرا اگلا فضل اور نعمت تری | مُجھ پہ جو میں نازل یارب ہو چکی
اور یارب تیری وہ اچھی بلا | مجھ کو جس میں کر چکا تو مُبتلا
صدقہ ان سب رحمتوں کا اے خُدا | کرلے اب مقبول میری یہ دُعا
اپنے فضل و رحمت و احسان سے | جنّت الماوٰے میں داخل کر مجھے

۱۸۹

اور یہ ہے تجھ سے الٰہی التجا | دائمی ایمان کر مُجھ کو عطا
اور ہدایت ایسی ہو یارب مجھے | ٹھیک رکھے جو مُجھے ہر طرح سے
علم نافع کر مجھے یارب عطا | دین و دنیا میں ہو جس سے فائدہ

Marfat.com

۱۹۰

اور کسی بدکار و ناہنجار کا
کر نہ تو ممنون مجھ کو اے خدا

فاسق و بے دین و کافر کا کبھی
کر نہ مجھ کو زیرِ احساں اے غنی

تاکہ دنیا یا کہ عقبےٰ میں کہیں
مجھ کو بدلا اس کا دینا ہو نہیں

۱۹۱

کل گناہوں کو مرے بخش اے خدا
کر مرے اخلاق میں وسعت عطا

اور مجھے یارب کمائی پاک دے
اپنی قسمت پر قناعت ہو مجھے

جو مقدر میں نہ ہو میرے لکھا
میں نہ ہوں اس کا طلبگار اے خدا

۱۹۲

جتنے مخلوقات ہیں یارب ترے
جو تری قدرت سے ہیں پیدا ہوئے

شر و آفت سے ہر اک کے اے الٰہ
مانگتا ہوں تجھ سے میں تیری پناہ

رکھ مجھے اپنی حفاظت میں مدام
کر حراست میری اے ربِّ انام

مجھ کو اپنے خاص بندوں میں بنا
کر خصوصیت مجھے یارب عطا

ہو ترے نزدیک میرا مرتبا
اور ہو اچھا ٹھکانا اے خدا

تیرے جن بندوں کا یارب ہر گھڑی
تیری دھمکی سے ڈرا کرتا ہے جی

اور کھڑے ہونے سے تیرے سامنے
رہتے ہیں ہر وقت ڈرتے کانپتے

اور ترے ملنے کے ہیں امیدوار
رہتے ہیں خوف و رجا سے بے قرار

مجھ کو بھی ایسے ہی بندوں سے بنا
یَا وَلِیَّ الْحَمْدِ یَا رَبَّ الثَّنَا

اور ان لوگوں میں کر میرا شمار
جو گناہوں سے ہیں اپنے شرمسار

Marfat.com

اپنی تقصیروں سے ہردم ڈرتے ہیں | سچی توبہ صاف دل سے کرتے ہیں
اور تری درگاہ میں باصد خشوع | صدق دل سے ہوتے ہیں یارب رجوع
ہو عمل میرا سزاوارِ قبول | جس سے ہو تیری رضامندی حصول
اور میرا علم میرے واسطے | کامیابی کا سبب یارب بنے
اور کرم سے تیرے اے ربِ غنی | ایسی کوشش اور کمائی ہو مری
جس کے باعث پوری شاباش اور داد | پاؤں میں، اور پوری ہو میری مراد
اور تجارت ایسی ہو یارب مری | ہو کبھی جس میں نہ ٹوٹا اور کمی

۱۹۳

موت کی سختی میں اور سکرات میں | جب لگا رہتا ہے شیطاں گھات میں
ہو الٰہی تو مددگار و معیں | مجھ پہ غالب ہو نہ جائے وہ لعیں
مرتے دم یارب مری امداد کر | اور جہنم سے مجھے آزاد کر

۱۹۴

کُل گناہوں سے مرے تُو درگذر | اور مجھ پر رحم اے رحمٰن کر
طبقۂ اعلیٰ میں جو بندے ترے | تیرے سب بندوں میں ہیں خاص اور چُنے
مجھ کو بھی یارب ہو ساتھ ان کا نصیب | ان سے کردے اے خدا مجھ کو قریب
شرک و کفر اور فسق اور عصیان سے | آتشِ دوزخ سے اور شیطان سے
ظلم و بے انصافی اور مکر و دغا | اور زمین و آسماں کی ہر بلا
ہر مرض ہر ایک موذی جانور | ہر طرح کے فتنے ہر اک شور و شر
کردے غافل جو اُمید و آرزو | جو عمل رُسوا کرے اور زرد رُو

Marfat.com

ایسی محتاجی بُھلادے مجھ سے جو — تُجھ کو یارب اور ترے احکام کو
ایسی دولت جس سے مَیں جاؤں بہک — اور تیری راہ سے جاؤں بھٹک
ایسا ساتھی جس سے ہو مجھ کو ضرر — جس سے پہنچے مُجھ کو ایذا اور شر
اپنے غصّے اور عتاب و قہر سے — مُوذیوں کے نیش سے اور زہر سے
ناگہاں اور رنج و غم کی موت سے — سب سے یارب دے پناہ اپنی مُجھے
اور حق باتوں میں شک اور وہم سے — اور نادانی و سوءِ فہم سے
لشکرِ شیطاں سے اور شیطان سے — جھُوٹ سے غیبت سے اور ہذیان سے
الغرض ہر اک بدی سے دے پناہ — ہو مرا ایسا نگہباں اے الٰہ
باپ ماں جس طرح بچوں کے لئے — رہتے ہیں ہر دم حفاظت میں لگے
تو بھی ایسی ہی حفاظت کر مری — اور ایسی ہی حراست کر مری

یہ دُعا ناظم کی جانب سے ہی عرض

اور نبی پر اپنے اے ربِ انام — خاص رحمت اپنی نازل کر مدام
اور ان کے آل اور اصحاب پر — عترت و ازواج اور احباب پہ
ہیں جو تیرے بندۂ خاص اے غنی — مولوی اشرف علی تھانوی
جن کے ارشاد اور جن کے فیض سے — تیرے بندوں کے وظیفہ کے لئے
یہ دُعائیں تیری بتلائی ہُوئیں — اور نبی کی تیرے سکھلائی ہوئیں
اِک جگہ جمع اور فراہم ہو گئیں — نظم اُردو میں مترجم ہو گئیں
فیض ان کا دائمی ہو اور عام — ہر جگہ یارب خلائق میں تمام

Marfat.com

سب کو ان کے فیض سے کر بہرہ مند — اور ان سے دُور رکھ ہر اک گزند
دو جہاں میں مرتبے ان کے بڑھا — قربِ خاص اپنا انہیں فرما عطا
عاشقانِ صادق و ممتاز میں — درجۂ اعلیٰ عطا فرما انہیں
اک گھڑی اور ایک دم بھی اے خُدا — ہو نہ تو ان سے نہ وہ تجھ سے جُدا
اور ان کا ہے جو اک ادنیٰ غلام — عبد واسع جس کا سب کہتے ہیں نام
نظم جس نے حکم سے ان کے کیا — اِن مناجاتوں کا اُردو ترجمہ
اس کو بھی تو دین اور دُنیا میں کر — عفو سے اور عافیت سے بہرہ ور
دل میں اس کے جتنی ہو اچھی مراد — سب کو پُوری کر دے اے ربُّ العباد
جتنے لوگوں کا ہو اس پر کچھ بھی حق — بخش دے ان کو بھی اے ربّ الفلق
یہ دعائیں جو پڑھے اور جو لکھے — اور جو ان کو وظیفے میں رکھے
اور دل سے قدرداں ان کا ہو جو — جس کے دل میں ان کا ذوق و شوق ہو
ہیں مُسلماں جتنے مرد اور عورتیں — بخش دے ان سب کو اور خُوش رکھ انہیں
سب سے تُو راضی ہو راضی رکھ انہیں — پُوری کر ان سب کی اچھی خواہشیں
یاالٰہی صدقۂ آلِ رسُولؐ — کُل دُعائیں میری فرما لے قبول

یہ دُعا بھی جانبِ ناظم سے ہے

اور یارب جن[عہ] کے فیض و حکم سے — یہ وظیفے ہیں مرتّب ہو گئے
ان کو تو اس کی جزا دے بے شمار — فیض ان کا رکھ ہمیشہ برقرار
ان سے تو راضی رہ اور خوش رکھ انہیں — مرتبے ان کے بڑھا دارین میں

عہ یعنی مولٰنا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہم ۱۲

نظم جس نے اس کو اُردو میں کیا
اس کو بھی اچھی جزا فرما عطا

فیض سے ان کے لے سے کر بہرہ ور
اور گناہوں سے تو اس کے درگذر

ان سے یارب تو نہ رکھ اس کو جُدا
درد کی اس کے الٰہی کر دوا

مدتوں سے ان سے وہ مہجور ہے
رنج دُوری سے دل اس کا چور ہے

ہے بتر مُردوں سے گو وہ زندہ ہے
زندگی سے اپنی خود شرمندہ ہے

یا الٰہی اب تو اس پر رحم کر
اور گناہوں سے تو اُس کے درگذر

یارب اپنے فضل اور امداد سے
بندِ فرقت سے رہا کر دے اسے

ایسی قوت اور توفیق اسکو دے
منزلِ مقصود تک وہ جا سکے

پھر نہ ہو وہ اپنے مولیٰ سے جُدا
وہ خُدا کا ہو رہے اس کا خُدا

اور ہیں جتنے مُسلماں مرد و زن
مجھ کو اور ان سب کو بخش اے ذو المنن

خاتمہ ناظم متضمّن حمد و سپاس الٰہی بر اتمام

تالیف و تاریخ آں متضمّن مصرعہ از مثنوی شریف

حمد لک والشکر لک یا ربنا
یا ولیّ الحمدِ یا اھل الثنا

اے کہ از فضلِ تو بر حسبِ مرام
یافت ایں نظمِ دعا زیبِ تمام

آں دعا ہائے کہ تعلیمش بہا
کردہ خود از سرِ لطف و عطا

آں کہ در قرآن و آثارِ رسول
شد بما منقول زاخبارِ عدول

Marfat.com

فیض اشرف کاں ہم از فیضانِ تست | نقشِ نظم آں ز دستِ من بہ بست
ہم مضامینِ دُعا ہا زانِ تست | نظم و تالیفش ہم از فیضانِ تست
در دُعا چوں کردہ تائید ہا | ہم اجابت راز تست امید ہا
اے کہ قولِ تست اُدْعُوا اَسْتَجِبْ | نَحْنُ قَدْ جِئْنَاكَ نَدْعُوا فَاسْتَجِبْ
آنچہ کارم بُود آں خود کردہ شد | یارب اکنوں تو بفرما کارِ خود
نیست بیش از ترجمانی کارِ من | نے کہ آں ہم نیست جز پندارِ من
بگذر اے دل از سرما و متی | تا بیابی سالِ آں از مثنوی

ہمچو مولٰنا پئے تاریخ گو
ہم دُعا از تو اجابت ہم ز تو

قطعۂ تاریخ اتمام ایں مناجات لطیف بہ اقتباس مادۂ از حدیث شریف

چوں ز اتمام ایں مناجات | قصرِ طاعت اساس کردم
فضل و امداد ایزدی را | از دل و جاں سپاس کردم
بس کہ ماثورہ ادعیہ را | نظمِ ہندی لباس کردم
سالِ آں ہم ز قولِ ماثور | در دلِ خود قیاس کردم
لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا | بِالدُّعَاءِ اقتباس کردم

۱۲۱۰ ۱۳ ۱۹ ۱۰۹

ملسہ و مرسیت بہ تخرجہ عدد ہشتاد از مادۂ تاریخ کہ مصرع است از مثنوی شریف ۱۲ منہ

Marfat.com

تتمہ

قربات عند اللہ وصلوات الرسول

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

وَنُصَلِّيْ عَلٰى نَبِيِّهِ الْكَرِيْمِ
اور درود بھیجتے ہیں ہم اس کے بزرگ نبی پر

وَبَعْدُ فَهٰذِهٖ تَتِمَّةٌ لِلْحِزْبِ الْمُسَمّٰى بِقُرُبَاتٍ عِنْدَ
بعد حمد وصلوٰۃ کے پس یہ تتمہ ہے کتاب وظیفہ مسمّٰی بہ قربات عند اللہ

اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ ✦ اَلَّذِيْ هُوَ اَصْلُ الْمُنَاجَاةِ
و صلوٰت الرسول کا جو اصل ہے مناجات

الْمَقْبُوْلِ ✦ زِدْتُ فِيْهِ مِنَ الْحِصْنِ حَسْبَ الْاِسْتِدْعَاءِ
مقبول کی بڑھائی ہیں میں نے اس میں حصن حصین میں سے بموجب درخواست

مِنْ بَعْضِ الْاَصْدِقَاءِ قَدْرًا يَسِيْرًا ضَرُوْرِيًّا مِنَ
بعض احباب کے کچھ تھوڑی سی ضروری دعائیں جو

الْاَذْكَارِ الَّتِيْ تُقَالُ فِي الصَّبَاحِ وَالْمَسَاءِ ✦ اَوْ فِيْ
پڑھی جاتی ہیں صبح اور شام یا دیگر

اَوْقَاتٍ وَاَحْوَالٍ خَاصَّةٍ مِنْ بَدْءِ الْعُمْرِ اِلَى
اوقات اور خاص خاص حالتوں میں شروع عمر سے ختم

الْاِنْتِهَاءِ ✦ فَالْمَرْجُوْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ يَجْعَلَهَا
تک پس امید حق تعالیٰ سے یہ ہے کہ کریں اس تتمہ کو

Marfat.com

كاصلها للناس نافعة ولكل شر وبأس دافعة

اصل کتاب کی طرح لوگوں کے لئے نافع اور ہر برائی اور خوف کے لئے دفع کرنیوالا

وحسبنا الله ونعم الوكيل نعم المولى ونعم النصير

اور کافی ہے ہم کو اللہ اور بہتر وکیل ہے اچھا آقا اور اچھا مددگار ہے

مايقال في صباح كل يوم ومسائه

وہ دعائیں جو ہر روز صبح اور شام پڑھی جائیں

بِسْمِ اللهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَ

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام کے ساتھ کہ جس کے نام کے ساتھ نہیں نقصان پہنچا سکتی کوئی چیز زمین میں

لَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (ثلث مرات)

اور نہ آسمان میں اور وہ سنتا اور جانتا ہے (اس کو تین بار پڑھے)

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

پناہ چاہتا ہوں میں حق تعالیٰ کے کامل کلمات کی تمام مخلوق کی برائی سے

اَللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَى

یا اللہ آپ ہی کی قدرت سے صبح کی ہم نے اور آپ ہی کی قدرت سے شام کی ہم نے اور آپ کی قدرت سے زندہ ہیں ہم

وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ

اور آپ ہی کی قدرت سے مرتے ہیں ہم اور طرف آپ ہی کے اٹھنا ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے

وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

اکیلا ہے وہ نہیں کوئی شریک اس کا اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے

يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ وَهُوَ عَلَى

جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہیں مرتا ہے اور وہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۵ رَضِينَا بِاللهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ

سب چیز پر قادر ہے راضی ہیں ہم اللہ سے باعتبار رب ہونے کے اور اسلام سے

Marfat.com

دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نَبِيًّا

باعتبار دین ہونے کے اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے باعتبار نبی ہونے کے

اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ

صبح کی ہم نے دین اسلام اور کلمۂ اخلاص پر

وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَ

اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دین پر

سَلَّمَ وَعَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّ

اور اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر جو خاص مطیع تھے اور

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ

نہ تھے مشرکوں میں سے یا اللہ تو ہی ہے رب میرا نہیں ہے کوئی

اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ

معبود سوائے تیرے پیدا کیا تو نے مجھے اور میں بندہ ہوں تیرا اور میں تیرے عہد اور

وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ

تیرے وعدہ پر ہوں جہاں تک طاقت رکھتا ہوں اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا اپنے اوپر

وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہ کا پس بخش دے مجھے کیونکہ نہیں بخشتا ہے گناہوں کو کوئی

اِلَّآ اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ حَسْبِيَ

سوا تیرے پناہ پکڑتا ہوں میں تیری اپنے اعمال کی برائی سے کافی ہے مجھ کو

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اُس کے اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہ رب ہے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (سبع مرات من حسبی)

عرش عظیم کا (حسبی اللہ سے عظیم تک سات بار پڑھے)

دُعَاءُ اَدَاءِ الدَّيْنِ وَزَوَالِ الْهَمِّ

دُعا قرض کے ادا ہونے اور فکر کے دُور ہونے کی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ

یا اللہ میں پناہ پکڑتا ہوں تیری فکر سے اور غم سے اور پناہ

بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ

پکڑتا ہوں تیری کم ہمتی اور سستی سے اور پناہ پکڑتا ہوں تیری بزدلی سے اور بخل سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ *

اور پناہ پکڑتا ہوں تیری قرض کے گھیر لینے سے اور لوگوں کے دبا لینے سے

مَا يُقَالُ اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ

وہ دُعا جو سورج نکلنے کے وقت پڑھی جائے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا

شکر ہے خدا کا جس نے آج ہمیں معافی دی اور ہمارے گناہوں سے ہمیں ہلاک نہیں کیا

مَا يُقَالُ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ

وہ دُعا جو اذانِ مغرب کے وقت پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ

یا اللہ یہ وقت ہے آپ کی رات کے آنے کا اور آپ کے دن کے جانے کا

وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْلِیْ

اور آپ کے سائلوں کی پکار کا پس بخشدیجئے مجھے

دُعَاءُ دُخُوْلِ الْبَيْتِ

گھر میں آنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اندر جانے کی اور بھلائی باہر نکلنے کی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى

خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ اندر جاتے ہیں ہم اور خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ باہر نکلتے ہیں ہم اور

اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

اپنے رب اللہ پر بھروسہ کیا ہم نے

دُعَاءُ النَّوْمِ

سونے کے وقت کی دُعا

بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ اَرْفَعُهُ اِنْ

آپ ہی کے نام کے ساتھ اے رب میرے رکھا میں نے اپنے پہلو کو اور آپ ہی کے سہارے اُٹھاؤنگا

اَمْسَكْتَ نَفْسِي فَاغْفِرْ لَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا

اُسے اگر روک لیں آپ میری جان کو بخش دینا اُسے اور اگر پھر بھیجیں آپ اُسے تو

فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ

حفاظت کرنا اس کی اس طرح کہ حفاظت کرتے ہیں آپ اپنے نیک بندوں کی

اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

یا اللہ بچانا مجھے اپنے عذاب سے جس دن کہ اُٹھائیں آپ اپنے بندوں کو

مَا يَقُولُ اِذَا رَاٰى فِي النَّوْمِ مَا يَكْرَهُ

وہ دعا کہ بُرا خواب دیکھنے کے وقت پڑھی جائے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ وَشَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا۔

پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی شیطان سے اور اس خواب کی بُرائی سے

ثلث مرات وليبصق عن يساره ثلثا وليتحول

اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے اور بائیں طرف تین بار تھتکار دے اور کروٹ

عن جنبه الذى كان عليه ولا يذكرها لاحد

بدل لے اور کسی سے وہ خواب بیان نہ کرے

Marfat.com

مَا يُقَالُ اِذَا فَزِعَ اَوْ وَجَدَ وَحْشَةً اَوْ اَرِقَ

دہ دُعا جو پڑھی جائے چونکنے کے یا دحشت کے یا بیخوابی کے وقت

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ

پناہ پکڑتا ہوں میں خدا تعالیٰ کی پکّی باتوں کی اس کے غُصّہ اور اُس کے عذاب سے اور اُس کی

عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۞

مخلوق کی برائی سے اور شیطانوں کی چھیڑ سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں

اِذَا انْتَبَهَ مِنَ النَّوْمِ

سوتے سے جب اُٹھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں زندہ کیا بعد مار دینے کے اور اُسی کی طرف اُٹھنا ہے

اِذَا اَرَادَ دُخُوْلَ الْخَلَآءِ

جب پاخانے میں جانا چاہے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ یا اللہ میں پناہ پکڑتا ہوں آپ کے گندے مردوں اور گندی عورتوں سے

اِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَآءِ

جب پاخانے سے نکلے

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَذْهَبَ عَنِّى الْاَذٰى وَعَافَانِىْ

بخشش چاہتا ہوں میں آپ کی شکر ہے اللہ کا جس نے دُور کر دی مجھ سے گندگی اور صحت دی مجھ کو

اِذَا شَرَعَ فِى الْوُضُوْءِ

جب وضو شروع کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

بسم اللہ پڑھے

۞ یعنی شیطان مذکر ومونث سے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے ۱۲ مترجم

Marfat.com

يَقُولُ فِي اَثْنَاءِ وُضُوْءِهٖ

وضو کے درمیان میں پڑھے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَ

یا اللہ بخش دے میرے گناہ اور کشایش دیجئے مجھے میرے گھر میں اور

بَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ

برکت دیجئے میری روزی میں

اِذَا فَرَغَ مِنْ وُضُوْءِهٖ

جس وقت وضو کر چکے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ

دل سے اقرار کرتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اکیلا ہے وہ نہیں ہے کوئی شریک اس کا

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

اور اقرار کرتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندے اس کے ہیں اور رسول اس کے، یا اللہ کر دیجئے مجھے

مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

توبہ کرنے والوں میں سے اور کر دیجئے مجھے پاک صاف لوگوں میں سے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ

پاکی بیان کرتا ہوں میں آپ کی اے اللہ اور حمد کرتا ہوں آپ کی، دل سے اقرار کرتا ہوں میں کہ نہیں ہے

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ ٭

کوئی معبود سوائے آپ کے بخشش چاہتا ہوں آپ سے اور توبہ کرتا ہوں آپ کے سامنے

اِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ

جب تہجد کے لئے اٹھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

اے اللہ واسطے آپ ہی کے ہے تعریف آپ ہی ہیں قائم رکھنے والے آسمانوں کے اور زمینوں کے اور

Marfat.com

مَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَ

اُن کے جو اُن میں ہیں اور آپ ہی کے لئے حمد ہے آپ ہی بادشاہ ہیں آسمانوں اور

الْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمٰوٰتِ

زمینوں کے اور اُن کے جو اُن میں ہیں اور آپ ہی کے لئے حمد ہے آپ ہی منور کرنے والے ہیں

وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ وَ

آسمانوں اور زمینوں کے اور جو اُن میں ہیں اور آپ ہی کے لئے حمد ہے آپ برحق ہیں اور

وَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَّقَوْلُكَ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ

وعدہ آپ کا برحق ہے اور حضوری آپ کے سامنے برحق ہے اور ارشاد آپ کا برحق ہے اور جنت

حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ وَّالنَّبِيُّونَ حَقٌّ وَّمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّ

برحق ہے اور دوزخ برحق ہے اور سب نبی برحق ہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) برحق ہیں اور

السَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ

قیامت برحق ہے یا اللہ آپ ہی کا فرمانبردار ہوں میں اور آپ ہی پر ایمان لایا

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ

ہیں اور آپ ہی پر بھروسہ رکھتا ہوں میں اور آپ ہی کی طرف رجوع کرتا ہوں میں اور آپ ہی کے زور پر

وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ أَنْتَ رَبُّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

مقابل ہوتا ہوں میں مخالفین دین کے اور آپ ہی کی طرف فیصلہ لاتا ہوں میں آپ ہی ہیں رب ہمارے اور آپ ہی کی طرف

فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ

لوٹنا ہے پس بخش دیجئے جو کچھ میں نے آگے کیا ہو اور جو کچھ پیچھے کیا ہو اور جو کچھ پوشیدہ کیا ہو اور

وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ أَنْتَ

جو کچھ ظاہر کیا ہو اور جس کو آپ زیادہ جانتے ہوں مجھ سے آپ ہی آگے

الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ أَنْتَ إِلٰهِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا

بڑھانے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے ہٹانے والے ہیں آپ ہی ہیں معبود میرے نہیں کوئی معبود سوائے

Marfat.com

اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
آپ کے اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ قوت عبادت کی مگر ساتھ اللہ کے

اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ
جس وقت گھر سے نکلے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ
خدا کے نام کے ساتھ خدا پر بھروسہ کیا مَیں نے

اِذَا خَرَجَ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ
جس وقت صبح کی نماز کے لئے نکلے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِىْ قَلْبِىْ نُوْرًا وَّفِىْ لِسَانِىْ نُوْرًا وَّفِىْ
یا اللہ کردیجئے میرے دل میں نور اور میری زبان میں نور اور میری

بَصَرِىْ نُوْرًا وَّفِىْ سَمْعِىْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِىْ نُوْرًا وَّ
بینائی میں نور اور میری سماعت میں نور اور میرے داہنے نور اور

عَنْ شِمَالِىْ نُوْرًا وَّخَلْفِىْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّىْ نُوْرًا
میرے بائیں نور اور میرے پیچھے نور اور کردیجئے میرے لئے ایک خاص نور

وَّفِىْ عَصَبِىْ نُوْرًا وَّفِىْ لَحْمِىْ نُوْرًا وَّفِىْ دَمِىْ نُوْرًا
اور میرے پٹھوں میں نور اور میرے گوشت میں نور اور میرے خون میں نور

وَّفِىْ شَعْرِىْ نُوْرًا وَّفِىْ بَشَرِىْ نُوْرًا وَّفِىْ لِسَانِىْ
اور میرے بال میں نور اور میری کھال میں نور اور میری زبان میں

نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِىْ نَفْسِىْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِىْ نُوْرًا
نور اور کردیجئے میری جان میں نور اور بڑا دیجئے مجھ کو نور

وَّاجْعَلْنِىْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِىْ نُوْرًا وَّمِنْ
اور کردیجئے مجھ کو سراپا نور اور کردیجئے اوپر میرے نور اور

Marfat.com

تحتی نورا اللھم اعطنی نورا

نیچے میرے نور یا اللہ دیجئے مجھے نور خاص

اذا دخل المسجد

جب مسجد میں داخل ہو

اللھم افتح لی ابواب رحمتك

یا اللہ کھول دیجئے میرے لیئے دروازے اپنی رحمت کے

اذا خرج من المسجد

جب مسجد سے نکلے

اللھم انی اسألك من فضلك

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے آپ کا فضل

یقول بعد الاذان

بعد اذان کے پڑھے

اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ

اے اللہ مالک اس کامل اعلان کے اور مستقیم نماز کے

ات محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما

دینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام وسیلہ اور فضیلت اور برپا کرنا آپ کو مقام

محمودا الذی وعدتہ انك لا تخلف المیعاد

محمود میں جس کا وعدہ آپ نے ان سے کیا ہے کیونکہ آپ نہیں خلاف کرتے وعدہ کے

اذا فرغ من صلاتہ مسح بیمینہ علی راسہ وقال

جب نماز پڑھ چکے تو اپنے سر پر داہنا ہاتھ پھیرے اور یہ پڑھے

بسم اللہ الذی لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم

اللہ کے نام کے ساتھ وہ اللہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوا اسکے بخشش والا مہربان ہے وہ

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

یا اللہ دُور کر دیجئے مجھ سے فکر اور غم

دُبُرَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ

بعد نماز صبح اور مغرب کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ

نہیں ہے کوئی معبود سوا اللہ کے، اکیلا ہے وہ نہیں کوئی شریک اُس کا۔ اُسی کا ملک ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ

اُسی کے لئے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اسی کے ہاتھ میں ہے بھلائی اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۞ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ

ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ پناہ دیجئے مجھے

مِنَ النَّارِ ۞ (سبع مراتٍ من اللهم)

دوزخ سے (لفظ اللہم اجرنی من النار کو سات مرتبہ پڑھے)

بَعْدَ صَلٰوةِ الضُّحٰى

بعد نماز چاشت کے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ

اے اللہ تیرے ہی سہارے چلتا پھرتا ہوں میں اور تیرے ہی بھروسہ (مخالفینِ دین پر) حملہ کرتا ہوں میں اور تیرے ہی (بھروسہ پر لڑتا ہوں)

اِذَا اَفْطَرَ

جب روزہ افطار کر چکے

ذَهَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ

جاتی رہی پیاس اور تر ہوگئیں رگیں اور ثابت ہوگیا اجر

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۞

انشاء اللہ تعالیٰ

Marfat.com

اِذَا اَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ

جب کسی گروہ کے پاس روزہ افطار کرے

اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ

افطار کیا کریں تمہارے یہاں روزہ دار لوگ اور کھایا کریں تمہارے کھانے کو نیک اشخاص

وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ

اور رحمت کی دعا کیا کریں تمہارے لئے فرشتے

اِذَا شَرَعَ فِی الْاَکْلِ

جب کھانا شروع کرے

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَةِ اللّٰہِ

خدا کے نام سے اور اللہ تعالیٰ کی برکت کے ساتھ

اِذَا فَرَغَ مِنَ الْاَکْلِ

جب کھانا کھا چکے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور کیا ہمیں مسلمانوں میں سے

اِنْ اَکَلَ مِنْ طَعَامِ الدَّعْوَةِ

اگر دعوت کا کھانا کھائے

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَّنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

یا اللہ کھانا دے اس کو جس نے مجھے کھانا کھلایا اور پانی دے اس کو جس نے مجھے پانی پلایا

اِذَا لَبِسَ شَیْئًا

جب کوئی لباس پہنے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ

شکر ہے اللہ کا جس نے مجھ کو ایسا لباس پہنایا کہ ڈھانکتا ہوں میں اس سے

Marfat.com

عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ

اپنا ستر اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنی زندگی میں

دُعَاءُ الْاِسْتِخَارَةِ

استخارہ کی دُعا

اذا هم بامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضة ثم

جب کسی کام کا ارادہ کرے تو چاہیئے کہ دو رکعت نفل ادا کرے پھر یہ دُعا

لیقل اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

پڑھے یا اللہ میں خیر چاہتا ہوں آپ سے بوجہ آپ کے علم کے اور قدرت طلب کرتا

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ

ہوں آپ سے بوجہ آپ کی قدرت کے اور مانگتا ہوں میں آپ سے آپکے بڑے فضل میں سے کیونکہ آپ

تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ

قادر ہیں اور میں قادر نہیں اور آپ عالم ہیں اور میں عالم نہیں اور آپ

عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا

علام الغیوب ہیں یا اللہ اگر ہو علم میں آپ کے کہ یہ

الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

کام بہتر ہے میرے لئے میرے دین میں اور میری معاش میں اور میرے انجام کار میں

فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ

تو تجویز کر دیجئے اور آسان کر دیجئے اُسکو میرے لئے پھر برکت دیجئے میرے لئے اس میں اور اگر ہو

كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ

علم میں آپ کے کہ یہ کام بُرا ہے میرے لئے میرے دین میں اور

مَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ

میری معاش میں اور میرے انجام کار میں تو ہٹا دیجئے اُس کو مجھ سے اور ہٹا دیجئے مجھ کو

ے یہاں مطلب کا تصور کرے ۱۲ ع یہاں اپنے مطلب کا تصور کرے ۱۲

Marfat.com

عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ

اُس سے اور نصیب کر دیجئے مجھے بھلائی جہاں کہیں بھی ہو پھر راضی رکھئے مجھکو اُس پر

دُعَاءُ حِفْظِ الْقُرْاٰنِ

قرآن شریف حفظ کرنے کی دُعا ۱۲

من اراد حفظ القراٰن فاذا کانت لیلة الجمعة فلیقم

جو کوئی قرآن شریف حفظ کرنا چاہے تو جب جمعہ کی رات ہو چاہیئے کہ رات کے

فی ثلث اللیل الاٰخر فان لم یستطع فلیقم فی

اخیر تہائی حصہ میں اُٹھے اگر یہ نہ کر سکے تو آدھی رات کو

وسطها فان لم یستطع فلیقم فی اولها فلیصل

اُٹھے اگر یہ بھی نہ کر سکے تو اول ہی شب میں کھڑا ہو اور چار رکعت

اربع رکعات یقرأ فی الرکعة الاولیٰ بفاتحة الکتاب

نماز پڑھے پہلی رکعت میں پڑھے الحمد اور

وسورة یٰسٓ وفی الرکعة الثانیة بفاتحة الکتاب و

سورۂ یٰسٓ اور دوسری رکعت میں الحمد اور

حٰمٓ الدخان وفی الرکعة الثالثة بفاتحة الکتاب و

سورۂ دخان اور تیسری رکعت میں الحمد اور

الٓمٓ تنزیل السجدة وفی الرکعة الرابعة بفاتحة الکتاب

الم سجدہ اور چوتھی رکعت میں الحمد اور

وتبارك المفصل فاذا فرغ من التشهد حمد الله و

سورۂ مُلک پھر جب نماز پڑھ چکے تو اللہ تعالیٰ کی خوب ثنا ۱ و

احسن الثناء علی الله وصلّ علی النبیّ صلی الله

صفت کرے اور خوب درود بھیجے پیغمبر صلی اللہ علیہ و

ع۱ مثلاً یوں کہے اَللّٰهُمَّ لَآ اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ ۱۲

ع۲ مثلاً یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْهَاشِمِیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهِ الْبَرَرَةِ الْكِرَامِ وَعَلٰی سَائِرِ النَّبِیِّیْنَ ۱۲

Marfat.com

علیه وآلہٖ وسلّم ولیحسن وعلیٰ سائر النبیین و

آلہ وسلم پر اور خوب اور تمام نبیوں پر اور

استغفر[ع] للمؤمنین والمؤمنات ولاخوانه الذین

استغفار کرے تمام مومنین اور مومنات کے لئے اور اپنے اُن بھائیوں کے لئے جو

سبقوه بالایمان ثم لیقل فی اٰخر ذٰلك ✣ اَللّٰھُمَّ

ایمان میں اُن سے پہلے ہیں پھر بعد اس کے یہ دُعا پڑھے یا اللہ

ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ

رحم کیجئے مجھ پر گناہوں کے چھوٹ جانے کے ساتھ ہمیشہ کیلئے جب تک کہ زندہ رکھیں آپ مجھکو اور رحم کیجئے

اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ

مجھ پر اس سے کہ خواہ مخواہ کروں میں وہ کام کہ فائدہ نہ دے مجھکو اور نصیب کیجئے مجھے اچھی نگاہ اعمال میں کہ

فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

راضی کر دیں آپ کو مجھ سے یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ

عظمت اور بزرگی والے اور ایسے غلبہ والے جس تک کسی کی دسترس نہ ہو، سوال کرتا ہوں میں

یَآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ

آپ سے اے اللہ اے رحمٰن طفیل آپ کی عظمت کے اور آپ کی ذات پُرنور کے یہ کہ چسپاں کر دیں

قَلْبِیْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَقْرَاَهٗ

آپ میرے دل سے اپنی کتاب کی یادداشت کو جس طرح کہ سکھائی ہے وہ آپ نے مجھے اور نصیب کیجئے مجھے یہ کہ پڑھا

عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ

کروں اسے ایسے طریق پر کہ راضی کر دے آپ کو مجھ سے، اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ

اور زمین کے عظمت اور بزرگی والے اور ایسے غلبہ والے جس تک

[ع] اس کا لفظ خود قرآن شریف میں ہے اور وہ یہ ہے رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۱۲

Marfat.com

لَا تُرَامُ اَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ

کسی کی دسترس نہ ہو۔ سوال کرتا ہوں میں آپ سے اے اللہ اے رحمٰن بطفیل آپ کی عظمت کے اور آپکی

وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ

ذات کے نور کے یہ کہ روشن کر دیں آپ اپنی کتاب سے میری بینائی اور یہ کہ رواں کر دیں آپ اس سے

لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ

میری زبان کو اور یہ کہ کشادہ کر دیں آپ اس سے میرے دل کو اور یہ کہ کھول دیں آپ اس سے

صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ

میرے سینہ کو اور یہ کہ دھو دیں آپ اس سے میرے بدن کو کیونکہ نہیں مدد کر سکتا ہے میری

عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا

امر حق پر کوئی سوائے آپ کے اور نہ عطا کرتا ہے اس امر حق کو کوئی سوائے آپکے اور نہیں ہے

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

پھرنا گناہ سے اور نہ قوت عبادت کی مگر ساتھ اللہ برتر اور بزرگ کے

يَقُوْلُ لِمَنْ تَزَوَّجَ

جس کی شادی ہوئی ہو اُس سے کہے

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ

برکت دے اللہ تجھ کو اور برکت نازل کرے تجھ پر اور ملاپ رکھے تم دونوں میں ساتھ خیر کے

اِذَا اجْتَمَعَ بِامْرَاَتِهٖ اَوَّلَ مَرَّةٍ اَوِ اشْتَرٰى رَقِيْقًا

جس وقت عورت کے ساتھ اول بار خلوت کرے یا غلام خریدے

اَوْ دَابَّةً فَلْيَأْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا وَلْيَقُلْ

یا جانور خریدے تو چاہئے کہ اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا جَبَلْتَهَا

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اس کی اور بھلائی اس کی جبلی عادتوں کی

Marfat.com

عَلَيۡهِ وَاَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّهَا وَشَرِّمَا جَبَلۡتَهَا عَلَيۡهِ

اور پناہ چاہتا ہوں میں آپ کی اُس کی بُرائی سے اور اُس کی جبلی عادتوں کی بُرائی سے

اِذَا اَرَادَ الۡجِمَاعَ

جس وقت ہمبستری کا ارادہ کرے

بِسۡمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبۡنَا الشَّيۡطَانَ وَجَنِّبِ

خدا کے نام کے ساتھ یا اللہ دُور رکھیئے ہم کو شیطان سے اور دُور رکھیے

الشَّيۡطَانَ مَا رَزَقۡتَنَا

شیطان کو اُس بچہ سے جو نصیب کریں آپ ہم کو

وَاِذَا اَنۡزَلَ يَقُوۡلُ فِيۡ قَلۡبِهٖ

اور جس وقت انزال ہو تو اپنے دل میں کہے

اَللّٰهُمَّ لَا تَجۡعَلۡ لِلشَّيۡطَانِ فِيۡمَا رَزَقۡتَنِيۡ نَصِيۡبًا

یا اللہ نہ کرنا شیطان کے لئے اس بچہ میں جو نصیب کریں آپ ہمیں کوئی حصہ

اِذَا وَدَّعَ اَحَدًا يَقُوۡلُ لَهٗ

جب کسی کو رخصت کرے تو اُس کو یہ دُعا دے

اَسۡتَوۡدِعُ اللّٰهَ دِيۡنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيۡمَ عَمَلِكَ

اللہ کے سپرد کرتا ہوں میں تیرے دین کو اور تیرے قابل حفاظت چیزوں کو اور تیرے اعمال کے انجاموں کو

اِذَا اَرَادَ سَفَرًا

جب کسی سفر کا ارادہ کرے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوۡلُ وَبِكَ اَحُوۡلُ وَبِكَ اَسِيۡرُ

اے اللہ آپ ہی کی مدد سے حملہ کرتا ہوں میں اور آپ ہی کی مدد سے پھرتا ہوں میں اور آپ ہی کی مدد سے چلتا ہوں میں

اِذَا وَضَعَ رِجۡلَهٗ فِي الرِّكَابِ بِسۡمِ اللّٰهِ

جب پیر رکاب میں رکھے بسم اللہ کہے

اِذَا اسْتَوٰی عَلٰی ظَهْرِ الدَّآبَّۃِ

جب سواری پر اچھی طرح بیٹھ جائے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا

شکر ہے اللہ کا پاکی ہے اُس کو جس نے ہمارے قبضہ میں کر دیا اُس کو اور نہ تھے ہم

لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

اُس کو قابو میں کرنے والے اور ہم اپنے پروردگار کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں

اِذَا شَرَعَ فِی السَّفَرِ

جب چلنا شروع کرے

اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا ھٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِعَنَّا بُعْدَہٗ

اے اللہ آسان کر دیجئے ہم پر اس سفر کو اور طے کر دیجئے ہم پر درازی اس کی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی

اے اللہ آپ ہی رفیق ہیں سفر میں اور خبر گیراں ہیں گھر بار

الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ

میں یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی سفر کی مشقت سے

وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ

اور بُری حالت دیکھنے سے اور واپس آکر بُری حالت پانے سے مال میں

وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ

اور گھر میں اور بچوں میں

اِذَا رَجَعَ مِنَ السَّفَرِ قَالَھُنَّ وَزَادَ فِیْھِنَّ

جب سفر سے لوٹے دعا مذکور پڑھے اور یہ اور زیادہ کرے

اٰیِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ ٭

ہم سفر سے آنیوالے ہیں توبہ کرنیوالے ہیں عبادت کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی حمد کرنیوالے ہیں

Marfat.com

اِذَا رَكِبَ الْبَحْرَ

جب کشتی میں سوار ہو

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

خدا تعالےٰ کے نام سے ہے چلنا اس کا اور ٹھہرنا اُس کا بیشک رب میرا غفور رحیم ہے

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا

اور نہیں سمجھے لوگ اللہ کو حق سمجھنے کا اور زمین ساری ایک مٹھی

قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ

اس کی ہے قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہوئے ہیں

بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

اُس کے ہاتھ میں پاک ہے وہ اور برتر ہے اُس سے کہ شریک پکڑتے ہیں

اِذَا اَرَادَ دُخُوْلَ بَلْدَةٍ

جب کسی شہر کے اندر جانا چاہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهَا (ثلثا) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَ

یا اللہ برکت دیجئے ہمیں اس شہر میں (اسکو تین بار پڑھے) یا اللہ نصیب کیجئے ہمیں ثمرات اس کے اور

حَبِّبْنَا اِلٰى اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَا اِلَيْنَا

عزیز کر دیجئے ہمیں اہل شہر کے نزدیک اور محبت دیجئے ہمیں اہل شہر کے نیک لوگوں کی

اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

جب کسی منزل میں اترے پناہ میں آتا ہوں میں خدا تعالیٰ کی کامل باتوں کی تمام مخلوق کی برائی سے

يُعَلِّمُ مَنْ اَسْلَمَ

جو کوئی نیا مسلمان ہو اسے یہ تعلیم کرے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ بخش دیجئے مجھے اور رحم کیجئے مجھ پر اور ہدایت کیجئے مجھے اور رزق دیجئے مجھے

Marfat.com

اِذَا دَخَلَ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنَ السَّفَرِ

جب اپنے گھر میں سفر سے آئے

تَوْبًا تَوْبًا لِرَبِّنَآ اَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا

بہت بہت توبہ کرتے ہیں ہم اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہیں ہم نہ چھوڑے ہم پر کوئی گناہ

مَنْ نَزَلَ بِهٖ كَرْبٌ اَوْ تَوَقَّعَهٗ يَقُوْلُ

جس پر کوئی مصیبت آن پڑے یا آنے کا اندیشہ ہو تو کہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

کافی ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز ہے اللہ پر توکل کیا ہم نے

اِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُ

اگر کوئی مصیبت پہنچے تو کہے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ

بیشک ہم اللہ کے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ آپکے پاس ثواب مانگتا ہوں میں

مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا

اپنی مصیبت کا پس اجر دینا مجھے اس میں اور بدلہ میں دیجئے مجھے بہتر اس سے

اِذَا خَافَ ظَالِمًا

جب کسی ظالم کا خوف ہو

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَجْعَلُكَ فِيْ

یا اللہ کافی ہو جائے ہم کو اُس کے مقابلہ میں جس طرح آپ چاہیں، اے اللہ میں کرتا ہوں آپ کو مقابلہ

نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

میں اُن کے اور پناہ چاہتا ہوں آپ کی اُن کی بدی سے

اِذَا تَغَوَّلَتِ الْغِيْلَانُ نَادٰى بِالْاَذَانِ

جب کہیں بھوت پریت نظر آویں اذان کہے

Marfat.com

إِنِ اسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ أَمْرٌ

اگر کوئی کام دشواری میں پڑ جائے

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَّ أَنْتَ

یا اللہ نہیں ہے سہل مگر وہ کہ آپ نے اس کو سہل کیا اور آپ

تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَهْلًا إِذَا شِئْتَ

کر دیتے ہیں دشوار کو سہل جب آپ چاہیں

مَنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ فَلْيَقُلْ بَعْدَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ

جس کو کچھ حاجت ہو وہ وضو کرکے نماز پڑھے اور یہ دعا کرے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے اور متوجہ ہوتا ہوں آپ کی طرف بذریعہ آپ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

الرَّحْمَةِ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِيْ فَشَفِّعْهُ فِيَّ

کے جو رحمت کے نبی ہیں اپنی اس حاجت میں تاکہ پوری ہو جائے پس قبول کیجئے شفاعت ان کی میرے حق میں

عہ اختصر تہ لان النداء الوارد فیہ لا دلیل علی بقائہ بعد حیاتہ علیہ السلام ۱۲ منہ

إِذَا أَذْنَبَ وَأَرَادَ أَنْ يَّتُوْبَ

جب کوئی گناہ ہو جائے اور توبہ کرنا چاہے

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ أَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ وَرَحْمَتُكَ

یا اللہ مغفرت آپ کی زیادہ وسیع ہے میرے گناہوں سے اور رحمت آپ کی زیادہ

أَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ (ثلثا)

امید کی چیز ہے میرے نزدیک اپنے عمل سے (تین بار پڑھے)

إِذَا قَحَطُوْا مَطَرًا

جب بارش نہ ہوئی ہو

اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا (ثلثا) اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا (ثلثا)

یا اللہ پانی پلا دیجئے ہم کو (تین بار کہے) یا اللہ مینہ برسائیے ہم پر (تین بار کہے)

Marfat.com

اِذَا رَاَی سَحَابًا مُّقْبِلًا

جب بادل آتا دیکھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ

یا اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں آپ کی اُس چیز کی بُرائی سے جس کو لے کر یہ بھیجا گیا ہو

اِذَا رَاَی الْمَطَرَ

جب بارش آتی دیکھے

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا

یا اللہ برسانا مینہ مفید

اِذَا کَثُرَ الْمَطَرُ وَخِیْفَ الضَّرَرُ

جب بارش زیادہ ہو جائے اور نقصان کا اندیشہ ہو

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْاٰجَامِ

یا اللہ برسایئے آس پاس ہمارے اور ہمارے اوپر نہیں یا اللہ ٹیلوں پر اور نیستانوں پر

وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

اور پہاڑوں پر اور نالوں پر اور درختوں کے موقعوں پر

اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ

جب گرج اور کڑک سُنے

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِكَ وَ

یا اللہ نہ ماریئے ہمیں اپنے غصّے سے اور نہ ہلاک کیجئے ہمیں اپنے عذاب سے اور

عَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ اَوْ یَقُوْلُ سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ

معافی دیجئے ہمیں پہلے اس سے یا یہ دُعا پڑھے پاک ہے اُس کو کہ تسبیح کرتا ہے رعد اُس کی

الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِکَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ

